REPORT RESUMES

ED 010 461 48

A SECOND YEAR URDU READER.

BY- KHAN, MASUD H. AZIM, ABDUL
UNIV. OF CALIF., BERKELEY CAMPUS, INST. OF INT. STUDIES

REPORT NUMBER NDEA-VI-361 PUB DATE 62
EDRS PRICE MF-$0.36 HC-$8.20 205P.

DESCRIPTORS- *URDU, MODERN LANGUAGES, *READING INSTRUCTION, READING COMPREHENSION, *TRANSLATION, *GLOSSARIES, *READING MATERIALS, BERKELEY, CALIFORNIA

A READER IN MODERN URDU PROSE IS PROVIDED FOR STUDENTS WHO ALREADY HAVE A BASIC COMMAND OF PAKISTANI URDU GRAMMAR, SPEECH, AND ALPHABET. FIVE SHORT STORIES ARE INCLUDED. A BRIEF INTRODUCTION DEALING WITH EACH AUTHOR PRECEDES EACH SHORT STORY. TO FACILITATE TRANSLATION, EACH STORY IS PROVIDED WITH A GLOSSARY AND A SET OF NOTES EXPLAINING DIFFICULT IDIOMATIC CONSTRUCTIONS. DRILLS ARE ADDED TO PROVIDE PRACTICE IN WRITING AND IN CONVERSATION. (GD)

ED010461

361

U. S. DEPARTMENT OF HEALTH, EDUCATION AND WELFARE
Office of Education
This document has been reproduced exactly as received from the person or organization originating it. Points of view or opinions stated do not necessarily represent official Office of Education position or policy.

A SECOND YEAR URDU READER

by

Masud Husain Khan

and

Abdul Azim

Prepared pursuant to a contract
with the United States Office of
Education, Department of Health,
Education, and Welfare

Center for South Asia Studies
Institute of International Studies
University of California, Berkeley

1962

INTRODUCTION

1. General

This reader contains an introduction to modern Urdu prose for students who already have a basic command of grammar, of the spoken language, and of the Urdu alphabet. The five short stories presented here have been selected from some of the best-known writers of modern Urdu literature. Their stories are marked both by simplicity of language and by literary excellence. To enhance a student's appreciation a brief introduction in English in regard to each author, his work in general, and selected stories in particular precedes the text of the stories.

To facilitate translation each story is provided with a glossary containing some of the more typical Urdu terms and a set of notes explaining difficult idiomatic constructions. Drills have been added to provide practice in writing and in conversation.

2. Transcription

The transcription used in the glossary and notes follows that employed in John J. Gumperz and C.M. Naim, Urdu Reader (Berkeley: University of California, ASUC Bookstore, 1960), with the following exceptions:

The double vowel symbols "ɛɛ" and "ɔɔ" represent the vowel sounds in ہے , hɛɛ "is" (Gumperz and Naim hai); and اور , ɔɔr "and" (Gumperz and Naim aur) respectively. "ğ" is used for the initial consonant in غریب , ğariib "poor" (Gumperz and Naim g̣ariib).

Letters of the Urdu alphabet which do not represent distinct sounds in ordinary speech are rendered by the following transliteration symbols:

ʔ	ع				
ḥ	ح				
ṭ	ط				
ẓ	ظ	z̈	ض	z̲	ذ
		s̈	ص	s̲	ث

The final -an of a few words of Arabic origin is represented in the writing by an "alif" with a raised "tanviin". The ^{an} of this type has been slightly raised in transcription.

Examples:

javaab^{an}	"in answer"	جواباً
ʔaadat^{an}	"from habit"	عادتاً

The infix -al-, -ul- (< Arabic article "al") is used to join two Arabic words. Though this infix becomes the central part of a compound word, it is written as if it were the beginning of a word and hence its "alif" is not dropped. In transcription this infix has been set off by hyphens.

raqiiq-ul-qalb	"tenderhearted"	رقیق القلب
bi-al-kul	"completely, absolutely"	بالکل

The final -aa of a few Arabic nouns and adjectives is indicated by a combination of the letters "alif" and "yee" where the former is placed slightly above the latter. This irregular ^{aa} has been slightly raised in transcription.

ḥatt^{aa}	"until"	حتیٰ
daʔv^{aa}	"claim"	دعویٰ

Two Persian or Arabic words can form a compound word if the first one takes the "ižaafat". In most cases the "ižaafat" is indicated by placing a "zeer" below the last letter of the first word. However, if the first word ends in an -aa or in a -uu, the "ižaafat" is represented by the combination of the letters "hamzah" and "baRii yee" where the former is placed over the latter. The letter "hamzah" alone is placed over the final "hee" if the word ending -ah takes the "ižaafat".

To represent the actual pronunciation, the "iżaafat" has been transcribed as -e-.

naqš-e-qadam	"footstep"	نقشِ قدم
qaabil-e-diid	"worth seeing"	قابلِ دید
zaad-e-raah	"necessities for the trip"	زادِ راہ
jaa-e-panaah	" a place of refuge"	جائے پناہ
suu-e-ittifaaq	"by chance"	سوئے اتفاق
kuucah-e-yaar	"the lane of the beloved"	کوچۂ یار

The letter "vaaoo" serves as a conjunction between two members of a compound word. It is written as if it were a separate word and thus is not joined to the preceding letter. Taking its pronunciation into account, the conjunction is transcribed as -o-.

šaan-o-šookat	"pomp and grandeur"	شان و شوکت
xariid-o-farooxt	"buying and selling"	خرید و فروخت
jooš-o-xarooš	"excitement, enthusiasm"	جوش و خروش
aah-o-zaarii	"lamentation"	آہ و زاری

The vowel of certain Persian words indicated by the letter "vaaoo" is pronounced as "u" in Urdu. An additional (u) in parentheses has been used in transliteration to indicate the use of "vaaoo" in the aforesaid words.

xu(u)d "self" خود xu(u)š "happy" خوش

3. Pronunciation

The rules that follow do not discuss the pronunciation of basic consonants and vowels in Urdu. A good description of basic Urdu sounds can be found in Gumperz (and others), Conversational Hindi-Urdu (Berkeley: University of California, ASUC Bookstore, 1962).

The letter "ḥ" is pronounced as "h"; "ṭ" is pronounced as "t"; the letters "ẓ,z̈,z̲" are pronounced as "z"; and "s̈,s̲" are pronounced as "s".

Examples:

ḥaasid	"jealous"	[haasid]	حاسد
ṭaviil	"long"	[taviil]	طویل
ẓulm	"oppression"	[zulm]	ظلم
z̈aruurii	"necessary"	[zaruurii]	ضروری
z̲arrah	"a particle"	[zarraa]	ذرّہ
s̈adii	"century"	[sadii]	صدی
s̲aalis̲	"mediator"	[saalis]	ثالث

The vowels "i" and "u" are phonetically realized as "e" and "o" respectively before the letters "h,ḥ or ʔ".

z̲ihniyat	"mentality"	[zehniyat]	ذہنیت
miḥnat	"labor"	[mehnat]	محنت
vaaqiʔah	"happening"	[vaaqe-aa]	واقعہ

zuhrah	"the planet Venus"	[zohraa]	زہرة
muḥaavrah	"habit"	[mohaavraa]	محاورة
du?aa	"prayer, blessing"	[do-aa]	دعا

Exception:

Before the past participle suffix -aa, the "i" of verbal roots ending in -ih is turned to "a".

rih "live" + infinitive -naa > rihnaa [rehnaa]
+ present ppl. -taa > rihtaa [rehtaa]
+ past ppl. -aa > rahaa [rahaa]

If the letter "h" in the final position of a word is preceded by a short vowel, it is dropped with the lengthening of that vowel.

When the "h" is to be pronounced in this position, it is indicated by writing the letter "h" twice.

kunbah	"family"		[kunbaa]	کُنبة
yih	"this"	(*yeh)	[yee]	یة
vuh	"that"	(*voh)	[voo]	وة
tahh	"ground"		[tah]	تہة

Exceptions:

(1) All verbal roots ending "h", even when used as separate words, retain "h". This is clearly indicated by doubling the letter "h" if the preceding letter is a connector. However, in case

of a preceding non-connector, doubling of "h" is not possible and hence the writing becomes ambiguous.

kihh	"say!"		[keh]	کہہ
rih	"live!"		[reh]	رہ

(2) Though the final -h is dropped, it does not lengthen the preceding short vowel of certain monosyllabic words.

nah	"no, not"		[na]	نہ
bah	"with"		[ba]	بہ
kih	"that"	(*keh)	[ke]	کہ

(3) The short vowel "a" is never prolonged if a word ending -ah takes the "iẑaafat".

kaasah-e-gadaaii	[kaasa-e-gadaaii]	
"a beggar's bowl"		کاسۂ گدائی

(4) The word mũh "face" which should be phonetically realized as (*mõh) *mõõ, is actually pronounced as [mũũ]. منہ

Though the sound of the Arabic consonant "ʔɛɛn" is always dropped in Urdu, it serves the important function of being the marker of syllable division within a word.

If the "ʔɛɛn" before a consonant or in the final position of a word follows a short vowel, that vowel is phonetically realized as long.

ˀimaarat	"building"	[imaarat]	عمارت
ˀumr	"age"	[umr]	عمر
ˀalaamat	"symbol"	[alaamat]	علامت
ˀɔɔrat	"woman"	[ɔɔrat]	عورت
šuruuˀ	"beginning"	[šuruu]	شروع
saaˀat	"moment"	[saa-at]	ساعت
inˀaam	"reward"	[in-aam]	انعام
muˀaaf	"forgiven" (*moˀaaf)	[mo-aaf]	معاف
saˀaadat	"good fortune"	[sa-aadat]	سعادت
maˀluum	"known"	[maaluum]	معلوم
ruˀb	"fear" (*roˀb)	[roob]	رعب
iˀtiqaad	"faith"(*eˀtiqaad)	[eetiqaad]	اعتقاد
manaˀ	"forbidding"	[manaa]	منع

If a "v" is preceded by a "u", it is phonetically realized as a "w".

Moreover, a consonant, initial in a word or in a syllable, turns the following non-final "v" into a "w".

dhuvãã	"smoke"	[dhuwãã]	دھواں
muvaa	"dead, vile"	[muwaa]	موا
xvaahiš	"desire"	[xwaahiš]	خواہش
tan-xvaah	"salary"	[tanxwaah]	تنخواہ
it-vaar	"Sunday"	[itvaar]	اتوار
mahv	"absorbed"	[mahv]	محو

(Many speakers of Urdu in the eastern part of U.P. and in Bihar use "w" for "v" in all environments.)

An "i" after "aa", if followed by another syllable, is phonetically realized as "e".

daaim	"eternal"	[daaim]	دائم
daaimii	"permanent"	[daaemii]	دائمی
šaaˀir	"poet"	[šaa-ir]	شاعر
šaaˀirii	"poetry"	[šaa-erii]	شاعری
kaainaat	"universe"	[kaaenaat]	کائنات
daairah	"circle"	[daaeraa]	دائرہ

After a consonant, the Arabic article "al" becomes "ul" in Urdu.

The "l" of this article is assimilated to the following dental consonant.

When "al" follows a vowel, it loses its own vowel, and it also shortens the preceding vowel if that vowel is long.

al-amaan!	"mercy! spare me"	[alamaan]	الامان!
faariğ-ul-baal	"free from care"	[faariğulbaal]	فارغ البال
daar-ul-xilaafah	"capital"	[daarulxilaafaa]	دار الخلافۃ
daar-ul-tarjumah	"the center of translation"	[daaruttarjumaa]	دار الترجمۃ
ğariib-ul-diyaar	"a foreigner, stranger"	[ğariibuddiyaar]	غریب الدیار
ˀabd-ul-sattaar	"the servant of the one who veils (i.e. of God)	[abdussattaar]	عبد السّتار
bi-al-aaxir	"at last"	[bilaaxir]	بالآخر
fii-al-fɔɔr	"instantly"	[filfɔɔr]	فی الفور
abuu-al-kalaam	"the father of speech"	[abulkalaam]	ابوالکلام

****

CONTENTS

		Page
Prem Chand:	Introductory Note	1
	(1) najaat	5
	(2) kafan	43
Krishn Chandar:	Introductory Note	81
	(3) hal kee saaee mẽẽ	83
	(4) duusrii mɔɔt	115
R.S. Bedi:	Introductory Note	153
	(5) raḥmaan kee juutee	155

* * *

PREM CHAND

(1880-1936)

Dhanpat Rai Srivastava, far better known by his pen name, Prem Chand, was born and raised in a small village near Banaras. He came of a lower-middle class Kayastha family. His father, a clerk in the Governmental Postal Service, also cultivated a little land on the side to make ends meet. Financial difficulties and family responsibilities impeded Prem Chand's education and finally brought it to a halt. His father had remarried after the death of his first wife but died himself while Prem Chand was still in his teens, leaving his son with the obligation of supporting a widowed stepmother, two half-brothers and a young wife of his own, for according to the then-prevalent custom of rural North India he had been married at fifteen. It was the experiences of his boyhood that provided the material, and perhaps even many of the characters for Prem Chand's later depiction of the rural scene, and its unmitigated struggle against adversity, in his novels and short stories. After a manful struggle with poverty, undernourishment and ill-health, he finally gave up his education and became a primary school teacher.

Prem Chand's first marriage proved unhappy and he finally separated from his wife. Thereafter he caused considerable comment by his second marriage to a child-widow. This was a girl who had been married early but whose husband had died before the marriage was consummated. Such girls were not permitted to remarry in certain castes and often led difficult and unhappy lives. A deliberate decision to marry a child-widow was regarded at the time as a sign of advanced social consciousness. This consciousness was reflected in Prem Chand's literary work: the evils of child marriage and the consequences of the ban on widow-remarriage were the theme of his first novel. Subsequent works continued to keep pace with liberal social thought in the country.

Prem Chand's literary career began when he was transferred to a school in industrial Kanpur. The intellectual stimulation he received from new acquaintances there enabled him to begin writing; and his first collection of short stories (in Urdu) was published in 1905. In 1920, now an Inspector of Schools in the Government Educational Service, he came under the influence of Mahatma Gandhi. This, coupled with official disapproval of the 'advanced' ideas presented in his writings to which he reacted defiantly, led him to resign his post to join the Mahatma's movement. But, though his prolific writings continued to show Gandhian influence, he did not take an active part in the political movement associated with the Mahatma. From 1920 to 1936, when he died, his story is that of a gifted and independent man in search of a livelihood that would not compromise his freedom of expression. He edited literary journals, then founded one of his own and established a printing press. A brief experiment with writing for films in Bombay ended in disillusionment and he returned to Banaras. His literary enterprises suffered from inadequate financial support. He died in 1936 soon after finishing his most highly-esteemed novel, Godan, and leaving another one unfinished.

Prem Chand is still the most outstanding novelist and short story writer of both Hindi and Urdu. His very large output in both literary forms, all of it from the first third of the twentieth century, forms the basis of important later developments in both Hindi and Urdu literature. A large part of his works are among the first contributions to the literature of social consciousness which has been a prominent feature of twentieth century Indian literature. His preoccupation with matters of social consciousness led Prem Chand to evolve a naturalistic style in which dialogue conveyed in a style close to that of the spoken language played an important part. This was a considerable departure from the literary conventions of the time and one which exerted considerable influence on the works of subsequent novelists and short-story writers in both literary styles.

The two selections given here, both from Prem Chand's more mature period, are universally agreed to be among his dozen best short stories. "najaat" (Salvation) deals with the problem of the untouchable in Indian society, while "kafan" (The Shroud) tells the tale of a low-caste father and son who collect money for a shroud for the corpse of the daughter-in-law and wife who has worked herself to death looking after them. The shroud money in the end provides not a decent cremation for her, but a drinking bout for father and son. Both stories express powerfully Prem Chand's outlook and technique; "kafan" also shows a successful use of dialect materials for local effect.

پریم چند :

نجات

دکھی چمار دروازے پر جھاڑو لگا رہا تھا، اور اس کی بیوی جھریا گھر کو لیپ رہی تھی۔ دونوں اپنے کام سے فراغت پا چکے، تو چمارن نے کہا:

تو جا کر پنڈت بابا سے کہہ آؤ۔ ایسا نہ ہو کہیں چلے جائیں۔

دکھی : ہاں جاتا ہوں۔ لیکن یہ تو سوچ، کہ بیٹھیں گے کس چیز پر؟

جھریا : کہیں سے کوئی کھٹیا نہ مل جائے گی؟ ٹھکرانی سے مانگ لانا۔

دکھی : تو تو کبھی کبھی ایسی بات کہہ دیتی ہے کہ بدن میں آگ لگ جاتی ہے (۱)۔ بھلا ٹھکرانے والے مجھے کھٹیا دے دیں گے! جا کر ایک لوٹا پانی مانگوں تو نہ ملے۔ بھلا کھٹیا کون دے گا؟ ہمارے اپلے، سینٹھے، بھوسا، لکڑی تھوڑے ہی ہیں، کہ جو چاہے اٹھا لے جائے۔ اپنی کھٹولی دھو کر رکھ دے۔ گرمی کے تو دن ہیں، ان کے آتے آتے سوکھ جائے گی۔

جھریا : ہماری کھٹولی پر وہ نہ بیٹھیں گے۔ دیکھتے نہیں، کتنے نیم دھرم سے رہتے ہیں!

دکھی نے کسی قدر مغموم لہجے میں کہا:

ہاں، یہ بات تو ہے۔ مہوے کے پتے توڑ کر ایک پتل بنا لوں تو ٹھیک ہو جائے۔ پتل میں بڑے بڑے آدمی کھاتے ہیں، وہ پاک ہے۔ لا تو لاٹھی، پتے توڑ لوں۔

جھریا: پتّل میں بنالوں گی، تم جاؤ۔ لیکن ہاں، انھیں سیدھا بھی تو دینا ہوگا۔ اپنی تھالی میں رکھ دوں؟

دکھی: کہیں ایسا گجب نہ کرنا، نہیں تو سیدھا بھی جائے اور تھالی بھی پھوٹے۔ بابا تھالی اٹھا کر پٹک دیں گے۔ وہ بہت جلد غصّے میں آ جاتے ہیں۔ غصّے میں پنڈتانی تک کو نہیں چھوڑتے، لڑکے کو ایسا پیٹا کہ آج تک ٹوٹا ہاتھ لئے پھرتا ہے۔ سیدھا بھی پتّل میں دے دینا، مگر چھونا مت۔ جھوری گونڈ کی لڑکی کو لے کر شاہ کی دوکان سے سب چیزیں لے آنا۔ سیدھا بھرپور ہو: سیر بھر آٹا، آدھ سیر چاول، پاؤ بھر دال، آدھ پاؤ گھی، نمک، ہلدی، اور پتّل میں ایک کنارے چار آنے کے پیسے رکھ دینا۔ گونڈ کی لڑکی نہ ملے، تو بھرجن کے ہاتھ پیر جوڑ کر (۲) لے جانا۔ تم کچھ نہ چھونا، ورنہ گجب ہو جائے گا۔

ان باتوں کی تاکید کرکے، دکھی نے لکڑی اٹھائی اور، گھاس کا ایک بڑا سا گٹّھا لے کر، پنڈت جی سے عرض کرنے چلا۔ خالی ہاتھ بابا جی کی خدمت میں کس طرح جاتا؟ نذرانے کے لئے اس کے پاس گھاس کے سوا اور کیا تھا؟ اسے خالی ہاتھ دیکھ کر تو بابا جی دور ہی سے دھتکار دیتے۔

(۲)

پنڈت گھاسی رام ایشور کے پرم بھگت تھے۔ نیند کھلتے ہی ایشور اپاسنا میں لگ جاتے۔ منہ ہاتھ دھوتے دھوتے آٹھ بجتے۔ تب اصلی پوجا شروع ہوتی، جس کا پہلا حصّہ بھنگ کی تیّاری تھی۔ اس کے بعد آدھ گھنٹے تک چندن رگڑتے۔ پھر آئینے کے سامنے ایک تنکے سے پیشانی پر تلک لگاتے۔ چندن کے متوازی خطوں کے درمیان لال رولی کا ٹیکا ہوتا۔ پھر سینے پر، دونوں بازوؤں

پر، چندن کے گول گول دائرے بناتے۔ پھر ٹھاکر جی کی مورتی نکال کر اسے نہلاتے، چندن لگاتے، پھول چڑھاتے، آرتی کرتے اور گھنٹی بجاتے۔ دس بجتے بجتے وہ پوجن سے اٹھتے، اور بھنگ چھان کر باہر آتے۔ تب تک دو چار ججمان دروازے پر آ جاتے۔ ایشور اپاسنا کا فی الفور پھل مل جاتا۔ یہی ان کی کھیتی تھی۔

آج عبادت خانے سے نکلے تو دیکھا، دکھی چمار گھاس کا ایک گٹّھا لئے بیٹھا ہے۔ دکھی انہیں دیکھتے ہی اٹھ کھڑا ہوا اور نہایت ادب سے ڈنڈوت کر کے ہاتھ باندھ کر کھڑا ہو گیا۔ ایسا پر جلال چہرہ دیکھ کر اس کا دل عقیدت سے پر ہو گیا۔ کتنی تقدّس مآب صورت تھی! چھوٹا سا گول مول آدمی، چکنا سر، پھولے ہوئے رخسار، روحانی جلال سے منوّر آنکھیں، اس پر رولی اور چندن نے دیوتاؤں کی تقدیس عطا کر دی تھی۔

دکھی کو دیکھ کر شیریں لہجے میں بولے:

آج کیسے چلا آیا رے دکھیا؟

دکھی نے سر جھکا کر کہا:

بٹیا کی سگائی کر رہا ہوں، مہاراج! ساعت شگن بچارنا ہے۔ کب مرجی ہوگی؟

گھاسی: آج تو مجھے چھٹّی نہیں ہے۔ ہاں شام تک آ جاؤں گا۔

دکھی: نہیں مہاراج! جلدی مرجی ہو جائے۔ سب سامان ٹھیک کر آیا ہوں۔ یہ گھاس کہاں رکھ دوں؟

گھاسی: اس گائے کے سامنے ڈال دے۔ اور ذرا جھاڑو لے کر دروازہ تو صاف کر دے۔ یہ بیٹھک بھی کئی دن سے لیپی نہیں گئی، اسے بھی گوبر سے لیپ دے۔ تب تک میں بھوجن کر لوں۔ پھر ذرا آرام کر کے چلوں گا۔ ہاں، یہ لکڑی بھی چیر دینا۔ کھلیان میں چار کھانچی بھوسا پڑا ہے، اسے بھی اٹھا لانا اور بھوسیلے میں رکھ دینا۔

دکھی فوراً حکم کی تعمیل کرنے لگا۔ دروازے پر جھاڑو لگائی۔ بیٹھک کو گوبر سے لیپا۔ اس وقت بارہ بج چکے تھے۔ پنڈت جی بھوجن کرنے چلے گئے۔ دکھی نے صبح سے کچھ نہیں کھایا تھا۔ اسے بھی زور کی بھوک لگی۔ مگر وہاں کھانے کو دھرا ہی کیا تھا؟ گھر یہاں سے میل بھر تھا۔ وہاں کھانے چلا جائے، تو پنڈت جی بگڑ جائیں۔ بے چارے نے بھوک دبائی اور لکڑی پھاڑنے لگا۔ لکڑی کی موٹی سی گرہ تھی، جس پر کتنے ہی بھگتوں نے اپنا زور آزمایا تھا۔ وہ اسی دم خم کے ساتھ لوہے سے لوہا لینے کے لئے تیّار تھی (۳)۔ دکھی گھاس چھیل کر بازار لے جاتا۔ لکڑی چیرنے کا اسے محاورہ نہ تھا۔ گھاس اس کے کھرپے کے سامنے سر جھکا دیتی تھی۔ یہاں کس کس کر کلہاڑی کا بھرپور ہاتھ جماتا۔ لیکن اس گرہ پر نشان تک نہ پڑتا تھا۔ کلہاڑی اچٹ جاتی۔ پسینے سے تر تھا۔ ہانپتا تھا۔ تھک کر بیٹھ جاتا تھا۔ پھر اٹھتا تھا۔ ہاتھ اٹھائے نہ اٹھتے تھے۔ پاؤں کانپ رہے تھے۔ ہوائیاں اڑ رہی تھیں۔ پھر بھی اپنا کام کئے جاتا تھا۔ اگر ایک چلم تمباکو پینے کو مل جاتا تو شاید کچھ طاقت آ جاتی۔ اس نے سوچا، یہاں چلم اور تمباکو کہاں ملے گا؟ برہمنوں کا گاؤں ہے۔ برہمن ہم سب نیچ جاتوں کی طرح تمباکو تھوڑا ہی پیتے ہیں۔ یکایک اسے یاد آیا، کہ گاؤں میں ایک گونڈ بھی رہتا ہے۔ اس کے یہاں ضرور چلم تمباکو ہوگا۔ فوراً اس کے گھر دوڑا۔ خیر، محنت سپھل ہوئی۔ اس نے تمباکو اور چلم دی۔ لیکن آگ وہاں نہ تھی۔ دکھی نے کہا:

آگ کی فکر نہ کرو بھائی۔ پنڈت جی کے گھر سے آگ مانگ لوں گا۔ وہاں تو ابھی رسوئی بن رہی تھی۔

یہ کہتا ہوا، وہ دونوں چیزیں لے کر چلا اور پنڈت جی کے گھر میں دالان کے دروازے پر کھڑا ہو کر بولا:

مالک! ذرا سی آگ مل جائے تو چلم پی لیں۔

پنڈت جی بھوجن کر رہے تھے۔ پنڈتانی نے پوچھا:

یہ کون آدمی آگ مانگ رہا ہے؟

"ارے وہی سسرا دکھیا چمار ہے۔ کہا ہے تھوڑی سی لکڑی چیر دے۔ آگ ہے تو دے دو۔"

پنڈتانی نے بھنویں چڑھا کر کہا:

تمھیں تو جیسے پوتھی پتڑے کے پھیر میں دھرم کرم کی سدھ بھی نہ رہی۔ چمار ہو، دھوبی ہو، پاسی ہو، منہ اٹھائے گھر میں چلا آئے۔ پنڈت کا گھر نہ ہوا، کوئی سرائے ہوئی! کہہ دو، ڈیوڑھی سے چلا جائے، ورنہ اسی آگ سے منہ جھلس دوں گی۔ آگ مانگنے چلے ہیں!

پنڈت جی نے انھیں سمجھا کر کہا:

اندر آ گیا تو کیا ہوا؟ تمھاری کوئی چیز تو نہیں چھوئی۔ زمین پاک ہے۔ ذرا سی آگ کیوں نہیں دے دیتیں؟ کام تو ہمارا ہی کر رہا ہے۔ کوئی لکڑہارا یہی لکڑی پھاڑتا تو کم از کم چار آنے لیتا۔

پنڈتانی نے گرج کر کہا:

وہ گھر میں آیا ہی کیوں؟

پنڈت نے ہار کر کہا:

سسرے کی بد قسمتی تھی، اور کیا؟

پنڈتانی: اچھا، اس وقت تو آگ دئے دیتی ہوں۔ لیکن پھر جو اس طرح کوئی گھر میں آئے گا، تو اس کا منہ جھلس دوں گی۔

دکھی کے کانوں میں ان باتوں کی بھنک پڑ رہی تھی۔ بے چارہ پچھتا رہا تھا۔ ناحق آیا۔ سچ تو کہتی ہیں۔ پنڈت کے گھر چمار کیسے چلا آئے؟ یہ لوگ پاک صاف ہوتے ہیں۔ تبھی تو اتنا مان ہے۔ پر چمار تھوڑے ہی ہیں؟ اسی گاؤں میں بوڑھا ہو گیا، مگر مجھے اتنی اکل (عقل) بھی نہ آئی۔

اس لئے جب پنڈتانی جی آگ لے کر نکلیں، تو جیسے اسے جنّت مل گئی۔ دونوں ہاتھ جوڑ کر، زمین پر سر جھکاتا ہوا، بولا:

پنڈتانی ماتا! مجھ سے بڑی بھول ہوئی کہ گھر میں چلا آیا۔

> چمار کی اکل ہی تو ٹھہری۔ اتنے مورکھ نہ ہوتے، تو سب کی لات کیوں کھاتے؟

پنڈتانی چمٹے سے پکڑ کر آگ لائی تھیں۔ انھوں نے پانچ ہاتھ کے فاصلے پر گھونگھٹ کی آڑ سے دکھی کی طرف آگ پھینکی۔ ایک بڑی سی چنگاری دکھی کے سر پر پڑ گئی۔ جلدی سے پیچھے ہٹ کر جھاڑنے لگا۔ اس کے دل نے کہا:

> یہ ایک برہمن کے گھر کو ناپاک کرنے کا نتیجہ ہے۔ بھگوان نے کتنی جلدی سزا دے دی۔ اسی لئے تو دنیا پنڈتوں سے ڈرتی ہے۔ اور سب کے روپئے مارے جاتے ہیں، برہمن کے روپئے بھلا کوئی مار تو لے! گھر بھر کا ستّیا ناس ہو جائے۔ ہاتھ پاؤں گل گل کر گرنے لگیں۔

باہر آ کر اس نے چلم پی اور کلہاڑی لے کر مستعد ہو گیا۔ کھٹ کھٹ کی آوازیں آنے لگیں۔

سر پر آگ پڑ گئی تو پنڈتانی کو کچھ رحم آ گیا۔ پنڈت جی کھانا کھا کر اٹھے، تو بولیں:

> اس چمرا کو بھی کچھ کھانے کو دے دو۔ بیچارہ کب سے کام کر رہا ہے۔ بھوکا ہوگا۔

پنڈت جی نے اس تجویز کو فنا کر دینے کے ارادے سے پوچھا:

> روٹیاں ہیں؟

پنڈتانی: دو چار بچ جائیں گی۔

پنڈت: دو چار روٹیوں سے کیا ہوگا؟ یہ چمار ہے۔ کم از کم سیر بھر چڑھا جائے گا۔

پنڈتانی، کانوں پر ہاتھ رکھ کر (۴)، بولیں:

> ارے باپ رے! (۵) سیر بھر! تو پھر رہنے دو۔

پنڈت جی نے اب شیر بن کر کہا:

> کچھ بھوسی چوکر ہو تو آٹے میں ملا کر موٹی موٹی روٹیاں توے پر ڈال دو۔ سالے کا پیٹ بھر جائے گا۔ پتلی روٹیوں سے ان کمینوں کا پیٹ نہیں بھرتا۔ انھیں تو جوار کا ٹکڑ چاہئیے۔

پنڈتانی نے کہا:

> اب جانے بھی دو۔ دھوپ میں کون مرے؟

(۳)

دکھی نے چلم پی کر پھر کلہاڑی سنبھالی۔ دم لینے سے ذرا ہاتھوں میں طاقت آ گئی تھی۔ تقریباً آدھ گھنٹے تک پھر کلہاڑی چلاتا رہا۔ پھر بے دم ہو کر، وہیں سر پکڑ کر بیٹھ گیا(۶)۔ اتنے میں وہی گونڈ آیا۔ بولا:

> بوڑھے دادا، کیوں جان دیتے ہو؟ تمھارے پھاڑے یہ گانٹھ نہ پھٹے گی(۷)۔ ناحق ہلکان ہوتے ہو۔

دکھی نے پیشانی کا پسینہ صاف کر کے کہا:

> بھائی! ابھی گاڑی بھر بھوسا ڈھونا ہے۔

گونڈ: کچھ کھانے کو بھی دیا، یا کام ہی کروانا جانتے ہیں؟ جا کے مانگتے کیوں نہیں؟

دکھی: تم بھی کیسی باتیں کرتے ہو؟ بھلا بامن کی روٹی ہم کو پچے گی؟

گونڈ: پچنے کو تو پچ جائے گی، مگر ملے تو۔ خود تو مونچھوں پر تاؤ دے کر(۸)، کھانا کھایا، اور آرام سے سو رہے ہیں، تمھارے لئے لکڑی پھاڑنے کا حکم لگا دیا۔ زمیں دار بھی کچھ کھانے کو دیتا ہے۔ حاکم بھی بیگار لیتا ہے، تو تھوڑی بہت

> مزدوری دے دیتا ہے۔ یہ ان سے بھی بڑھ گئے۔ اس پر
> دھرماتما بنتے ہیں!

دکھی نے کہا:

> بھائی، آہستہ بولو۔ کہیں سن لیں، تو آفت آ جائے!

یہ کہہ کر دکھی پھر سنبھل پڑا اور کلہاڑی چلانے لگا۔ گونڈ کو اس پر رحم آ گیا۔ کلہاڑی اس کے ہاتھ سے چھین کر، تقریباً نصف گھنٹے تک جی توڑ کر چلاتا رہا۔ لیکن گانٹھ پر ذرا بھی نشان نہ پڑا۔ بالآخر اس نے کلہاڑی پھینک دی، اور یہ کہہ کر چلا گیا:

> یہ تمھارے پھاڑے نہ پھٹے گی، خواہ تمھاری جان ہی کیوں
> نہ نکل جائے۔

دکھی سوچنے لگا:

> یہ گانٹھ انھوں نے کہاں سے رکھ چھوڑی تھی، کہ پھاڑے
> نہیں پھٹتی۔ میں کب تک اپنا خون پسینہ ایک کروں گا(۹)؟
> ابھی گھر پر سو کام پڑے ہیں۔ کام کاج والا گھر ہے۔ ایک
> نہ ایک چیز گھٹتی رہتی ہے۔ مگر انھیں اس کی کیا فکر؟
> چلوں، جب تک بھوسا ہی اٹھا لاؤں۔ کہہ دوں گا، بابا!
> آج تو لکڑی نہیں پھٹی، کل آکر پھاڑ دوں گا۔

اس نے ٹوکرا اٹھایا اور بھوسا ڈھونے لگا۔ کھلیان یہاں سے دو فرلانگ سے کم نہ تھا۔ اگر ٹوکرا خوب بھر بھر کر لاتا، تو کام جلد ختم ہو جاتا۔ مگر پھر ٹوکرے کو سر پر اٹھاتا کون؟ بھرا ہوا ٹوکرا خود اس سے نہ اٹھ سکتا تھا۔ اس لئے تھوڑا تھوڑا لاتا تھا۔ چار بجے کہیں بھوسا ختم ہوا۔ پنڈت جی کی نیند بھی کھلی۔ منہ ہاتھ دھویا، پان کھایا، اور باہر نکلے۔ دیکھا، تو دکھی ٹوکرے پر سر رکھے سو رہا ہے۔ زور سے بولے:

> ارے دکھیا! تو سو رہا ہے؟ لکڑی تو ابھی جوں کی توں
> پڑی ہوئی ہے۔ اتنی دیر تو کیا کرتا رہا؟ مٹّھی بھر بھوسا

> ڈھونڈنے میں شام کردی۔ اس پر سو رہا ہے۔ کلہاڑی اٹھا لے، اور لکڑی پھاڑ ڈال۔ تجھ سے ذرا سی لکڑی نہیں پھٹتی؟ پھر ساعت بھی ویسی ہی نکلے گی، مجھے دوش مت دینا۔ اسی لئے تو کہتے ہیں، کہ جہاں نیچ کے گھر کھانے کو ہوا، اس کی آنکھ بدل جاتی ہے۔

دکھی نے پھر کلہاڑی اٹھائی۔ جو باتیں اس نے پہلے سوچ رکھی تھیں، وہ سب بھول گیا۔ پیٹ پیٹھ میں دھنسا جاتا تھا(۱۰)۔ آج صبح سے ناشتہ تک نہ کیا تھا۔ فرصت ہی نہ ملی۔ اٹھنا بیٹھنا تک پہاڑ معلوم ہوتا تھا(۱۱)۔ دل ڈوبا جاتا تھا، پر دل کو سمجھا کر اٹھا:

> پنڈت ہیں۔ کہیں ساعت ٹھیک نہ بچاریں، تو پھر ستّیاناس ہو جائے۔ جب ہی تو ان کا دنیا میں اتنا مان ہے۔ ساعت ہی کا تو سب کھیل ہے۔ جسے چاہیں بنا دیں، جسے چاہیں بگاڑ دیں(۱۲)۔

پنڈت جی گانٹھ کے پاس آ کر کھڑے ہو گئے، اور حوصلہ افزائی کرنے لگے:

> ہاں، مار کس کے۔ اور کس کے مار۔ ابے زور سے مار۔ تیرے ہاتھ میں تو جیسے دم ہی نہیں۔ لگا کس کے۔ کھڑا کھڑا سوچنے کیا لگتا ہے؟ ہاں، بس پھٹا ہی چاہتی ہے۔ اسی سوراخ میں۔.....

دکھی اپنے ہوش میں نہ تھا۔ نہ معلوم کون سی طاقت اس کے ہاتھوں کو چلا رہی تھی۔ تکان، بھوک، پیاس، کمزوری، سب کی سب، جیسے ہوا ہو گئی تھیں۔ اسے اپنے قوتِ بازو پر خود تعجب ہو رہا تھا۔ ایک ایک چوٹ پہاڑ کی مانند پڑتی تھی۔ آدھ گھنٹے تک وہ اسی طرح بے خبری کی حالت میں ہاتھ چلاتا رہا۔ حتّیٰ کہ لکڑی بیچ سے پھٹ گئی، اور دکھی کے ہاتھ سے کلہاڑی چھوٹ کر گر پڑی۔ اس کے ساتھ ہی، وہ بھی چکّر کھا کر گر پڑا۔ بھوکا، پیاسا، تکان خوردہ جسم جواب دے گیا(۱۳)۔

پنڈت جی نے پکارا:

اٹھ کر دو چار ہاتھ اور لگا دے۔ پتلی پتلی چیلیاں ہو جائیں۔

دکھی نہ اٹھا۔

پنڈت جی نے اب اسے دق کرنا مناسب نہ سمجھا۔ اندر جا کر بوٹی چھانی، حاجاتِ ضروری سے فارغ ہوئے، نہائے اور پنڈتوں کا لباس پہن کر باہر نکلے۔ دکھی ابھی تک وہیں پڑا ہوا تھا۔ زور سے پکارا:

ارے دکھی! کیا پڑے ہی رہوگے؟ چلو، تمہارے ہی گھر چل رہا ہوں۔ سب سامان ٹھیک ہے نہ؟

دکھی پھر بھی نہ اٹھا۔

اب پنڈت جی کو کچھ فکر ہوئی۔ پاس جا کر دیکھا، تو دکھی اکڑا ہوا پڑا تھا۔ بد حواس ہو کر بھاگے، اور پنڈتانی سے بولے:

دکھیا تو جیسے مر گیا۔

پنڈتانی تعجب انگیز لہجے میں بولیں:

وہ تو ابھی لکڑی چیر رہا تھا نہ؟

"ہاں، لکڑی چیرتے چیرتے مر گیا۔ اب کیا ہوگا؟"

پنڈتانی نے مطمئن ہو کر کہا:

ہوگا کیا؟ چمروٹے میں کہلا بھیجو، مردہ اٹھا لے جائیں۔

دم کے دم میں (۱۴) یہ خبر سارے گاؤں میں پھیل گئی۔ گاؤں میں زیادہ تر برہمن ہی تھے، صرف ایک گھر گونڈ کا تھا۔ لوگوں نے ادھر کا راستہ چھوڑ دیا۔ کوئیں کا راستہ ادھر ہی سے تھا، پانی کیوں کر بھرا جائے؟ چمار کی لاش کے پاس سے ہو کر، پانی بھرنے کون جائے؟

ایک بڑھیا نے پنڈت جی سے کہا:

اب مردہ اٹھواتے کیوں نہیں؟ کوئی گاؤں میں پانی پئے گا یا نہیں؟

ادھر گونڈ نے چمرونے میں جا کر سب سے کہہ دیا:

> خبر دار! مردہ اٹھانے مت جانا۔ ابھی پولیس کی تحقیقات ہوتی۔ دل لگی ہے، کہ ایک غریب کی جان لے لی۔ پنڈت ہوں گے، تو اپنے گھر کے ہوں گے۔ لاش اٹھاؤ گے، تو تم بھی پکڑے جاؤ گے۔

اس کے بعد ہی پنڈت جی پہنچے۔ پر چمرونے میں کوئی آدمی لاش اٹھانے کو تیّار نہ ہوا۔ ہاں، دکھی کی بیوی اور لڑکی دونوں، ہائے ہائے کرتی، وہاں سے چلیں، اور پنڈت جی کے دروازے پر آ کر سر پیٹ پیٹ کر رونے لگیں۔ ان کے ساتھ دس پانچ اور چمارنیں تھیں۔ کوئی روتی تھی، کوئی سمجھاتی تھی۔ پر چمار ایک بھی نہ تھا۔ پنڈت جی نے ان سب کو بہت دھمکایا، سمجھایا، منّت کی، پر چماروں کے دل پر پولیس کا ایسا رعب چھایا ہوا تھا، کہ ایک بھی نہ من سکا۔ آخر نا امید ہو کر لوٹ آئے۔

(۴)

آدھی رات تک رونا پیٹنا جاری رہا۔ دیوتاؤں کا سونا مشکل ہو گیا۔ مگر لاش اٹھانے کوئی چمار نہ آیا۔ اور برہمن چمار کی لاش کیسے اٹھائے؟ بھلا ایسا کسی شاستر پران میں لکھا ہے! کہیں کوئی دکھا دے؟

پنڈتانی نے جھنجھلا کر کہا:

> ان ڈائنوں نے تو کھوپڑی چاٹ ڈالی۔ سبھوں کا گلا بھی نہیں تھکتا۔

پنڈت نے کہا:

> رونے دو چڑیلوں کو۔ کب تک روئیں گی؟ جیتا تھا، تو کوئی بات نہ پوچھتا تھا۔ مر گیا، تو شور و غل مچانے کے لئے سب کی سب آ پہنچیں۔

پنڈتانی : چماروں کا رونا منحوس ہے!

پنڈت : ہاں، بہت منحوس۔

پنڈتانی : ابھی سے بو آنے لگی۔

پنڈت : چمار تھا سسرا کہیں کا! ان سبھوں کو کھانے پینے میں کوئی بچار نہیں ہوتا۔

پنڈتانی : ان لوگوں کو نفرت بھی نہیں معلوم ہوتی۔

پنڈت : سب کے سب بھرشٹ ہیں۔

رات تو کسی طرح کٹی، مگر صبح بھی کوئی چمار نہ آیا۔ چمارنیں بھی رو پیٹ کر چلی گئیں۔ بدبو پھیلنے لگی۔

پنڈت جی نے ایک رسّی نکالی۔ اس کا پھندا بنا کر مردے کے پیر میں ڈالا، اور پھندے کو کھینچ کر کس دیا۔ ابھی کچھ کچھ اندھیرا تھا۔ پنڈت جی نے رسّی پکڑ کر لاش کو گھسیٹنا شروع کیا، اور گھسیٹ کر گاؤں کے باہر لے گئے۔

وہاں سے آکر فوراً نہائے، درگا پاٹھ پڑھا اور گھر میں گنگا جل چھڑکا۔

ادھر دکھی کی لاش کو کھیت میں گیدڑ، گدھ، کتّے اور کوّے نوچ رہے تھے۔ یہی اس کی تمام زندگی کی بھگتی، خدمت، اور اعتقاد کا انعام تھا!

"najaat"

Footnotes

(1) that makes my body burn; that makes me furious.

(2) prostrating himself at the feet of; humbly begging.

(3) It was ready to match iron with iron; It was ready to fight fire with fire.

(4) putting (her) hands to (her) ears; showing (her) surprise.

(5) Oh my father!; Oh my goodness!

(6) holding (his) head, (he) sat right down; becoming dizzy, (he) sat right down.

(7) It will not break from your cutting; It will not yield to your effort.

(8) twirling (his) moustache; admiring (himself); thinking no end of (himself).

(9) How long will I mingle my sweat and blood; How long will I sweat blood.

(10) (His) stomach was sticking to (his) backbone; (He) was extremely hungry.

(11) Just to get up and to sit down seemed like (climbing) a mountain; Just to get up and to sit down seemed almost impossible.

(12) He can create prosperity for whomever he pleases, he can bring destruction to whomever he pleases.

(13) (His) hungry, thirsty and exhausted body collapsed.

(14) In an instant; Very quickly.

* * *

Exercises

1. Give suitable synonyms for the underlined words and phrases (making any changes necessary in sentences).

1.1 Examples.

۱- دونوں اپنے کام سے فراغت پا چکے، تو چمارن نے کہا۔

دونوں اپنے کام سے فارغ ہو چکے، تو چمارن نے کہا۔

دونوں اپنے کام سے فرصت پا چکے، تو چمارن نے کہا۔

۲- دکھی نے مغموم لہجے میں کہا۔

دکھی نے غم گین لہجے میں کہا۔

دکھی نے غم انگیز لہجے میں کہا۔

دکھی نے دکھ بھرے لہجے میں کہا۔

۳- خالی ہاتھ بابا جی کی خدمت میں کیسے جاتا؟

خالی ہاتھ بابا جی کی سیوا میں کیسے جاتا؟

خالی ہاتھ بابا جی کے پاس کیسے جاتا؟

۴- پنڈت جی بھوجن کرنے چلے گئے۔

پنڈت جی کھانا کھانے چلے گئے۔

پنڈت جی روٹی کھانے چلے گئے۔

۵- پنڈتانی نے بھنویں چڑھا کر کہا۔

پنڈتانی نے غصّے میں آ کر کہا۔

پنڈتانی نے ناراض ہو کر کہا۔

پنڈتانی نے آنکھیں چڑھا کر کہا۔

1.2 Exercise.

۱۔ وہاں تو ابھی رسوئی بن رہی تھی۔

۲۔ پنڈتانی نے گرج کر کہا۔

۳۔ کہہ دو ، ڈیوڑھی سے چلا جائے۔

۴۔ اس کے بعد وہ کلہاڑی لے کر مستعد ہو گیا۔

۵۔ بے چارہ کب سے کام کر رہا ہے !

۶۔ کم از کم سیر بھر چڑھا جائے گا۔

۷۔ دم لینے سے اس کے ہاتھوں میں طاقت آ گئی تھی۔

۸۔ کلہاڑی اس کے ہاتھ سے چھین کر ، تقریباً نصف گھنٹے تک چلاتا رہا۔

۹۔ یہ تمہارے پھاڑے نہ پھٹے گی ، خواہ تمہاری جان ہی کیوں نہ نکل جائے۔

۱۰۔ مٹھی بھر بھوسا ڈھونے میں شام کر دی !

۱۱۔ تیرے ہاتھ میں تو جیسے دم ہی نہیں۔

۱۲۔ اسے اپنے قوتِ بازو پر خود تعجب ہو رہا تھا۔

۱۳۔ پنڈت جی نے اب اسے دق کرنا مناسب نہ سمجھا۔

۱۴۔ پھر وہ پنڈتوں کا لباس پہن کر باہر نکلے۔

۱۵۔ ابھی تو وہ لکڑی چیر رہا تھا۔

۱۶۔ رات تو کسی طرح کٹی ، مگر صبح بھی کوئی چمار نہ آیا۔

2. Fill in the blanks.

۱- دکھی دروازے پر جھاڑو ـــــ رہا تھا۔

۲- تو تو ایسی بات کہتی ہے کہ بدن میں آگ ـــــ جاتی ہے۔

۳- تم کچھ نہ چھونا، ورنہ غضب ـــــ جائے گا۔

۴- چمار کو خالی ہاتھ دیکھ کر، پنڈت جی نے دور ہی سے دھتکار ـــــ ۔

۵- اس پر چندن نے دیوتاؤں کی تقدیس عطا ـــــ دی تھی۔

۶- دکھی نے جھاڑو سے دروازہ صاف ـــــ ۔

۷- وہ فوراً حکم کی تعمیل ـــــ لگا۔

۸- اس گرہ پر کتنے ہی بھگتوں نے اپنا زور ـــــ تھا۔

۹- گھاس اس کے کھرپے کے سامنے سر ـــــ دیتی تھی۔

۱۰- چمار کے منہ پر ہوائیاں ـــــ رہی تھیں۔

۱۱- کوئی لکڑ ہارا بھی لکڑی ـــــ تو چار آنے لیتا۔

۱۲- دکھی کے کانوں میں ان باتوں کی بھنک ـــــ رہی تھی۔

۱۳- پنڈت جی نے اس تجویز کو فنا ـــــ دینا چاہا۔

۱۴- پتلی روٹیوں سے ان کمینوں کا پیٹ نہیں ـــــ گا۔

۱۵- حاکم بھی بیگار ـــــ ہے، تو تھوڑی بہت مزدوری ـــــ دیتا ہے۔

۱۶- پنڈتانی نے مطمئن ـــــ کر جواب ـــــ ۔

۱۷- ذرا دیر میں سارے گاؤں میں یہ خبر ـــــ گئی۔

۱۸- چماروں کے دل پر پولیس کا رعب ـــــ ہوا تھا۔

۱۹- یہ ڈائنیں کھوپڑی ـــــ ڈالیں گی۔

۲۰- مر گیا، تو شور و غل ـــــ کے لئے سب کی سب آ پہنچیں۔

۲۱- پنڈت جی نے لاش کو گھسیٹنا ـــــ کیا۔

3. Write the following sentences in the Urdu script.

(1) voo ghaas kaa eek baRaa saa gaTThaa lee kar panDit jii see arz karnee calaa.

(2) nazraanee kee liee us kee paas ghaas kee sivaa ɔɔr kyaa thaa?

(3) tab aslii puujaa šuruu hootii, jis kaa pehlaa hissaa bhang kii tayyaarii thii.

(4) iišvar upaasnaa kaa filfɔɔr phal mil jaataa.

(5) aaj ibaadat xaanee see niklee too deekhaa,...

(6) kitnii taqaddus ma-aab suurat thii!

(7) saa-at šugun bicaarnaa hɛɛ.

(8) lakRii ciirnee kaa usee mohaavraa na thaa.

(9) agar tambaakuu piinee koo mil jaataa, too šaayad kuch taaqat aa jaatii.

(10) yee loog paak saaf hootee hɛ̃ɛ̃.

(11) panDitaanii koo us par kuch rahm aa gayaa.

(12) taqriiban aadh ghanTee tak voo phir kulhaaRii calaataa rahaa.

(13) naa haq halkaan hootee hoo.

(14) aaj sub-h naaštaa tak na kiyaa thaa, fursat hii na milii.

(15) panDit jii us kii hɔɔslaa afzaaii karnee lagee.

(16) hattaa ke lakRii biic see phaT gaii.

(17) haajat-e-zaruurii see faariğ huee.

(18) panDitaanii taajjub angeez lahjee mẽẽ boolĩĩ.

(19) abhii puliis kii tahqiiqaat hoo gii.

(20) yehii us kii zindagii bhar kii bhagtii, xidmat ɔɔr eetiqaad kaa in-aam thaa.

4. Answer the following questions in Urdu.

۱- کھٹیا کے بارے میں دکھی اور اس کی بیوی کے درمیان کیا بات چیت ہوئی؟

۲- سیدھا کیا چیز ہوتی ہے؟ بھرپور سیدھے میں کیا کیا شامل ہونا چاہئیے؟

۳- پنڈت گھاسی رام ہر روز کس طرح پوجا کرتے تھے؟

۴- دکھی نے پنڈت جی کو نذرانے میں کیا پیش کیا؟

۵- اس نے پنڈت جی سے کیا عرض کیا؟

۶- پنڈت جی نے چمار کو کیا کیا کام کرنے کی تاکید کی؟

۷- دو پہر کو دکھی اپنے گھر کھانا کھانے کے لئے کیوں نہ گیا؟

۸- چلم اور تمباکو اس نے کہاں سے حاصل کی؟

۹- دکھی کے اندر گھر میں جانے اور آگ مانگنے پر، پنڈتائنی جی کیوں ناراض ہو گئیں؟ پنڈت جی نے انہیں کس طرح آگ دینے پر آمادہ کیا؟

۱۰- پنڈتائنی کو چمار پر کیوں رحم آیا؟ ان کی، دکھی کو کھانا دینے کی، تجویز کو پنڈت جی نے کس طرح فنا کیا؟

۱۱- شروع میں دکھی لکڑی کیوں نہ پھاڑ سکا؟

۱۲- گونڈ نے بیگار کے بارے میں دکھی سے کیا بات چیت کی؟

۱۳- گونڈ نے کتنی دیر تک گانٹھ کو پھاڑنے کی کوشش کی؟ ناکام ہونے پر، اس نے دکھی سے کیا کہا؟

۱۴- پنڈت جی کے آنے پر، چمار نے پھر کیوں گانٹھ پر زور آزمائی شروع کی؟ کیا وہ اس بار کامیاب ہوا؟

۱۵- چماروں نے دکھی کی لاش اٹھانے سے کیوں انکار کر دیا؟

۱۶- چماروں کے رونے کے بارے میں، پنڈت جی اور پنڈتائنی جی میں کیا بات چیت ہوئی؟

۱۷- دکھی کو اپنی زندگی بھر کی بھگتی، خدمت اور اعتقاد کا کیا انعام ملا؟

"najaat"

Vocabulary

aaTaa (m)	flour
aadmii (m)	man
aaraam see	leisurely, comfortably
aartii (f)	a ceremony performed in adoration of some god by waving in a circle before the image
aartii karnaa	to perform the aartii
aaR (f)	screen, hindrance
aazmaanaa	to try, test, examine, prove
aag (f)	fire
aag lagaanaa	to inflame, set on fire; enrage
aag lagnaa	to be on fire, to catch fire, to be set on fire, to burn
ããkh (f)	eye
ããkh badal jaanaa	to be changed, to withdraw one's favor or regard, to become indifferent
aavaaz (f)	sound, voice, noise, cry
aaiinah (m)	mirror
upaasnaa (f)	worship, service, reverence
uplaa (m)	dried cow-dung cake used as fuel
uThaanaa	to lift, raise up
ucaTnaa	to be removed from a place, to be detached, to fail, to bounce off
adab (m)	respect, civility, etiquette; literature
udhar	out there (in the field)
iraadah (m)	intention, purpose
uRnaa	to fly

as̈lii (a)	real
i?tqaad (m)	belief, faith
afzaa (a)	increasing (last member of a cpd.)
akRaa huvaa	stiffened, dead
akaRnaa	to become stiff, die; to give oneself airs
akal	?aql
umiid, ummiid (f)	hope
in?aam (m)	reward
angeez (a)	rousing, exciting, causing (last member of a cpd.)
iišvar (m)	God
iišvar upaasnaa	worship of God
ĩĩdhan (m)	fuel
baazuu (m)	arm, shoulder
bi-al-aaxir [bilaaxir]	at last
baaman	brahman.
bajaanaa	to ring
bicaar (m)	consideration, reflection, concern
bicaarnaa	to think, judge
bad buu (f)	bad smell, stink
bad havaas (a)	bewildered
bad qismatii (f)	ill-luck
badalnaa	to change
badan (m)	body
badan mẽẽ aag lagnaa	to become enraged
brahman (m)	a high caste of Hindus, priest

baRhnaa	to increase, to surpass
bigaaRnaa	to spoil, to damage, to ruin
bigaRnaa	to be enraged
banaanaa	to build, to make, to create prosperity
buu (f)	smell, odor
buu aanaa	to emit bad smell, to smell
buuTii (f)	herb (ref. to 'bhang , an intoxicating drug)'
buuRhaa (a.m) (m)	old an old man
bhaagnaa	to run
bhar puur	quite full, quite enough, adequate, complete
bhurjan (f)	the wife of a bhurjii
bhurjii (m)	a caste, a member of that caste
bhrašT (a)	impure, debased, unclean
bharnaa	to fill, load; to suffer
bhagat (m)	a devotee, follower, pious man
bhagtii (f)	devotion
bhagvaan (m)	God
bhalaa!	well!
bhanak (f)	a low or distant sound, hum, buzz, ring, din
bhanak paRnaa	to catch or hear the sound (of), to have an inkling, to buzz
bhang (f)	a herbal narcotic and intoxicating drug, hemp-leaf drug
bhãvẽẽ caRhaanaa	to raise the eyebrows; to frown, to display anger
bhoojan (m)	food, meal

bhuusaa (m)	straw, chaff, husk
bhuusii cuukar (f)	bran
bhusiilaa, bhusɛɛlaa (m)	a place where straw is stacked
bhuuk (f)	hunger
bhuukaa (a.m)	hungry
bhuuk dabaanaa	to repress one's appetite, to restrain one's hunger
bhuul (f)	forgetfulness, negligence, mistake
bhuulnaa	to forget
bhɔ̃ɔ̃, bhãv (f)	eyebrow
bee caarah (a.m)	helpless, poor, unfortunate
bee xabrii (f)	unconsciousness
bee dam	worn out, tired
bɛɛThak (f)	the room in a house for meeting visitors
bɛɛThnaa	to sit
beegaar (f)	compulsory labour without pay
paasii (m)	a low caste among Hindus whose occupation is to extract the juice of the Tar palms,a member of that caste; a bird catcher
paak (a)	pure, clean
paan (m)	betel-leaf
paaoo	a quarter, a fourth part
paaoo bhar	a quarter of a seer
pattal (m)	leaves sewn together and serving as a plate to eat out of, a leaf-plate
paTaknaa	to throw away, to toss with violence

pacnaa	to digest, eat
pachtaanaa	to regret, repent
param bhagat	a great devotee
pur (a)	full, full of
pur jalaal	full of glory
pur hoonaa	to get filled
puraan (m)	religious book of Hindus
preem cand (m)	Prem Chand
paRhnaa	to read, study
pasiinah (m)	perspiration, sweat
pukaarnaa	to call
pakRaa jaanaa	to be caught
pakaRnaa	to grasp, hold, grip, catch
panDit (m)	a learned Brahman
panDitaanii (f)	the wife of a panDit
poothii pattraa (m)	a book
puujan (f)	idol worship, prayer
pahaaR ma?luum hoonaa	to seem like a mountain, to seem very difficult
phaaRnaa	to cut, split
phaTnaa	to break
phirnaa	to wander, roam
phal milnaa	to reap the fruits or consequences (of), to reap the reward (of)
phandaa (m)	a knot, noose, snare
phuul (m)	a flower
phuul caRhaanaa	to offer or strew flowers at a shrine or tomb, to drape flowers in worship

phuulnaa	to blossom, to swell, to be puffed up
pheer (m)	coil, round, turning, difficulty, perplexity, dilemma, misfortune
phɛ̃ɛ̃knaa	to throw, fling, hurl
pyaas (f)	thirst
pyaasaa (a.m)	thirsty
peeT (m)	stomach
peeT piiTh mẽẽ dhãsnaa	to be extremely hungry, to evince weakness
piiTnaa	to beat, thrash
piiTh (f)	the back
peešaanii (f)	forehead, brow
taakiid (f)	ascertaining, stress, order, pressure
taakiid karnaa	to urge, to ascertain
taaoo (m)	heating, heat; rage; strength, splendor; twist
taaoo deenaa	to heat; to twist
tajviiz (f)	proposal
taḥqiiqaat (f)	investigation, inquiry, research
tar (a)	moist, damp, wet, saturated
taˀjjub (m)	astonishment
taˀjjub angeez	astonishing
taˀjjub hoonaa	to be astonished
taˀmiil (f)	execution, carrying
taˀmiil karnaa	to obey
taqaddus (a) (m)	sanctified, pure, holy being pure and holy, purity, sanctity, holiness

taqaddus ma-aab	the seat of sanctity, holy
taqdiis (f)	sanctity
$\text{taqriib}^{\text{an}}$	about; approximately
takaan (f)	weariness, fatigue
takaan xu(u)rdah	tired
tilak (m)	a mark made on the forehead as an emblem of sect
tilak lagaanaa	to paint the tilak
tamaam (a)	all, entire
tinkaa (m)	straw, a blade of grass
too phir rihnee doo	then forget it
tavaa (m)	iron plate on which bread cakes are baked
tooRnaa	to break
thaalii (f)	a small flat serving tray made of metal
thaknaa	to get tired
thooRaa (a)	little, less, small, scanty
thooRaa buhat	more-or-less, some little
thooRaa hii	not at all; very little
thooRaa hii hεε	(this) is not, (he) is not
TukkaR (m)	a thick cake of bread
TuuTaa haath liee phirnaa	to wander about protecting a broken arm
TuuTnaa	to be broken, to be fractured
Thaakur (m)	a member of the caste of warriors, a chief
Thaakur jii (m)	a god
Thukraanii (f)	the wife of a Thaakur
Thukraanee vaalee	belonging to a family of Thaakurs
Tiikaa (m)	a mark made on the forehead; an ornament of gold or silver worn on the forehead

jaan (f)	life, energy
jaan deenaa	to die, to sacrifice oneself
jaan nikalnaa	Life to depart, to die
jijmaan (m)	a client to whose custom Brahmans have a prescriptive claim, a priest's customer
jalaal (m)	splendor, power, dignity, grandeur, majesty
jannat (f)	paradise
javaab (m)	an answer
jvaar (m)	millet
jũũ kii tũũ	unaltered, untouched; as originally, as it was, same as ever
jhaaRnaa	to clean, to sweep, to brush
jhaaRuu (f)	broom
jhaaRuu lagaanaa	to sweep
jhuriyaa (f)	Jhuriya
jhukaanaa	caus. of jhuknaa
jhuknaa	to bend, to be bent down, to bow
jhulasnaa	to burn, to scorch
jhũjhlaanaa	to be irritated
jii (m)	heart, spirit
jii tooR kar	breaking (one's) heart, with all (one's) might
caaTnaa	to lick, to eat, to taste
caaval (m)	rice
car camaar	camaar 's and the like
caRhaanaa	to cause to ascend; to raise; to offer; to swallow, consume

cuRεεl (f)	the ghost of a woman who died during pregnancy, a shrew, witch
ciknaa (a.m)	smooth, greasy
cakkar (m)	a circle, circuit, giddiness, misfortune, perplexity
cakkar khaanaa	to go round, to become dizzy
cilam (f)	the part of a hubble-bubble which contains fire and tobacco
camaar (m)	a low caste of men who work in leather
camaaran (f)	the wife of a camaar
cimTaa (m)	tongs, forceps
camraa (m)	camaar
camrɔɔnaa (m)	locality of the camaar caste
candan (m)	sandal, sandal-wood
cingaarii (f)	amber, fire
cooT (f)	a blow, damage, injury
chaanaa	to spread, to cover, to shade
chaannaa	to filter
chuTTii (f)	holiday, leisure, opportunity
chiRaknaa	to sprinkle
chuuTnaa	to escape, to get loose
chuunaa	to touch
chiilnaa	to peel, husk
ciirnaa	to cut, split
cεεlii (f)	chip, splinter, kindling
ḥaajaat-e-z̈aruurii	necessary necessities, morning ablution, relieving oneself, completion of the toilet

ḥaajat (f)	necessity
ḥaakim (m)	one in power or authority, an official
ḥatt^{aa}	until
ḥavaas (m) (a)	the senses out of one's senses, distracted, crazy
ḥɔɔs̈lah (m)	capacity, desire, ambition, spirit, courage
ḥɔɔs̈lah afzaaii (f)	encouragement
xabar daar!	be careful! beware!
xatm hoonaa	to finish
xidmat (f)	service, attendance
xaṭ (m)	a line, a letter
xvaah tumhaarii jaan hii kyũũ nah nikal jaaee	even if you should die
xu(u)rdah	eaten, devoured
xuun (m)	blood
xuun pasiinah eek karnaa	to sweat blood
xɛɛr (f) (a) (interj.)	welfare good, well well!
daadaa (m)	paternal grand-father, an old man
daal (f)	pulse, split pea
daalaan (m)	verandah
daairah (m)	circle
durgaa (f)	a Hindu goddess, particularly worshipped by the Bengalis at the Durga-Puja festival
durgaa paaTh (m)	a Hindu book containing the narration of the goddess Durga
darmiyaan (m)	middle, midst

diq (f)	a hectic fever; trouble, worry
diq karnaa	to trouble, tease, harass
dukh (m)	suffering, misery, pain
dukhii (m) (a)	Dukhi afflicted, sorrowful, sad
dukhiyaa (m)	Dukhi
dil Duubnaa	to sink (the heart), droop, faint
dil lagii (f)	joke
dam (m)	breath, life, a moment, a pull of a /cilam/
dam xam (m)	stamina, strength
dɔɔRnaa	to run
dooš (m)	blame
dhutkaarnaa	to drive out, reprove
dharam (m)	religion
dharam karam (m)	religious duty or conduct
dharmaatmaa	godly person, pious man
dharmaatmaa bannaa	to pretend to be a pious man
dharnaa	to put down, to put in one's charge
dhãsnaa	to pierce, run into
deëvtaa (m)	a god
Daalnaa	to put, to drop
Daain (f)	a demoness
Darnaa	to fear
DanDɔɔt (f)	salutation
DanDɔɔt karnaa	to prostrate oneself

Duubnaa	to sink
Dhoonaa	to carry, to transport
DyuuRhii (f)	door, threshold
z̲araa (a) (adv.)	a little would you just
raḥm (m)	pity, mercy
ruxsaar (m)	cheek
rasooii (f)	cooking, food
rassii (f)	rope, cord
ruˀb (m)	awe, fear, dread
ruˀb chaanaa	fear to spread (over)
eek karnaa	to mix, to make one
ragaRnaa	to rub down, polish
ru(u)paee maarnaa	to defraud some one of money, to be unfaithful to a trust
ruuḥaanii (a)	spiritual
roolii (f)	a powder prepared from a mixture of turmeric and lime used in painting the forehead
roonaa	to weep
zindagii (f)	life, living, existence
zoor (m)	strength, vigor, force, strong effort
zoor aazmaanaa	to test the strength
saaˀat (f)	hour, moment
saaˀat šugun bicaarnaa	to look for an auspicious time
saalaa (m)	a wife's brother, a common term of abuse
saphal (a)	fruitful, successful
saphal hoonaa	to be fruitful, to succeed
sattyaanaas (m)	ruin, destruction

sudh (f)	consciousness, concern, care, sense
sudh rihnaa	to have consideration for
sar (m)	head
sar pakaR kar bɛɛThnaa	to be bent down with grief, to be giddy, to be bowed down by difficulties
sar piiTnaa	to beat the head, to lament, mourn
sar jhukaanaa	to bend the head, to bow
saraaee (f)	a carvansary
sazaa (f)	punishment
susraa (m)	father-in-law (a term of abuse), wretch, mean
sagaaii (f)	engagement
samjhaanaa	to explain, to instruct, to advise, to warn, to console
sãbhalnaa	to recover from a fall, to stand, to be firm
suuraax (m)	hole, opening, crack
suukhnaa	to dry up, shrivel
soonaa	to sleep
siidhaa (m)	un-cooked victuals, a holy offering of food to the Brahman
seer (m)	a ser (about 2 lbs.)
seer bhar	one ser, a full ser
sẽẽThaa (m)	a kind of reed grass of which chairs are made
siinah (m)	breast
šaastar (m)	religious book of Hindus
šaah (m)	a merchant, a banker, a king
šugun (m)	an omen, an augury
šoor (m)	noise, confusion, disturbance, outcry, tumult

šoor-o-ğul macaanaa	to make a clamor
šeer (m)	a lion, a tiger, a brave man
šeer bannaa	to be powerful, to be fearless; to be generous, to be encouraged
šiirĩĩ (a)	sweet
s̈ubḥ (f)	morning
z̈aruurii (a) (f)	necessary necessity
ṭaaqat (f)	energy, force, capability
ˀibaadat (f)	religious service, worship
ˀibaadat xaanah (m)	house of worship, temple
ˀarz̈ (f)	presenting, request, petition, address
ˀarz̈ karnaa	to request, apply for
ˀaṭaa (f)	giving, a gift, favor
ˀaṭaa karnaa	to give, to grant
ˀaql (f)	understanding, intelligent, wisdom
ˀaqiidat (f)	devotion, faith, belief
ğaz̈ab (m)	terrible thing, calamity, wrath, wrong
ğaz̈ab hoonaa	to be overtaken by any calamity, to be smitten by divine wrath
ğul (m)	noise, confusion of voices, disturbance, outcry, tumult
ğɛɛbii (a)	invisible, divine
ğɛɛbii ṭaaqat	divine force
faariğ (a)	free, free from (labor, business, anxiety etc.)
faariğ hoonaa	to be free, to finish
faas̈lah (m)	distance

faraağat (f)	freedom, cessation, finishing, ease
faraağat paanaa	to have completed, to have finished, to have done (with)
fikr (f)	care, concern, consideration, anxiety
fanaa karnaa	to destroy
fɔɔr^{an}	at once, immediately
fii-al-fɔɔr [filfɔɔr]	instantly, immediately
qismat (f)	fate, fortune, lot, destiny
quvvat (f)	strength
quvvat-e-baazuu	one's own strength
kaam kaaj (m)	work
kããpnaa	to tremble, shake
kuttaa (m)	a dog
karvaanaa	caus. of karnaa
kas (m)	strength
kas kee	with strength, hard
kasnaa	to draw tight, tighten
kisii qadr	somewhat, a little
kulhaaRii (f)	an axe
kulhaaRii sãbhaalnaa	to take charge of the axe, to start cutting the wood
kamzoor (a)	week, feeble, powerless
kamzoorii (f)	weakness
kamiin (m)	low, mean
kuvãã (m)	a well
kavvaa (m)	a crow

kihlaa bheejnaa	to inform, to send word
khaaT (f)	a cot
khããcii (f)	a basket
khaT khaT (f)	repeated or continuous knocking, rat-tat
khaToolii (f)	a small cot
khaTiyaa (f)	a small cot
khurpaa (m)	a kind of hoe, a weeding knife
khalyaan, khaliyaan (m)	stack of unthreshed grain, granary, barn
khoopRii (f)	head, skull, brain pan
khoopRii caaTnaa	to eat one's head off, to devour one's brains
kheet (m)	a field
kheel (m)	play
khĩĩcnaa	to pull, to draw
kyũũ kar	by what means, in what manner, how
gaTThaa (m)	large bundle, pack
gajab	ǧaz̈ab
gidh (m)	a vulture
garaj (f)	thundering
garajnaa	to thunder, to roar
garmii (f)	summer, heat, warmth
girnaa	to fall
girah (f)	knot
galaa (m)	throat
galnaa	to melt, dissolve, rot
gangaa (f)	the Ganges
gangaa jal	water of the Ganges, holy water

goobar (m)	cow dung
gool (a)	round
gool mool	roundish
gõõD (m)	a caste, a member of that caste
ghaas (f)	grass
ghaasii raam	Ghasi Ram
ghaTnaa	to decrease, to lessen, to finish
ghasiiTnaa	to drag along
ghanTii (f)	a small bell
ghũũghaT (m)	covering or concealing the face with a veil, an impenetrable veil
ghii (m)	clarified butter, ghee
giidaR (m)	jackal
laat (f)	a cick
laat khaanaa	to suffer a kicking, to incur kicks, to be kicked
laaš (f)	corpse
libaas (m)	garment
lakaR-haaraa (m)	wood-cutter
looTaa (m)	a small, round metal pot
looTnaa	to return
loohaa (m)	iron
loohee see loohaa leenaa	to match the opponent, to wage war
lihjah (m)	tone, voice
liipnaa	to plaster with clay and cow-dung, to gloss over, to besmear
ma-aab (m)	center or point to which anything or person returns, seat, residence (last member of a cpd.)

maataa (f)	mother
maarnaa	to strike, to beat, to hit
maalik (m)	master, lord
maan (m)	respect
maanind	like, resembling
mããg laanaa	to borrow and bring
mããgnaa	to borrow, to beg
mutavaazii (a)	parallel
muTThii bhar	a handful
macaanaa	to raise up, to cause, to make
muḥaavrah (m)	idiom, usage, practice, habit
muḥaavrah hoonaa	to be accustomed to, to become used to
miḥnat (f)	labor
marjii	marz̈ii
murdah (m)	a dead body
marz̈ii (adj.) (f)	well-pleasing, taking favorably anything in which one takes pleasure, pleasure, assent, consent
marz̈ii hoonaa	to agree, to decide, to be suitable
mustaʔid (a)	ready, prepared
mustaʔid hoonaa	to get ready
muṭmain (adj.)	satisfied
maǧmuum (a)	sad
munaasib (a)	proper, suitable, fit
manḥuus (a)	ill-starred, unlucky, disgusting
munavvar (a)	bright, brilliant, illuminated
mũh uThaanaa	with the face up, blindly
mahuvaa (m)	the broad leaved bassia latifolia

muurtii (f)	a statue, an idol, a portrait
mũũch (f)	a moustache
mũũchõõ par taaoo deenaa	to twirl or twist one's moustaches; to think no end of oneself; to brag, show off
miil (m)	a mile
naa umiid (a)	hopeless, despondent
naa ḥaq (a) (adv.)	unjust, improper unjustly, wrongfully
naaštah (m)	breakfast
natiijah (m)	result
najaat (f)	salvation, liberation
naz̲raanah (m)	a present from an inferior
nišf (a)	half
nišaan (m)	mark, impression
nafrat (f)	hatred, aversion
namak (m)	salt
noocnaa	to pluck out, pull out, claw, tear at
nahaanaa	to bathe
nihlaanaa	caus. of nahaanaa
niic z̲aat (f)	low caste
neem (m)	law, rule
neem dharam (m)	religion and regulation
nĩĩd (f)	sleep
nĩĩd khulnaa	one's sleep to end, to have one's sleep broken
haath bããdhnaa	to clasp the hands
haath pɛɛr jooRnaa	to beg humbly

haath jamaanaa	to strike at
haarnaa	to loose, to give in, to become dispirated
hããpnaa	to pant, to be out of breath
haaee (f)	a sigh
(interj.)	alas!
haaee haaee karnaa	to heave a deep sigh, to wail, to lament
haldii (f)	turmeric
halkaan (adj.)	weary, tired, worried
havaa hoonaa	to run with the wind, to fly away, to vanish
havaaii (a)	of or pertaining to the air, vain
(m)	a vain person
(f)	a rocket
havaaiyãã uRnaa	rockets to fly (across the face of anyone), to come and go one's color, to get pale
hooš (m)	sense, intellect
hooš mẽẽ hoonaa	to be in one's right mind
yaad (f)	memory, recollection, rememberance
yaad aanaa	to come to mind, to recur to memory, to recall, to remember
yakaayak	all of a sudden

****

پریم چند :

کفن

جھونپڑے کے دروازے پر باپ اور بیٹا دونوں ایک بجھے ہوئے الاؤ کے سامنے خاموش بیٹھے ہوئے تھے، اور اندر بیٹے کی نوجوان بیوی بدھیا دردِ زہ سے پچھاڑیں کھا رہی تھی۔ رہ رہ کر (۱) اس کے منہ سے ایسی دل خراش صدا نکلتی تھی، کہ دونوں کلیجہ تھام لیتے تھے۔ جاڑوں کی رات تھی، فضا سنّاٹے میں غرق، سارا گاؤں تاریکی میں جذب ہو گیا تھا۔

گھیسو نے کہا :

> معلوم ہوتا ہے، بچے گی نہیں۔ سارا دن تڑپتے ہو گیا۔ جا، دیکھ تو آ۔

مادھو چڑھ کر بولا :

> مرنا ہے تو جلدی مر کیوں نہیں جاتی؟ دیکھ کر کیا آؤں؟
>
> "تو بڑا بے درد ہے بے! سال بھر جس کے ساتھ سکھ چین سے رہا، اس کے ساتھ اتنی بے وفائی!"
>
> تو مجھ سے تو اس کا تڑپنا اور ہاتھ پاؤں پٹکنا نہیں دیکھا جاتا۔

چماروں کا کنبہ تھا اور سارے گاؤں میں بدنام۔ گھیسو ایک دن کام کرتا تھا تو تین دن آرام۔ مادھو اتنا کام چور تھا کہ گھنٹہ بھر کام کرتا تھا تو گھنٹہ بھر چلم پیتا۔ اس لئے انہیں کہیں مزدوری نہیں ملتی تھی۔ گھر میں مٹھی بھر اناج موجود ہو، تو ان کے لئے کام کرنے کی قسم تھی (۲)۔ جب دو ایک فاقے ہو جاتے تو گھیسو درختوں پر چڑھ کر لکڑیاں توڑ لاتا اور مادھو بازار میں بیچ آتا۔ اور جب تک وہ پیسے رہتے، دونوں ادھر ادھر مارے مارے پھرتے (۳)

جب فاقے کی نوبت آ جاتی تو پھر لکڑیاں توڑتے یا کوئی مزدوری تلاش کرتے۔ گاؤں میں کام کی کمی نہ تھی۔ کاشتکاروں کا گاؤں تھا۔ محنتی آدمیوں کے لئے پچاس کام تھے۔ مگر ان دونوں کو لوگ اس وقت بلاتے، جب دو آدمیوں سے ایک کا کام پاکر بھی قناعت کرلینے کے سوا اور کوئی چارہ نہ ہوتا۔ کاش دونوں سادھو ہوتے، تو انھیں قناعت اور توکّل کے لئے، ضبطِ نفس کی مطلق ضرورت نہ ہوتی۔ یہ تو ان کی خلقی صفت تھی۔ عجب زندگی تھی ان کی! گھر میں مٹّی کے دو چار برتنوں کے سوا کوئی اثاثہ نہیں۔ پھٹے چیتھڑوں سے اپنی عریانی کو ڈھانکے ہوئے تھے۔ دنیا کی فکروں سے آزاد! قرض سے لدے ہوئے۔ گالیاں بھی کھاتے تھے، مگر کوئی غم نہیں۔ مسکین اتنے، کہ وصولی کی مطلق امید نہ ہونے پر بھی لوگ انھیں کچھ نہ کچھ قرض دے دیتے تھے۔ مٹر، آلو کی فصل میں کھیتوں سے مٹر یا آلو اکھاڑ لاتے اور بھون بھون کر کھاتے، یا دس پانچ اوکھ توڑ لاتے اور راتوں کو چوستے۔ گھیسو نے اسی زاہدانہ انداز سے ساٹھ سال کی عمر کاٹ دی، اور مادھو بھی سعادت مند بیٹے کی طرح باپ کے نقشِ قدم پر چل رہا تھا(۴)، بلکہ اس کا نام اور بھی روشن کر رہا تھا۔ اس وقت بھی دونوں الاؤ کے سامنے بیٹھے آلو بھون رہے تھے، جو کسی کے کھیت سے کھود لائے تھے۔ گھیسو کی بیوی کا تو مدّت ہوئی، انتقال ہو گیا تھا۔ مادھو کی شادی پچھلے سال ہوئی تھی۔ جب سے یہ عورت آئی تھی، اس نے اس خاندان میں تمدّن کی بنیاد ڈالی تھی۔ پسائی کر کے یا گھاس چھیل کر وہ سیر بھر آٹے کا انتظام کرلیتی تھی اور ان دونوں بےغیرتوں کا دوزخ بھرتی رہتی تھی۔ جب سے وہ آئی، یہ دونوں اور بھی آرام طلب اور آلسی ہو گئے تھے، بلکہ کچھ اکڑنے بھی لگے تھے۔ کوئی کام کرنے کو بلاتا، تو بے نیازی کی شان سے دوگنی مزدوری مانگتے۔ وہی عورت آج صبح سے دردِ زہ سے مر رہی تھی، اور یہ دونوں شاید اسی انتظار میں تھے کہ یہ مر جائے، تو آرام سے سوئیں۔

گھیسو نے آلو نکال کر چھیلتے ہوئے کہا:

جاکر دیکھ تو، کیا حالت ہے اس کی؟ چڑیل کا پھساد ہوگا (۵)، اور کیا؟ یہاں تو اوجھا بھی ایک روپیہ مانگتا ہے۔ کس کے گھر سے آئے؟

مادھو کو اندیشہ تھا، کہ وہ کوٹھری میں گیا، تو گھیسو آلوؤں کا بڑا حصّہ صاف کر دے گا۔ بولا:

مجھے وہاں جاتے ڈر لگتا ہے۔

"ڈر کس بات کا ہے؟ میں تو یہاں ہوں ہی۔"

تو تم ہی جاکر دیکھو نہ؟

"میری عورت جب مری تھی، تو میں تین دن اس کے پاس سے ہلا بھی نہیں۔ اور پھر مجھ سے لجائے گی نہیں؟ کبھی اس کا منہ نہیں دیکھا، آج اس کا اگھرا ہوا بدن دیکھوں! اسے تن کی سدھ بھی تو نہ ہوگی؟ مجھے دیکھ لے گی، تو کھل کر ہاتھ پاؤں بھی نہ پٹک سکے گی!"

میں سوچتا ہوں، کہ کوئی بال بچّہ ہوگیا، تو کیا ہوگا؟ سونٹھ، گڑ، تیل کچھ بھی تو نہیں ہے گھر میں!

"سب کچھ آ جائے گا۔ بھگوان بچّہ دیں تو! جو لوگ ابھی ایک پیسہ نہیں دے رہے ہیں، وہی تب بلا کر دیں گے۔ میرے تو لڑکے ہوئے۔ گھر میں کبھی کچھ نہ تھا۔ مگر اسی طرح ہر بار کام چل گیا۔

جس سماج میں رات دن کام کرنے والوں کی حالت ان کی حالت سے کچھ بہت اچّھی نہ تھی، اور کسانوں کے مقابلے میں وہ لوگ، جو کسانوں کی کمزوریوں سے فائدہ اٹھانا جانتے تھے، کہیں زیادہ فارغ البال تھے، وہاں اس قسم کی ذہنیت پیدا ہو جانا کوئی تعجب کی بات نہ تھی۔ ہم تو کہیں گے، گھیسو کسانوں کے مقابلے میں زیادہ باریک بیں تھا، اور کسانوں کی تہی دماغ جمعیت

میں شامل ہونے کے بدلے، شاطروں کی نکتہ پرداز جماعت میں شامل ہو گیا تھا۔ ہاں، اس میں یہ صلاحیت نہ تھی، کہ شاطروں کے آئین و ادب کی پابندی کرتا۔ اس لئے جہاں اس کی جماعت کے اور لوگ گاؤں کے سرغنہ اور مکھیا بنے ہوئے تھے، اس پر سارا گاؤں انگشت نمائی کرتا تھا(۶)۔ پھر بھی اسے یہ تسکین تو تھی ہی، کہ اگر وہ خستہ حال ہے، تو کم از کم اسے کسانوں کی سی جگر توڑ محنت تو نہیں کرنی پڑتی، اور اس کی سادگی اور بے زبانی سے دوسرے بے جا فائدہ تو نہیں اٹھاتے!

دونوں آلو نکال کر جلتے جلتے کھانے لگے۔ کل سے کچھ نہیں کھایا تھا۔ اتنا صبر نہ تھا کہ انہیں ٹھنڈا ہوجانے دیں۔ کئی بار دونوں کی زبانیں جل گئیں۔ چھل جانے پر، آلو کا بیرونی حصّہ تو بہت گرم نہ معلوم ہوتا، لیکن دانتوں کے تلے پڑتے ہی اندر کا حصّہ زبان، حلق اور تالو کو جلا دیتا تھا، اور اس انگارے کو منہ میں رکھنے سے زیادہ خیریت اسی میں تھی کہ وہ اندر پہنچ جائے۔ وہاں، اسے ٹھنڈا کرنے کے لئے کافی سامان تھا۔ اس لئے دونوں جلد جلد نگل جاتے، حالاں کہ اس کوشش میں ان کی آنکھوں سے آنسو نکل آتے۔

گھیسو کو اس وقت ٹھاکر کی برات یاد آئی، جس میں بیس سال پہلے وہ گیا تھا۔ اس دعوت میں اسے جو سیری نصیب ہوئی تھی، وہ اس کی زندگی میں ایک یادگار واقعہ تھی، اور آج بھی اس کی یاد تازہ تھی۔ بولا:

> وہ بھوج نہیں بھولتا۔ تب سے پھر اس طرح کا کھانا اور بھر پیٹ نہیں ملا۔ لڑکی والوں نے سب کو پوڑیاں کھلائی تھیں، سب کو ! چھوٹے بڑے سب نے پوڑیاں کھائیں اور اصلی گھی کی۔ چٹنی، رائتہ، تین طرح کے سوکھے ساگ، ایک رسے دار ترکاری، دہی، چٹنی، مٹھائی۔ اب کیا بتاؤں، کہ اس بھوج میں کیا سواد ملا۔ کوئی روک نہیں تھی۔ جو چیز چاہو، مانگو اور جتنا چاہو، کھاؤ۔ لوگوں نے تو ایسا کھایا، کہ کسی سے پانی نہ پیا گیا۔ مگر پروسنے والے ہیں کہ سامنے گرم گرم، گول گول،

مہکتی کچوریاں ڈالے دیتے ہیں۔ منع کرتے ہیں کہ نہیں چاہئے، پتّل کو ہاتھ سے روکے ہوئے ہیں، مگر وہ ہیں کہ دئے جاتے ہیں۔ اور جب سب نے منہ دھو لیا، تو ایک ایک بیڑا پان بھی ملا۔ مگر مجھے پان لینے کی کہاں سدھ تھی؟ کھڑا نہ ہوا جاتا تھا۔ چٹ پٹ جاکر اپنے کمبل پر لیٹ گیا۔ ایسا دریا دل تھا وہ ٹھاکر!

مادھو نے ان تکلّفات کا مزہ لیتے ہوئے کہا:

اب ہمیں کوئی ایسا بھوج کھلاتا!

''اب کوئی کیا کھلائے گا؟ وہ جمانا دوسرا تھا۔ اب تو سب کو کپھایت سوجھتی ہے۔ سادی بیاہ میں مت کھرچ کرو، کریا کرم میں مت کھرچ کرو۔ پوچھو، گریبوں کا مال بٹور بٹور کر کہاں رکھوگے؟ مگر بٹورنے میں تو کمی نہیں ہے۔ ہاں، کھرچ میں کپھایت سوجھتی ہے۔''

تم نے ایک بیس پوڑیاں کھائی ہوں گی؟

''بیس سے جیادہ کھائی تھیں!''

میں پچاس کھا جاتا!

''پچاس سے کم میں نے بھی نہ کھائی ہوں گی۔ اچھا پٹّھا تھا۔ تو تو اس کا آدھا بھی نہیں ہے۔''

آلو کھاکر دونوں نے پانی پیا، اور وہیں الاؤ کے سامنے اپنی دھوتیاں اوڑھ کر پاؤں پیٹ میں ڈالے سو رہے، جیسے دو بڑے اژدر گینڈلیاں مارے پڑے ہوں (۷)۔

اور بدھیا ابھی تک کراہ رہی تھی۔

(۲)

صبح کو مادھو نے کوٹھڑی میں جاکر دیکھا، تو اس کی بیوی ٹھنڈی ہوگئی تھی۔ اس کے منہ پر مکّھیاں بھنک رہی تھیں۔ پتھرائی ہوئی آنکھیں اوپر ٹنگی ہوئی

تھیں (۸)۔ سارا جسم خاک میں لت پت ہو رہا تھا۔ اس کے پیٹ میں بچّہ مر گیا تھا۔

مادھو بھاگا ہوا گھیسو کے پاس آیا۔ پھر دونوں زور زور سے ہائے ہائے کرنے اور چھاتی پیٹنے لگے۔ پڑوس والوں نے یہ آہ و زاری سنی، تو دوڑے ہوئے آئے اور رسمِ قدیم کے مطابق غم زدوں کی تشفّی کرنے لگے۔

مگر زیادہ رونے دھونے کا موقع نہ تھا۔ کفن کی اور لکڑی کی فکر کرنی تھی۔ ر میں تو پیسہ اسی طرح غائب تھا جیسے چیل کے گھونسلے میں ماس (۹)۔ باپ بیٹے روتے ہوئے گاؤں کے زمیں دار کے پاس گئے۔ وہ ان دونوں کی صورت سے نفرت کرتے تھے۔ کئی بار انھیں اپنے ہاتھوں سے پیٹ چکے تھے، چوری کی علّت میں، وعدے پر کام پر نہ آنے کی علّت میں۔ پوچھا:

> کیا ہے بے گھیسوا؟ روتا کیوں ہے؟ اب تو تیری صورت ہی نظر نہیں آتی! معلوم ہوتا ہے کہ تم اس گاؤں میں رہنا نہیں چاہتے۔

گھیسو نے زمین پر سر رکھ کر، آنکھوں میں آنسو بھرتے ہوئے، کہا:

> سرکار! بڑی بپت میں ہوں۔ مادھو کی گھر والی رات گجر گئی۔ رات بھر تڑپتی رہی سرکار! ہم دونوں اس کے سرہانے بیٹھے رہے۔ دوا دارو جو کچھ ہو سکا، سب کیا۔ مگر وہ ہمیں دغا دے گئی۔ اب کوئی ایک روٹی دینے والا نہیں رہا مالک! تباہ ہو گئے۔ گھر اجڑ گیا۔ آپ کا غلام ہوں، اب آپ کے سوا اس کی مٹّی کون پار لگائے گا (۱۰)۔ ہمارے ہاتھ میں تو جو کچھ تھا، وہ سب دوا دارو میں اٹھ گیا۔ سرکار ہی کی دیا ہوگی، تو اس کی مٹّی اٹھے گی۔ آپ کے سوا اور کس کے دوار پر جاؤں؟

زمیں دار رحم دل آدمی تھے۔ مگر گھیسو پر رحم کرنا، کالے کمبل پر رنگ چڑھانا

تھا(۱۱)۔ جی میں تو آیا، کہہ دیں:

چل دور ہو یہاں سے۔ لاش گھر میں رکھ کر سڑا۔ یوں تو بلانے
سے بھی نہیں آتا، آج جب غرض پڑی تو آکر خوشامد کر
رہا ہے۔ حرام خور کہیں کا، بدمعاش!

مگر یہ غصّے یا انتقام کا موقع نہیں تھا۔ طوعاً و کرہاً دو روپئے نکال کر پھینک دیئے، مگر تشفّی کا ایک کلمہ بھی منہ سے نہ نکالا۔ اس کی طرف تاکا تک نہیں۔ گویا سر کا بوجھ اتارا ہو۔

جب زمیں دار صاحب نے دو روپئے دیئے، تو گاؤں کے بنئے مہاجنوں کو انکار کی جرأت کیوں کر ہوتی؟ گھیسو زمیں دار کے نام کا ڈھنڈورا پیٹنا جانتا تھا۔ کسی نے دو آنے دیئے، کسی نے چار آنے۔ ایک گھنٹے میں گھیسو کے پاس پانچ روپئے کی معقول رقم جمع ہو گئی۔ کسی نے غلّہ دیا اور کسی نے لکڑی۔ اور دوپہر کو گھیسو اور مادھو بازار سے کفن لانے چلے۔ ادھر لوگ بانس وانس کاٹنے لگے۔

گاؤں کی رقیق القلب عورتیں لاش کو آ آ کر دیکھتی تھیں، اور اس کی بے بسی پر دو بوند آنسو گرا کر چلی جاتی تھیں۔

(۳)

بازار میں پہنچ کر گھیسو بولا:

لکڑی تو اسے جلانے بھر کو مل گئی ہے، کیوں مادھو؟

مادھو بولا: ہاں، لکڑی تو بہت ہے۔ اب کپھن چاہئیے۔

"تو چلو، کوئی ہلکا سا کپھن لے لیں۔"

ہاں، اور کیا! لاش اٹھتے اٹھتے رات ہو جائے گی۔ رات کو
کپھن کون دیکھتا ہے؟

"کیسا برا رواج ہے، کہ جسے جیتے جی تن ڈھانکنے کو

چیتھڑا بھی نہ ملے، اسے مرنے پر نیا کپھن چاہئے۔"
کپھن لاش کے ساتھ جل ہی تو جاتا ہے!
"اور کیا رکھا رہتا ہے؟ یہی پانچ روپئے پہلے ملتے،
تو کچھ دوا دارو کر لیتے۔"

دونوں ایک دوسرے کے دل کا ماجرا معنوی طور پر سمجھ رہے تھے۔ بازار میں اِدھر اُدھر گھومتے رہے۔ کبھی اِس بزاز کی دوکان پر گئے، کبھی اُس کی دوکان پر۔ طرح طرح کے کپڑے، ریشمی اور سوتی دیکھے، مگر کوئی جنچا نہیں۔ یہاں تک کہ شام ہو گئی۔ تب دونوں اتّفاق سے یا عمداً ایک شراب خانے کے سامنے آ پہنچے، اور گویا کسی طے شدہ فیصلے کے مطابق اندر چلے گئے۔ وہاں، ذرا دیر تک دونوں تذبذب کی حالت میں کھڑے رہے۔ پھر گھیسو نے ایک بوتل شراب لی، کچھ گزک، اور دونوں برامدے میں بیٹھ کر پینے لگے۔

کئی کجّیاں پیہم پینے کے بعد دونوں سرور میں آ گئے۔ گھیسو بولا:

کپھن لگانے سے کیا ملتا؟ آخر جل ہی تو جاتا۔ کچھ بہو کے ساتھ تو نہ جاتا۔

مادھو آسمان کی طرف دیکھ کر بولا، گویا فرشتوں کو اپنی معصومیت کا یقین دلا رہا ہو:

دنیا کا دستور ہے، نہیں لوگ بامنوں کو ہزاروں روپئے کیوں دے دیتے ہیں؟ کون دیکھتا ہے، پرلوک میں ملتا ہے یا نہیں؟

"بڑے آدمیوں کے پاس دھن ہے، پھونکیں۔ ہمارے پاس پھونکنے کو کیا ہے؟"

لیکن لوگوں کو جواب کیا دوگے؟ لوگ پوچھیں گے نہیں، کپھن کہاں ہے؟

گھیسو ہنسا:

ابے، کہہ دیں گے کہ روپئے کمر سے کھسک گئے۔ بہت ڈھونڈا، ملے نہیں۔

مادھو بھی ہنسا ——— اس غیر متوقع خوش نصیبی پر، قدرت کو اس طرح شکست دینے پر۔ بولا:

بڑی اچھی تھی بےچاری! مری بھی تو خوب کھلا پلا کر!

آدھی بوتل سے زیادہ ختم ہو گئی۔ گھیسو نے دو سیر پوڑیاں منگوائیں، گوشت اور سالن اور چٹ پٹی کلیجیاں اور تلی ہوئی مچھلیاں۔ شراب خانے کے سامنے ہی دوکان تھی۔ مادھو لپک کر دو پتّلوں میں ساری چیزیں لے آیا۔ پورے ڈیڑھ روپئے خرچ ہوگئے، صرف تھوڑے سے پیسے بچ رہے۔ دونوں اس وقت اس شان سے بیٹھے ہوئے پوڑیاں کھا رہے تھے، جیسے جنگل میں کوئی شیر اپنا شکار اڑا رہا ہو۔ نہ جواب دہی کا خوف تھا، نہ بدنامی کی فکر۔ ضعف کے ان مراحل کو انھوں نے بہت پہلے طے کرلیا تھا۔ گھیسو فلسفیانہ انداز سے بولا:

ہماری آتما پرسنّ ہو رہی ہے، تو کیا اسے پن نہ ہوگا؟

مادھو نے فرقِ عقیدت جھکا کر تصدیق کی:

جرور سے جرور ہوگا۔ بھگوان! تم انترجامی (علیم) ہو۔ اسے بیکنٹھ لے جانا۔ ہم دونوں ہردے سے اسے دعا دے رہے ہیں۔ آج جو بھوجن ملا، وہ کبھی عمر بھر نہ ملا تھا۔

ایک لمحے کے بعد، مادھو کے دل میں، ایک تشویش پیدا ہوئی۔ بولا:

کیوں دادا! ہم لوگ بھی تو ایک نہ ایک دن (۱۲) وہاں جائیں گے ہی؟

گھیسو نے اس طفلانہ سوال کا کوئی جواب نہ دیا۔ مادھو کی طرف پر ملامت انداز سے دیکھا۔

جو وہاں ہم لوگوں سے وہ پوچھے گی کہ تم نے ہمیں کپھن کیوں نہیں دیا، تو کیا جواب دو گے؟

"کہیں گے تیرا سر(۱۳)!"

پوچھے گی تو جرور!

"تو کیسے جانتا ہے، اسے کپھن نہ ملے گا؟ تو مجھے ایسا گدھا سمجھتا ہے؟ میں ساٹھ سال دنیا میں کیا گھاس

کشود تا رہا ہوں؟ اس کو کفن ملے گا، اور اس سے بہت اچھا ملے گا جو ہم دیتے۔"

مادھو کو یقین نہ آیا۔ بولا:

کون دے گا؟ روپئے تو تم نے چٹ کر دئے۔ وہ تو مجھ سے پوچھے گی۔ اس کی مانگ میں سندور تو میں نے بھرا تھا(۱۴)۔

"میں کہتا ہوں، اسے کفن ملے گا۔ تو مانتا کیوں نہیں؟"

کون دے گا، بتاتے کیوں نہیں؟

"وہی لوگ دیں گے، جنھوں نے اب کی دیا۔ ہاں، اب روپئے ہمارے ہاتھ نہ آئیں گے، اور اگر کسی طرح سے آ جائیں، تو پھر ہم اسی طرح یہاں بیٹھے پئیں گے، اور کفن تیسری بار ملے گا۔"

جوں جوں اندھیرا بڑھتا تھا اور ستاروں کی چمک تیز ہوتی تھی، مے خانے کی رونق بھی بڑھتی جاتی تھی۔ کوئی گاتا تھا، کوئی لہکتا تھا، کوئی اپنے رفیق کے گلے لپٹا جاتا تھا، کوئی اپنے دوست کے منہ میں ساغر لگائے دیتا تھا۔ وہاں کی فضا میں سرور تھا، ہوا میں نشہ۔ کتنے تو چلّو میں الّو ہو جاتے ہیں(۱۵)۔ یہاں آتے تھے صرف خود فراموشی کا مزہ لینے کے لئے۔ شراب سے زیادہ یہاں کی ہوا سے مسرور ہوتے تھے۔ زیست کی بلا یہاں کھینچ لاتی تھی، اور کچھ دیر کے لئے وہ بھول جاتے تھے کہ وہ زندہ ہیں یا مردہ، یا زندہ در گور ہیں۔

اور یہ دونوں باپ بیٹے اب بھی مزے لے لے کر چسکیاں لے رہے تھے۔ سب کی نگاہیں ان کی طرف جمی ہوئی تھیں۔ کتنے خوش نصیب ہیں دونوں! پوری بوتل بیچ میں ہے۔

کھانے سے فارغ ہو کر مادھو نے بچی ہوئی پوڑیوں کا پتّل اٹھا کر ایک بھکاری کو دے دیا، جو کھڑا ان کی طرف گرسنہ نگاہوں سے دیکھ رہا تھا، اور "دینے" کے غرور، ولولے اور مسرّت کا اپنی زندگی میں پہلی بار احساس کیا۔

گھیسو نے کہا:

لے جا، کھوب کھا اور اسیرباد دے! جس کی کمائی ہے، وہ تو مر گئی۔ مگر تیرا اسیرباد اسے جرور پہنچ جائے گا۔ روئیں روئیں سے اسیرباد دے، بڑی گاڑھی کمائی کے پیسے ہیں!

مادھو نے پھر آسمان کی طرف دیکھ کر کہا:

بیکنٹھ میں جائے گی، دادا! بیکنٹھ کی رانی بنے گی۔

گھیسو کھڑا ہو گیا، اور جیسے مسرّت کی لہروں میں تیرتا ہوا بولا:

ہاں بیٹا، بیکنٹھ میں جائے گی۔ کسی کو ستایا نہیں، کسی کو دبایا نہیں۔ مرتے وقت ہماری زندگی کی سب سے بڑی لالسا پوری کر گئی۔ وہ نہ بیکنٹھ میں جائے گی تو کیا یہ موٹے موٹے لوگ جائیں گے، جو گریبوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹتے ہیں، اور اپنے پاپ کو دھونے کے لئے گنگا میں نہاتے ہیں اور مندروں میں جل چڑھاتے ہیں؟

یہ خوش اعتقادی کا رنگ بھی بدلا۔ تلوّن نشے کی خاصّیت ہے۔ یاس اور غم کا دورہ ہوا۔ مادھو بولا:

مگر دادا، بے چاری نے جندگی میں بڑا دکھ بھوگا۔ مری بھی کتنا دکھ جھیل کر!

وہ آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر رونے لگا۔

گھیسو نے سمجھایا:

کیوں روتا ہے بیٹا؟ کھس ہو کہ وہ مایا جال سے مکت ہو گئی، جنجال سے چھوٹ گئی۔ بڑی بھاگوان تھی، جو اتنی جلدی مایا موہ کے بندھن توڑ دیئے۔

اور دونوں وہیں کھڑے ہو کر گانے لگے:

ٹھگنی کیوں نیناں جھمکاوے! ٹھگنی ....

سارا مے خانہ محوِ تماشا تھا، اور یہ دونوں مے کش محویت کے عالم میں گائے جاتے تھے۔ پھر دونوں ناچنے لگے۔ اچھلے بھی، کودے بھی۔ گرے بھی، مٹکے بھی۔ بھاؤ بھی بتائے، بہروپ بھی بھرے۔ اور آخر نشے سے بد مست ہو کر وہیں گر پڑے۔

"kafan"

Footnotes

(1) At intervals; Every now and then.

(2) If there was even a handful of grain present in the house, it was for them an oath of (not) working; If there was (even) a handful of grain present in (their) house, they would take an oath (not) to work; If there was any grain in the house at all, they simply would not work.

(3) And for the time that (little) money remained with them, both would wander about idly; As long as they had any of this money left, they would wander about doing nothing.

(4) and Mádhoo, too, like a dutiful son, was following in his father's footsteps.

(5) It will be the wickedness of the cuRɛɛl (the ghost of a woman who died while pregnant); The cuRɛɛl must have her under a spell.

(6) the entire village pointed the finger (of scorn) at him; the entire village thought ill of him.

(7) as if two pythons were lying coiled up; coiled up like two pythons.

(8) (Her) lifeless eyes were rolled upward.

(9) Money was as scarce in their house as meat in a vulture's nest; Money was as scarce in their house as hen's teeth.

(10) now who except you would (arrange to) carry her remains across; now who but you is to help us in arranging for her cremation.

(11) But to take pity on Ghísu was like dyeing a black blanket; But it was useless to have pity for such a man.

(12) some day or other; sooner or later.

(13) (We) will say, "Your head!"; Nonsense!

(14) It was I who put the vermilion in the part of her hair; It was I who took her hand in marriage and thereby pledged to take care of her.

(15) Many become stupid with a mouthful;
Many become intoxicated with only a mouthful.

****

Exercises

1. Give suitable synonyms for the underlined words and phrases (making any changes necessary in sentences).

۱۔ مادھو چڑھ کر بولا۔

۲۔ اس گاؤں میں چماروں کا بھی ایک کنبہ رہتا تھا۔

۳۔ کیا یہ کاشتکاروں کا گاؤں ہے؟

۴۔ مادھو، کسی کے کھیت سے، آلو کھود لایا تھا۔

۵۔ گھیسو کی بیوی کا انتقال ہو گیا تھا۔

۶۔ مادھو کی شادی پچھلے سال ہوئی تھی۔

۷۔ جب سے بدھیا آئی، یہ دونوں اور بھی آرام طلب ہو گئے تھے۔

۸۔ مادھو کو اندیشہ تھا، کہ وہ اندر گیا، تو گھیسو سب آلو صاف کر دے گا۔

۹۔ گھیسو کسانوں کی تہی دماغ جمعیت میں شامل نہ ہوا۔

۱۰۔ چھل جانے پر آلوؤں کا بیرونی حصّہ گرم نہ معلوم ہوتا۔

۱۱۔ اب کیا بتاؤں، اس بھوج میں کیا سواد ملا۔ کوئی روک نہیں تھی۔

۱۲۔ چٹ پٹ جا کر اپنے کمبل پر لیٹ گیا۔

۱۳۔ صبح کو مادھو نے کوٹھڑی میں جا کر دیکھا، تو اس کی بیوی ٹھنڈی
ہو چکی تھی۔

۱۵۔ مگر تشفّی کا ایک کلمہ بھی منہ سے نہ نکالا، اس کی طرف تاکا تک نہیں۔

۱۶۔ گاؤں کی رقیق القلب عورتیں لاش کو آ آ کر دیکھتی تھیں، اور اس کی
بے بسی پر دو بوند آنسو گرا کر چلی جاتی تھیں۔

۱۷- کیسا برا رواج ہے، کہ جسے جیتے جی تن ڈھانکنے کو چیتھڑا نہ ملے،
اسے مرنے پر نیا کفن چاہئیے۔

۱۸- ہماری آتما پرسنّ ہو رہی ہے، تو کیا اسے پن نہ ہوگا؟

۱۹- بھگوان! ہم دونوں ہردے سے اسے دعا دے رہے ہیں۔

۲۰- جوں جوں اندھیرا بڑھتا جاتا تھا، میخانے کی رونق بھی بڑھتی جاتی تھی۔

2. Fill in the blanks.

۱- مادھو کی نو جوان بیوی دردِ زہ سے پچھاڑیں ——— رہی تھی۔

۲- بدھیا کی دل خراش صدا سن کر دونوں کلیجہ ——— لیتے تھے۔

۳- گالیاں بھی ——— تھے، مگر کوئی غم نہیں۔

۴- گھیسو نے اسی زاہدانہ انداز سے ساٹھ سال کی عمر ——— دی۔

۵- مادھو بھی سعادت مند بیٹے کی طرح باپ کے نقشِ قدم پر ——— رہا تھا۔

۶- اس عورت نے چماروں کے اس خاندان میں تمدّن کی بنیاد ——— تھی۔

۷- محنت مزدوری کر کے، وہ ان دونوں بے غیرتوں کا دوزخ ——— رہتی تھی۔

۸- وہ لوگ جو کسانوں کی کمزوریوں سے فائدہ ——— جانتے تھے، کہیں زیادہ
فارغ البال تھے۔

۹- اب آپ کے سوا اس کی مٹّی کون پار ——— گا۔

۱۰- گھیسو پر رحم ———، کالے کمبل پر رنگ ——— تھا۔

۱۱- گھیسو زمیں دار کے نام کا ڈھنڈورا ——— جانتا تھا۔

۱۲- گویا فرشتوں کو اپنی معصومیت کا یقین ——— رہا ہو۔

۱۳- میں ساٹھ سال دنیا میں کیا گھاس ــــ رہا ہوں؟

۱۴- اس کی مانگ میں سندور تو میں نے ــــ تھا۔

۱۵- گھیسو مسرّت کی لہروں میں ــــ ہوا بولا۔

۱۶- بڑی بھاگوان تھی، جو اتنی جلدی مایا موہ کے بندھن ــــ دئے۔

۱۷- دونوں مےکش بناؤ ــــ اور بہروپ ــــ لگے۔

3. Write the following sentences in the Urdu script.

(1) reh reh kar us kee mũũ see eek dil xaraaš sadaa nikaltii thii.

(2) maaluum hootaa hɛɛ, bacee gii nahĩĩ.

(3) unhẽẽ qanaa/at ɔɔr tavakkul kee liee zabt-e-nafs kii mutlaq zaruurat na thii.

(4) ghar mẽẽ doo caar bartanõõ kee sivaa kooii asaasaa na thaa.

(5) ghiisuu šaatirõõ kii fitnaa pardaaz jamaa/at mẽẽ šaamil hoo gayaa.

(6) itnaa sabr na thaa ke aaluuõõ koo ThanDaa hoo jaanee dẽẽ.

(7) us daavat mẽẽ joo sɛɛrii nasiib huii, voo us kii zindagii mẽẽ eek yaadgaar vaaqeaa thii.

(8) coorii kii illat mẽẽ, vaadee par kaam par na aanee kii illat mẽẽ.

(9) tɔɔan-o-karhan doo rupaee nikaal kar phɛ̃ɛ̃ĸdiee.

(10) jab zamĩĩ daar nee kuch dee diyaa, too duusrõõ koo inkaar kii jurat kɛɛsee hootii?

(11) tab doonõõ amdan eek šaraab xaanee kee saamnee aa pohãcee, ɔɔr gooyaa kisii tɛɛ šudaa fɛɛslee kee mutaabiq andar calee gaee.

(12) zoof kee in maraahil koo unhõõ nee bohat pehlee tɛɛ kar liyaa thaa.

(13) maadhoo nee farq-e-aqiidat jhukaa kar tasdiiq kii.

(14) vahãã kii fizaa mẽẽ suruur thaa, havaa mẽẽ našaa.

(15) kitnee xuš nasiib hɛ̃ɛ̃ doonõõ!

4. Answer the following questions in Urdu.

۱۔ گاؤں میں گھیسو اور مادھو کو آسانی سے مزدوری کیوں نہ ملتی تھی؟

۲۔ فاقے ہو جانے پر، وہ کس طرح چند پیسوں کا انتظام کرتے تھے؟

۳۔ بھوکا پیٹ بھرنے کے لئے، انھوں نے اور کیا ذریعہ نکالا تھا؟

۴۔ بدھیا نے، اپنے نئے گھر کے لئے کیا کیا کیا؟

۵۔ مادھو کی بیوی کیوں ہائے ہائے کر رہی تھی؟

۶۔ گھیسو کے بار بار کہنے پر بھی، اس کے لڑکے نے اپنی بیوی کے پاس اندر جانے سے کیوں انکار کر دیا؟

۷۔ سونٹھ، گڑ، تیل کے بارے میں گھیسو اور مادھو کے درمیان کیا بات ہوئی؟

۸۔ پریم چند، کسانوں کے مقابلے میں، گھیسو کو کیوں زیادہ باریک بیں سمجھتا ہے؟

۹۔ ٹھاکر کی برات کی دعوت کے مزے گھیسو نے کس طرح بیان کئے؟

۱۰۔ مادھو کے سوال پر کہ "اب کوئی ایسا بھوج کیوں نہیں کھلاتا؟"، گھیسو نے کیا جواب دیا؟

۱۱۔ گھیسو نے کفن کے لئے کس طرح اور کتنی رقم جمع کی؟

۱۲- بازار پہنچتے پر، کفن خریدنے کے بارے میں باپ اور بیٹے کے درمیان کیا بات چیت ہوئی ؟

۱۳- شراب خانے میں گھیسو اور مادھو نے کیا کیا خریدا ؟

۱۴- مے خانے میں مادھو کے دل میں کیا تشویش پیدا ہوئی ؟

۱۵- دونوں شرابی نشے کی حالت میں بڈھیا کی دکھ بھری زندگی اور نجات کے بارے میں کیا بات چیت کرتے ہیں؟

۱۶- پریم چند دونوں مے کشوں کو کہاں اور کس عالم میں چھوڑتا ہے ؟

"kafan"

Vocabulary

aaxir (a)	last, later, final
aaraam (m)	rest, comfort, ease
aaraam ṭalab (a)	lazy
aazaad (a)	free, unrestrained
aasmaan (m)	sky
aakhir	aaxir
aalsii (a)	indolent
aaluu (m)	potato
ããsuu (m)	a tear
aah-o-zaarii (f)	lamentation
aaiin (m)	law
ittifaaq (m)	chance, opportunity, agreement
ittifaaq see	by chance
uThnaa	to get up, to rise up; to be spent
as̱aas̱ah (m)	household effects
ujaRnaa	to be deserted
uchalnaa	to leap, rejoice
iḥsaas (m)	perception, feeling
aždar (m)	dragon, python
asiir vaad	blessing
as̈lii (a)	original, actual, unmixed, pure, real
ukhaaRnaa	to uproot, to dig up, to pull out
ugharnaa	to be opened, to be uncovered, to be naked, to be exposed

alaaoo (m)	a fire-pit
ulluu (m)	an owl, a stupid fellow
anaaj (m)	grain
antar jaamii (a)	omniscient, an epithet of Vishnu višnuu
intiẓaar (m)	waiting anxiously (for), expectation
intiẓaam (m)	management, arrangement
intiqaal (m)	transfer, migration, death
intiqaam (m)	revenge, vengeance
andaaz (m)	way, manner, style
andeešah (m)	reflection, thought, suspicion, fear, anxiety
inkaar (m)	denial, declining, negation
angaarah	ember, a piece of fire
angušt (f)	a finger
angušt numaaii karnaa	to point towards an undesirable and notorious man, to ridicule, to look down upon
uujhaa (m)	one who cast out evil spirits by means of charms or incantations
uukh (f)	sugar-cane
baariik bĩĩ (a)	penetrating, quick of apprehension, intelligent
baal (m)	a child
bãã̃s (m)	a bamboo
bipat (f)	adversity, misfortune
baToornaa	collect, gather
bujhaanaa	to extinguish, quench
bujhnaa	caus. of bujhnaa
bacnaa	to save oneself, to escape from to avoid, to survive

bad mast hoonaa	to get intoxicated
bad maʔaaš (a)	immoral, wicked
bad naam (a)	disreputable, notorious
bad naamii (f)	bad name, dishonor
budhiyaa (f)	Budhia
baraat (f)	marriage procession
bartan (m)	vessel, basin
bazaaz (m)	cloth-merchant
balaa (f)	calamity, distress, misfortune
bandhan (m)	bond, relationship
baniyaa (m)	a merchant, a money-lender
bunyaad Daalnaa	to lay the foundation
bootal (f)	a bottle
boojh utaarnaa	to throw off a load
bũũd (f)	a drop
bhaagvaan (a)	prosperous, lucky
bhaaoo bataanaa	to gesticulate
bahruup (m)	disguise, mimicry
bahruup bharnaa	to disguise, to mimic
bhikaarii (m)	a beggar, a pauper
bhagvaan (m)	the supreme being, God
bhinaknaa	to buzz, to remain filthy
bahuu (f)	bride, son's wife, wife
bhooj (m)	food, dinner
bhoognaa	to bear, to suffer
bhuulnaa	to forget
bhuunnaa	to roast

byaah (m)	marriage
bee basii (f)	helplessness
bee jaa (a)	improper
bee dard (a)	heartless
bee zabaanii (f)	dumbness, silence
bee ǧɛɛrat (a)	shameless, wanton
bee niyaazii (f)	indifference
bee vaphaaii	bee vafaaii
bee vafaaii (f)	faithlessness
beecnaa	to sell
bɛɛruunii (a)	outer, external
biiRaa (m)	a betel leaf (folded generally in a triangular form) with spices, areca nut and cardamum
bɛɛkunTh (m)	heaven, paradise
paabandii karnaa	to follow
paap (m)	sin
paan (m)	a betel leaf, a biiRaa
paaõõ (m)	foot, leg
pathraanaa	to become hard, to be dead
paTaknaa	to dash against, to throw on the ground with violence
paTThaa (m)	youth, a young man
pachaaR (f)	falling back in a swoon, throwing down
pachaaRẽẽ khaanaa	to fall back, to fall into a swoon
pirsann hoonaa	to be happy
parlook (m)	the upper region, the next world

paroosnaa	to serve a meal to guests
paroosnee vaalaa	one who serves the victuals
pur malaamat (a)	reproachful
pisaaii (f)	grinding, price paid for grinding
pun (m)	a virtuous deed
puuRii (f)	a thick cake fried in clarified butter
phasaad	fasaad
phũũknaa	to blow, to set on fire; to be lavish
pεεham	successively
taariikii (f)	darkness
taazah hoonaa	to be refreshed, to be revived
taaknaa	to look, to stare at
taaluu (m)	palate
tabaah hoonaa	to be ruined
tarkaarii (f)	vegetable
taRapnaa	to flutter, to be dying for
taz̲abz̲ub (m)	hesitation
tašdiiq karnaa	to confirm, to endorse
taskiin (f)	satisfaction
tašaffii (f)	consolation, satisfaction
tašviiš (f)	worry
takalluf (m)	formality
takallufaat	pl. of takalluf formalities, elaborate preparations, ceremonies
talaaš karnaa	to search
talnaa	to fry

talavvun (m)	fickleness, changeableness
talee	below, under, at the foot of
tamaddun (m)	culture, civilization
tan (m)	body, person
tooRnaa	to pluck, break
tavakkul (m)	trust in God, reliance
tihii damaağ (a)	brainless
tεεrnaa	to swim, to float
teel (m)	oil
Thag (m)	a cheat, rogue
Thagnii (f)	a female Thag , the wife of a Thag
ThanDaa hoonaa	To become cold, to die
Tãgnaa	to be hung
š̈aan (f)	attitude
jaaRaa (m)	winter, coldness, cold
jaal (m)	a net, snare
jaruur	z̈aruur
jur-at (f)	courage, bravery
jaz̲b	dissolved (into)
jigar tooR	heart-rending
jal (m)	water, pure water
jal caRhaanaa	to sprinkle holy water as an offering
jalaanaa	to burn
jamaa^ʔat (f)	party, class
jamaanaa	zamaanah
jama^ʔ hoonaa	to be collected, to be gathered together, to be added

jamnaa	to be fixed, to be firmly established, to be frozen
jamii?at (f)	society, party
janjaal (m)	trouble, difficulty, fuss, entanglement
jãcnaa	to be appraised, to be estimated
jangal (m)	jungle, forest
javaab dihii (f)	answering, responsibility
cuusnaa	to suck
jũũ jũũ (adv.)	as, as long as, as far as
jhamkaanaa	to cause to glitter
jheelnaa	to bear, endure, undergo
jyaadah	zyaadah
jiitee jii (adv.)	while one is alive, in the life time
caarah (m)	cure, remedy
caT paT (adv.)	quickly
caT paTaa (a)	tasteful
caT karnaa	to devour, to squander
caTnii	a mixture of salt and pepper with some acid for a relish, a sauce
ciRhnaa	to be irritated, to fret, to be provoked
caRhnaa	to climb
cuskii leenaa	to sip
culluu (m)	a handful or mouthful of any liquid (here wine)
culluu mẽẽ ulluu hoonaa	to become as stupid as an owl with a mouthful, to become intoxicated with a mouthful

camak (f)	glitter, gleam, splendor
chaatii (f)	breast, chest
chaatii piiTnaa	to beat the breast (in sorrow), to lament
chuuTnaa	to be free
chiilnaa	to skin, peel
ciithRaa (m)	a rag
ciil (f)	a kite, vulture
ciil kee ghõõslee mẽẽ mããs	(no) flesh in a vulture's nest, (no) money in the house
ḥaalãã kih (adv.)	though, whereas, however
ḥaalat (f)	condition
ḥaraam xoor (m.f)	a corrupt person, an idle person who does not perform the task for which he is paid
ḥiš̈š̈ah (m)	part, portion
ḥalq (m)	throat, wind-pipe
xaaš̈š̈iyat (f)	peculiarity, peculiar nature
xaak (f)	dust, earth, ashes
xaamooš (a)	silent
xaandaan (m)	family
xarc (m)	expenditure, spending, expense
xastah ḥaal (a)	distressed, afflicted
xulqii (a)	born
xuub (a)	good, excellent, well
xu(u)d faraamoošii (f)	self forgetfulness
xɔɔf (m)	fear
xu(u)š	happy
xu(u)š iˀtqaadii (f)	faith, good faith
xu(u)š našiibii (f)	good fortune

xu(u)šaamad (f)	flattery
xεεriyat (f)	welfare, safety, happiness
dabaanaa	to press down, to suppress, to subdue, to usurp
daraxt (m)	a tree
dard-e-zih (m)	pains of labor, pangs of child-birth
dard naak (a)	painful
daryaa (m)	a large river
daryaa dil (a)	generous
dastuur (m)	custom, way
duʔaa (f)	prayer, wish, blessing
daʔvat (f)	invitation, a feast, banquet, a treat
daǧaa deenaa	to cheat, to pass away
dukh jheelnaa	to suffer pain
dagaa deenaa	daǧaa deenaa
dil xaraaš (a)	heart-rending
doo pahar (f)	midday, noon
davaa daaruu (f)	medicine, treatment
dvaar	darvaazah
dɔɔrah (m)	circuit, session, turn, course
doozax (f)	hell, stomach
doozax bharnaa	to fill the stomach
doo gunaa	double, two-fold, twice
dahii (m)	curd, yogurt
dhan (m)	wealth
dayaa (f)	mercy, kindness, favor

Daalnaa	to throw down, to lay
Dar (m)	fear
Dhããknaa	to cover, to conceal, to hide
DhãDooraa piiTnaa	to proclaim by beat of drum, to exploit (some one's name)
z̲ihniyat (f)	mentality
raanii (f)	queen
raaitah (m)	a salad
raḥm (m)	mercy, pity
raḥm dil (a)	kind hearted
rasm-e-qadiim (f)	old custom, old tradition
risee daar (a)	juicy, luscious
rafiiq (m.f)	companion, comrade, friend
raqam (f)	sum, amount
raqiiq-ul-qalb (a)	tender-hearted
rang (m)	color, dye, paint
rang badalnaa	to change color, to change one's manner
rang caRhaanaa	to color, to dye, to paint,
rivaaj, ravaaj (m)	custom, way
ruvãã (m)	hair of the body
rook (f)	restriction, check
roonaa dhoonaa (m)	weeping, lamentation
rɔɔnaq (f)	glow, splendor
reešmii(a)	silken
zaahid (m)	a hermit, a devout person
zaahidaanah (a)	like a zaahid , devoutly
zabaan (f)	tongue, language
zamaanah (m)	time, age

zamĩĩ daar (m)	land-lord
zindah dar goor	one foot in the grave, living dead
ziyaadah, zyaadah (a)	more, much, additional
ziist (f)	life
saadgii (f)	simplicity
saadhuu (m)	a saint, a hermit
saadii	šaadii
saˀaadat mand (a)	prosperous, obedient
saaǧar (m)	a wine cup, cup, goblet
saag (m)	green potherbs
saal (m)	a year
saalan (m)	meat, fish or vegetable curry
saamaan (m)	things, material, luggage
sitaarah (m)	a star
sataanaa	to tease, to trouble
sarǧanah (m)	a ring-leader, chief
sarkaar (m.f)	lord, master; government
sarhaanaa (m)	the head of a bedstead or tomb
suruur (m)	exhilaration (caused by wine), slight intoxication, joy, cheerfulness
saRaanaa	to rot
sukh cɛɛn (m)	comfort, ease, leisure
samaaj (m)	society
sinduur (m)	virmillion
sannaaTaa (m)	silence
sivaa (adv.)	except, save, but, other than
svaad (m)	taste

suutii (a)	cotton
suujhnaa	to perceive, to come to mind
sõõTh, sɔ̃ɔ̃Th (f)	dry ginger
seerii (f)	satiety
šaadii (f)	joy, rejoicing, wedding
šaaṭir (a)	cunning, clever, tricky
šaamil (a)	comprising, annexed, connected, mingled
šaan (f)	glory, pomp, dignity, condition
šaraab (f)	wine, liquor
šaraab xaanah (m)	mεε xaanah
šikaar (m)	hunting, prey
šikaar uRaanaa	to devour the prey
šikast deenaa	to defeat
s̈aaf karnaa	to clean, clear, eat up, finish
s̈abr (m)	patience, endurance
s̈adaa (f)	voice, cry, call
s̈uurat (f)	face, figure, appearance
s̈ifat (f)	attribute, quality
s̈alaaḥiyat (f)	aptitude
z̈abṭ (m)	control
z̈abṭ-e-nafs (m)	self control
z̈aruurat (f)	necessity
z̈uʔf (m)	weakness
ṭiflaanah (a)	childish
ṭɔɔr (m)	way, manner
ṭɔɔʔ^{an}-o-karh^{an} (adv.)	willingly or unwillingly
ṭεε šudah (a)	pre-meditated, settled, decided

ṭɛɛ karnaa	to fold, to settle, to abridge, to cross
ʔaalam (m)	the world, the public, the picture, the condition
ʔajab (a)	strange
ʔuryaanii (f)	nakedness
ʔillat (f)	fault, habit
ʔaliim (m)	learned
ʔamd^{an} (adv.)	intentionally
ʔumr (f)	age, life-time, period of life
ʔɔɔrat (f)	nakedness, a woman
ǧaaib (a)	absent
ǧaraz̈	intention, purpose, motive, concern, selfishness
ǧarq (a)	drowned, immersed
ǧariib (a)	strange, foreign, poor
ǧuruur (m)	pride
ǧulaam (m)	a slave
ǧallah (m)	grain
ǧam (m)	grief, sorrow, concern
ǧam zadah (a)	sad, grief-stricken
ǧɛɛrat (f)	sense of honor, honor, shame, bashfulness
ǧɛɛr mutavaqquʔ (a)	un-expected
faariǧ-ul-baal (a)	independent, in easy circumstances
faaqah (m)	starvation
faaidah (m)	gain, advantage
faaidah uThaanaa	to reap benefit, to take advantage

fitnah pardaaz (a)	seditious, mischief maker
farištah (m)	an angel
farq-e-ˀaqiidat (m)	grateful head
fasaad (m)	quarrel, disturbance, intrigue, mischief, communal riot
fas̈l (f)	division, chapter, season, reaping season, harvest
fiz̈aa (f)	atmosphere, surroundings, environment
falsafiyaanah (a)	philosophical
fɛɛs̈lah (m)	decision, judgement
qudrat (f)	nature, divine power
qarz̈ (m)	loan, debt
qism (f)	division, part, kind, sort, nature
qasam (f)	an oath
qinaaˀat (f)	contentment
kaaš (interj.)	would that!
kaaštkaar (m)	cultivator, farmer
kaam calnaa	to have the work going on
kaam coor (m.f)	one who shirks his work, an idler
kaalee kambal par rang caRhaanaa	to dye a black blanket, to make unfruitful efforts
kiphaayat	kifaayat
kaphan	kafan
kujjii (f)	a small cup
kacɔɔRii (f)	a cake made of flour in which bruised pulse is filled
karaahnaa	to groan, to moan
kiryaa karam (m)	performance of funeral ceremonies

kisaan (m)	a farmer
kifaayat (f)	savings
kafan (m)	shroud, coffin
kalmah (m)	a speech, a word
kaleejah thaamnaa	to supress one's feelings, to repress one's grief
kaleejii (f)	(roasted) liver pieces
kam az kam	at least
kamaaii (f)	earnings, work, acquiring
kambal (m)	a blanket
kamar (f)	the waist, belt
kamzoorii (f)	weakness
kamii (f)	scarcity, dearth
kunbah (m)	family
kooThrii (f)	a small room, a store room
kuudnaa	to jump, to get angry, to brag
koošiš (f)	attempt, effort, labor, exertion
kharc	xarc
khus	xu(u)š
khisaknaa	to steal away, to fall down
khulnaa	to open, to be exposed, to become clear, to be set at liberty
khuub	xuub
khoodnaa	to dig, to dig up
gaaRhii kamaaii (f)	well-earned income, hard-earned money
gaalii (f)	an abuse, abusive language
gaalii khaanaa	to be abused
gujarnaa	guzarnaa

gadhaa (m)	a donkey, a fool
gariib	ǧariib
gursanah (a)	hungry
guR (m)	coarse sugar
gazak (f)	a sweetmeat of sesamum and sugar
guzarnaa	to pass, to go by, to pass away, to die
gulaam	ǧulaam
galee lipaTnaa	to embrace
goošt (m)	meat, flesh
gooyaa	as if
ghaas khoodnaa	to do useless work
ghar vaalii (f)	wife
ghõõslaa (m)	nest
ghiisuu	Ghísu
gẽẽDlii maarnaa	to coil as a snake
laalsaa (f)	longing, greed
lapaknaa	to flash, spring, attack, hurry, make haste
lat pat (a)	drenched
lajaanaa	to feel shy
ladnaa	to be loaded
luuTnaa	to plunder, ruin, rob
lahr (f)	a wave
lahaknaa	to speak aloud
leeTnaa	to lie down, to rest
maajraa (m)	condition
maadhoo	Mádhoo

maaraa maaraa phirnaa	to wander about, to knock about aimlessly
mããs (m)	meat, flesh
mããg, maang (f)	the parting of the hair
maangnaa	to demand, to beg, to desire
maayaa (f)	wealth, illusion
maayaa mooh	illusion and ignorance
miTTii (f)	earth, clay, soil
miTTii uThaanaa	to be buried or cremated
miTTii paar lagaanaa	to be taken to the other shore, to be buried or cremated
maTar (f)	peas
maTaknaa	to move with wanton gestures
muTThii bhar	handful
machlii (f)	fish
miḥnat (f)	labor, toil, trouble
miḥnatii (a)	hard-working
maḥv-e-tamaašaa	astonished at the spectacle
maḥviyat (f)	obliteration
muddat (f)	time, interval of time, a long time
maraaḥil	pl. of marḥalah
marḥalah (m)	stage, difficulty
mazduur (m)	a laborer
mazduurii (f)	work, labor, wages
mazah (m)	taste, flavor, pleasure
miskiin (a)	humble
masarrat (f)	joy
masruur (a)	happy

muṭaabiq	according
muṭlaq (a) (adv.)	absolute, altogether wholly, altogether
maʔš̈uumiyat (f)	innocence
maʔquul (a)	reasonable
maʔluum (a)	known, evident, apparent
maʔluum hoonaa	to seem, to appear, to be known
maʔnvii (a)	intrinsic
muqaabilah (m)	comparison, competition, opposition
mukt hoonaa	to be free
makkhii (f)	a fly
mukhiyaa (m)	the chief of a village
malaamat (f)	reproach
mandir (m)	temple
manaʔ (f)	refusal, forbidding, prohibition
mɔɔqaʔ (m)	opportunity, chance, occasion
mɔɔjuud (a)	present, existent
mɔɔjuud hoonaa	to be present
mahaajan (m)	a money-lender
mahaknaa	to give out sweet smell
mɛɛ xaanah (m)	tavern
mɛɛ kaš (m)	drunkard
naacnaa	to dance
naan rɔɔšan karnaa	to acquire a name
našah (m)	intoxication
naš̈iib hoonaa	to come to one's lot
naẓar aanaa	to come into view, to be seen

nafs (m)	self, spirit
naqš-e-qadam (m)	foot-step, foot-print
nigaah (f)	a look, glance, attention, care
nigalnaa	to swallow, gulp down
nɔɔbat (f)	turn, state, condition
nɛɛn (m)	eye
vaaqiʔah (m)	happening, incident
vus̆uulii (f)	recovery
vaʔdah (m)	promise
valvalah (m)	ardour, fervour
hajaar	hazaar
hirdee (m)	heart
hazaar (a)	a thousand
(adv.)	however much, as much as
halkaa (a.m)	light (in weight or character), debased, cheap
hilnaa	to move
yaadgaar (a)	memorable
yaas (f)	despair
yaqiin (m)	certainty, assurance, belief

****

KRISHN CHANDAR

(b. 1914)

After Prem Chand, Krishn Chandar is probably the best-known and most widely-read Urdu short-story writer. A Hindu from the Punjab, he spent most of his childhood in Kashmir, which forms the setting of his earlier writings. He studied in Kashmir and in the Punjab, graduating from Lahore. Like Prem Chand, he was married at an early age. After a stint of college teaching and an interval as a radio script-writer, he drifted to the film world of Bombay and his income is now mainly derived from his film writings. He came early under the influence of the Progressive Writers' Association, founded in India in 1936, of which he has been an enthusiastic member. As many of his short stories demonstrate, he is an articulate Marxist.

The two stories included in this volume show that Krishn Chandar is a facile and versatile writer. "hal kee saaee mẽẽ" (In the Shadow of the Plough) is an impressionistic rendering of the life of the Punjab peasantry rather than primarily a story of plot. These genre stories of Punjab and Kashmir are characteristic of the earlier phase of Krishn Chandar's work, while "duusrii mɔɔt"

(Second Death) concerns the bloody communal riots which rent the Punjab and to a lesser extent Bengal at the time of the partition of India and Pakistan. It may be grouped with his many stories of urban life in the literature of social consciousness; it also expresses a preoccupation shared by a number of Punjabi writers with the partition riots, which were clearly felt to be a shocking occurrence and about which a body of fiction in both English and the modern Indian literatures has grown up.

کرشن چندر :

ہل کے سائے میں

جب بیلوں کے سائے قدموں میں آ گئے اور پسینہ پاؤں تلے گرنے لگا، تو بختیار نے ہتھیلی کو خمیدہ کر کے ماتھے پر سے پسینہ پونچھا اور پسینہ ہتھیلی پر سے، پانی کی دھار کی طرح، جیسے کھیت کی بھربھری مٹّی میں جذب ہو گیا۔

بیلوں کے جسم بھی پسینے میں شرابور ہو گئے تھے اور ان کی گردنوں سے دھواں نکل رہا تھا۔ بختیار نے دوسرے ہات سے اپنے سر سے پسینہ پونچھا اور پھر پانی کی دھار ہتھیلی سے نیچے زمین پر جا گری۔ بختیار نے ہل کو بیلوں سے جدا دیا اور انھیں متّو کے گھنے سائے میں جا کھڑا کیا اور پھر خود بھی، متّو کے تنے سے ٹیک لگا کے، زمین پر دراز ہو گیا۔ بیل تو کچھ دیر کھڑے ہانپتے رہے۔ پھر زمین پر بیٹھ گئے اور خشک زمین اور چھوٹے چھوٹے کنکروں اور سنگ ریزوں میں گھاس کے تنکے تلاش کرنے لگے۔ ان کے گرم سانس سے کئی کنکر گیلے ہو گئے، اور تنکوں کی تلاش میں بیلوں نے مٹّی بھی چبا ڈالی۔ پھر بختیار ذرا دم لے کر اٹھا اور اس نے مکئی کے خشک پودے اور گھاس کی بھری بیلوں کے آگے ڈال دی اور پھر متّو کے تنے سے ٹیک لگا کے ترچھا لیٹ گیا۔ اس نے ٹکٹکی ٹکٹکی نگاہوں سے، دور اوپر متّو کے پھیلے ہوئے چھتنارے کی طرف دیکھا جس میں سیکڑوں چڑیاں چہچہا رہی تھیں۔ کتنا پرانا اور بوڑھا تھا یہ درخت! شاید جب سے یہ گاؤں بسا ہو گا یہ درخت یہاں پر لگا ہوتا، یا شاید جب سے یہ دنیا بنی ہے یہ درخت بھی یہاں موجود تھا۔ بہت پرانا تھا یہ درخت۔ کم سے کم جب سے بختیار نے ہوش سنبھالا، اس نے اس درخت کو اسی طرح اپنا گھنا سایہ پھیلائے دیکھا تھا۔

اسی طرح ابّا نے دیکھا تھا۔ اسی طرح ابّا کہتے تھے کہ ابّا کے ابّا نے اس درخت کو دیکھا تھا۔ وہ اوپر دیکھتے دیکھتے اس شاخ کو پہچاننے کی کوشش کرنے لگا جہاں لڑکپن میں اس نے پینگ لگائی تھی۔ اب وہ شاخ بڑھ کر ڈال بن گئی تھی، عظیم ڈال۔ ہاں، اسی ڈال پر پینگ لگاتا تھا وہ اور اس کا دوست

عبدالکریم ۔ بے چارہ عبدل دو سال ہوئے مر گیا تھا۔ ایک روز پولیس والے اسے بیگار میں پکڑ کر لے گئے اور پھر اس نے سنا کہ عبدل نے وہیں تھانے میں دم دے دیا۔ سنا ہے کہ تھانے دار نے اسے بہت بری طرح پیٹا تھا۔ اللہ جانے، یہ تھانے والے اتنے ظالم کیوں ہوتے ہیں۔ تھانے دار پر مقدّمہ بھی چلا تھا۔ مگر وہ بری ہو گیا۔ بھلا حاکم لوگوں کے خلاف کیا چارہ جوئی ہو سکتی ہے؟(۱) عبدل کی بیوہ کم عقل تھی جو تھانے والوں سے لڑی۔ آخر اسے بھی گاؤں چھوڑ دینا پڑا۔ بڑی اچھی لڑکی تھی وہ۔ سنا ہے راولپنڈی میں جا کے کنجری بن گئی ہے۔ کیسی قسمت خراب تھی بے چاری کی! اس کی شادی بختیار سے ہو رہی تھی۔ لیکن عبدل کو اتنی محبّت تھی اس سے، کہ بختیار نے خود کہہ سن کر اپنی شادی منسوخ کرادی تھی۔ اگر عبدل خود دار تھا، تو بختیار بھی کم نہ تھا۔ عبدل کے بیٹے کو بختیار نے اپنے بیٹوں کی طرح پالا اور آج فکرو اس کے گھر کا ایک فرد تھا اور جب اس کی شادی مرجانی سے ہوجائے گی تو اس کے دوست کی روح اس سے کتنی خوش ہوگی! بختیار کا چہرہ خوشی سے دمک اٹھا، جیسے وہ منّو کی شاخوں میں اپنے مرحوم دوست کی شبیہہ دیکھ رہا ہو۔ وہ اور عبدل کتنی دور تک اونچے ان شاخوں تک پینگ لے جاتے تھے۔ اور پھر بختیار کی آنکھوں میں وہ لمحہ زندہ ہوگیا(۲) جب بختیار اور بیگماں دونوں پہلی بار اس پینگ پر جھولے تھے۔ اسی طرح دوپہر کا وقت تھا اور ابّا نیچے بیلوں کو پانی پلانے ندی پر چلے گئے تھے، اور بیگماں اپنے چھوٹے بھائی کے ساتھ اپنی ریوڑ چراتی چراتی ادھر آ نکلی تھی۔ در اصل ریوڑ چرانے کا تو بہانہ تھا، ورنہ ان دونوں نے ملنے کا بند و بست پہلے ہی سے ٹھیک کر رکھا تھا، اور پھر بیگماں نے، باتوں ہی باتوں میں(۳)، اپنے چھوٹے بھائی کو نیچے ندی پر بھیج دیا۔ اور پھر وہ کتنی ہی دیر تک پینگ جھولتے رہے تھے۔ اکٹّھے۔ ادھر سے اوپر منّو کی شاخوں میں جاتے ہوئے بختیار ہلارے کے لئے زور لگاتا، اور ادھر اوپر سے تنے کی طرف آتے ہوئے بیگماں زور لگاتی، اور کبھی کبھی وہ دونوں غلطی سے اکٹّھے زور لگاتے اور یوں پینگ پر کھڑے کھڑے ان کے سینے ایک دوسرے سے لگ جاتے اور بختیار

کو ایسا معلوم ہوتا گویا اسے کسی شعلے نے چھو لیا ہو، اور بیگماں کا سانس زور زور سے چلنے لگتا(۴) اور اس کی نگاہیں آپ ہی آپ نیچی ہو جاتیں(۵)۔ اور اوپر جاتے ہوئے ہلارے میں بختیار گاتا اور نیچے جاتے ہوئے ہلارے میں بیگماں جواب دیتی، اور اس طرح وہ دیر تک پینگ بڑھاتے رہے، حتّٰی کہ اوپر کے ہلارے میں ان کے سر متّو کی بلند شاخوں میں کھو جاتے اور نیچے آتے ہوئے ان کا جی بیٹھنے لگتا۔ اور پھر بیگماں نے آہستہ سے کہا:

بس! مجھے ڈر لگتا ہے۔

تو انہوں نے پینگ بڑھانا بند کر دیا اور پینگ آہستہ آہستہ نچلے ہلاروں میں آتی گئی۔ پہلے بختیار منہ بڑھا کر متّو کی شاخوں سے پتّے توڑ لیتا تھا، پھر پتّے تو کیا شاخیں بھی دور اوپر رہ گئیں(۶)۔ اور ہلارے صرف تنے تک رہ گئے۔ اور پھر پینگ آہستہ آہستہ رک گئی، تھم گئی۔ اور بختیار نیچے اتر آیا، اور اس نے دونوں ہات بیگماں کی کمر میں ڈال دئے، اور اسے ایک نازک گڑیا کی طرح نیچے زمین پر اتار کر رکھ دیا۔ بیگماں کے ہات رسّے کو زور سے پکڑنے سے گہرے سرخ ہو گئے تھے اور کہیں کہیں ہتیلیوں پر چتلے داغ پڑ گئے تھے۔ بختیار انہیں دیر تک سہلاتا رہا، اور بیگماں ایک طرف گردن جھکا کر ترچھی نگاہوں سے اسے دیکھتی رہی۔ پھر اس نے بنفشے کے ڈھیر سے پھول اکٹّھے کر لئے، اور انہیں اپنے بالوں میں افشاں کی طرح چن لیا۔ اتنے میں اس کا بھائی آ گیا۔ اور بیگماں اپنا ریوڑ سنبھالے، کچھ کہے سنے بغیر، وہاں سے رخصت ہو گئی۔ اور دیر تک بختیار پینگ کے پاس کھڑا رہا، اور اسے دیر تک ہلکے ہلکے ہلارے دیتا رہا۔ بختیار کو یہ سب کچھ اس طرح یاد آیا، جیسے کل کی بات ہو(۷)، اور کل ہی کی بات تو تھی۔ ابھی بختیار اور بیگماں کے نکاح کو بارہ نہیں تو پندرہ برس ہو گئے ہوں گے۔ آج سے دسویں برس پہلے تو بڑا کال پڑا تھا، اور گاؤں کے آدھے سے زیادہ کسانوں کی زمین ساہوکاروں اور زمین داروں نے قرق کرالی تھیں، اور خود بختیار کو اپنی جدّی زمین کا ایک ٹکڑا، اپنے دھان کے کھیتوں کا سب سے اچّھا ٹکڑا، فروخت کرنا پڑا تھا۔ وہ کتنے برے دن تھے۔ اناج کہیں ڈھونڈے سے نہ ملتا تھا، اور کسان کچّی ناشپاتیاں ابال کر کھاتے تھے ....

.... پتّے تک تو ابال کر کھا گئے تھے لوگ۔ اور بختیار کو یاد آیا کہ جاگیر دار نے مالیہ پھر بھی معاف نہ کیا تھا۔ بختیار کے بھولے بھالے چہرے پر ایک تلخ جذبے کی رو دوڑ گئی۔ دنیا میں جاگیر دار سے بڑھ کے کوئی ظالم نہیں ہے۔ پتہ نہیں اللہ نے اسے کیوں پیدا کیا۔ کوئی بات ہو گی۔ خدا جانے! ہاں اس کال میں بھی اس کا گھر، اس کا ڈیرا سلامت رہا۔ ہاں، ٹھیک یاد آیا۔ جب تو بیگماں سے اس کا بیاہ ہو چکا تھا۔ اور جب تو مرجانی بھی چار پانچ برس کی ہوگی۔ ضرور بیگماں سے نکاح کئے اسے پندرہ برس ہو گئے تھے۔ مگر ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے ابھی ایک پل ہی گذرا ہے۔ یہی پینگ تھی، یہی منّو، یہی دوپہر ...... اب دوپہر جا رہی تھی اور بیگماں ابھی تک کھانا لے کے نہیں آئی تھی۔ آ جائے گی۔ اس کا گھر کون یہاں سے نزدیک تھا؟ ڈیڑھ میل سے کم کیا ہو گا! اور پھر راستے کی چڑھائی۔ اب آتی ہی ہوگی۔ مرجانی ساتھ ہوگی۔ مزے میں باتیں کرتی ہوئی آئیں گی۔ ان عورتوں کو بات چیت کرنے کی کیسی بری عادت ہوتی ہے! ہر وقت گٹاریوں کی طرح چیخم چاخ میں لگی رہتی ہیں۔ کبھی چپ چاپ ہو جائیں تو سمجھو مر گئیں۔ جیتے جی تو بات کرنا بند نہیں کریں گی۔ میں تھوڑی دیر کے لئے سو کیوں نہ جاؤں؟

جب بیگماں اور مرجانی روٹی لے کر منّو کے نیچے پہنچیں تو تنے سے ٹیک لگائے بختیار گہری نیند سو رہا تھا۔ بیگماں کا چہرہ دھوپ میں جل گیا تھا، اور مرجانی کے اوپر کے ہونٹ کے کنارے کنارے پسینے کی ننھی ننھی بوندیں جمع ہو گئی تھیں جو بہت بھلی معلوم ہوتی تھیں۔

مرجانی نے کہا: ابّا کو جگا دیں؟

بیگماں نے کہا: ذرا گھڑی دو گھڑی آرام کرنے دے۔ مرد ہے۔ کڑی مشقّت کرتا ہے۔

مرجانی نے ادھر ادھر دیکھ کے کہا:

شکرو کہیں دکھائی نہیں دیتا!

بیگماں نے جواب دیا:

وہ نیچے دھان کے کھیتوں میں کام کر رہا ہوگا۔ ندی کنارے۔

جا اسے بلا کے لا ، ورنہ وہ خود نہ آئے گا۔ اسے یہ سدھ
بدھ کہاں (۸) کہ روز، بڑی کہانی ہوگی۔

مرجانی جلدی سے اٹھی ، اور جانوروں کی کھیل سے اتر کر ندی کی طرف
چلی گئی۔

فکرو اپنے کام سے فارغ ہو کے ، ندی کے کنارے پتھر پر بیٹھا ، اپنی کیچڑ سے بھری ٹانگیں دھو رہا تھا۔ ٹانگیں دھونے کے بعد اس نے اپنا منہ دھویا ، اور پھر مرجانی بھی اپنا منہ دھونے لگی ، اور فکرو نے کہا :

نان !

"کیوں ؟"

تمہارے اوپر کے ہونٹ پر جو ننھے ننھے موتی ہیں نہ ، وہ سب
ٹوٹ جائیں گے۔

"تو پھر" مرجانی نے یک دم اپنے منہ پر پانی پھینکتے ہوئے کہا۔

فکرو پتھر کی سل پر جھک گیا۔ صاف شفاف چمکتا ہوا ٹھنڈا پانی تھا۔ پتھروں کا رنگ ہلکا نیلا اور پانی کا رنگ ہلکا نیلا ، اور جہاں جہاں پتھروں پر سبز کائی تھی ، وہاں پانی کا رنگ اس قدر شاداب سبز تھا جیسے بہار میں مخملیں گھاس کا ہوتا ہے ، یا دھان کی پہلی پنیری ۔ اور چھوٹی چھوٹی چٹانیں پانی سے باہر ابھری ہوئی تھیں اور جا بجا ننھی ننھی ڈابیں بن گئی تھیں جن کی تہہ میں حسین رنگا رنگ سنگ ریزے بچھے ہوئے تھے اور خوب صورت مچھلیاں تیر رہی تھیں۔ فکرو پانی پر جھکا جھکا دیر تک مچھلیوں کی سبک روی دیکھتا رہا۔ پھر اس نے دونوں ہاتوں سے پانی میں جھپٹا مارا اور ایک مچھلی پکڑ لی۔

"ہائے ، اسے چھوڑ دو" مرجانی بولی "دیکھو تو کیسے
منہ کھول کر ہانپ رہی ہے یہ ننھی سی مچھلی ،
ہائے اسے چھوڑ دو۔"

فکرو نے مچھلی پانی میں چھوڑ دی - یہ سب کچھ ایک لمحے میں ہوا۔ مچھلی

تھوڑی دیر پانی کے اندر بھی سنّاٹے میں رہی (۹)، گم، بے سدھ سی۔

"مر گئی؟" مرجان نے متفکّر لہجے میں پوچھا۔

فکرو نے کوئی جواب نہیں دیا۔ تھوڑی دیر میں مچھلی پھر تیرنے لگی۔ فکرو ہنسنے لگا۔ مرجانی بھی ہنسنے لگی۔ فکرو نے کہا:

میرا جی چاہتا ہے کہ تم بھی اس مچھلی کی طرح میرے قابو میں آ جاؤ، ایسے کہ میرے ہاتوں میں ہانپنے لگو۔ کبھی جی چاہتا ہے کہ تمھیں اتنا گھونٹوں کہ تمھارا دم نکلنے لگے۔ کبھی جی چاہتا ہے کہ تمھارے قدموں میں سر رکھ دوں (۱۰)۔ مرجان! ایسا کیوں ہوتا ہے؟

مرجانی نے کہا: چلو، روٹی کھالو۔ ابّا انتظار کر رہے ہیں۔

"جواب نہیں دو گی؟"

کیا جواب دے تمھاری باتوں کا، اوٹ پٹانگ تو باتیں ہیں (۱۱)۔ آج کچھ کام بھی کیا ہے، یا دن بھر مچھلیاں ہی پکڑتے ہو؟

"کوئی اتنا کام کر کے دکھائے؟ ادھر والے سارے کھیت میں گوڑی کی ہے۔ جا کے دیکھ لو۔"

لو، اب چلو۔

فکرو نے مرجان کو اپنے بازوؤں میں اٹھا لیا۔ بولا:

چلو۔

"کیسے چلوں؟ مجھے زمین پر تو چھوڑ دو۔"

نہیں، میں تمھیں اٹھا کے لے چلوں گا۔

"ابّا پیٹیں گے!"

اچّھا، آدھے رستے تک سہی۔

آدھے رستے تک وہ اسے اٹھائے لایا۔ آدھے رستے میں ہنگ کا درخت تھا، جہاں اس نے مرجانی کو اتار دیا۔ اور پھر پتّھر مار مار کر دو تین سوکھے کالے خشک

بھٹنگ قدرو نے نیچے گرائے۔ ایک خود کھانے لگا، دو اس نے مرجانی کو دئے۔ مرجانی کو سوکھے بھٹنگ بہت بھاتے تھے۔ بھٹنگ جب تک رس دار ہوں، کھٹّے کسیلے ہوتے ہیں۔ بہت پک جائیں تو ان میں مٹھاس پڑ جاتی ہے۔ لیکن پھر بھی کھاتے وقت گلے میں پھندا لگاتے ہیں(۱۲)۔ ہاں، جب درخت سے لگے لگے سوکھ جائیں اور رس خشک ہو جائے اور وہ کالے اور سیاہ پڑ جائیں، اس وقت ان کے کھانے کا مزا ہے۔ بالکل خشک انجیروں کا سا مزا دیتے ہیں۔ قدرو کو تو خشک انجیر بھی پسند نہ تھے۔ مگر نہ جانے مرجانی کو یہ سوکھے سڑے سیاہ بھٹنگ کھانے میں کیا لطف آتا تھا؟

بھٹنگ کھاتے کھاتے وہ لوگ متّو کے درخت کے پاس پہنچ گئے۔ بیگماں نے دو رکابیوں میں لسّی بھر کے رکھ دی۔ پھر مکئی کی روٹیاں نکالیں اور گنھار کا ساگ اور پسی ہوئی لال مرچیں اور نمک۔ سالن بہت کم تھا۔ خشک چٹنی بھی بہت کم تھی۔ مگر روٹیاں بہت تھیں، اور مٹکا لسّی سے بھرا ہوا تھا۔ پہلے سب نے لسّی پی اور پھر روٹی کھانے لگے۔ مکّی کی موٹی موٹی روٹیاں اور گنھار کا ساگ اور لال مرچ کی چٹنی۔ آہستہ آہستہ ان کے جبڑے چلتے رہے اور جب وہ تھک جاتے اور منہ کا لعاب کام نہ کرتا، تو وہ لسّی کے دو گھونٹ حلق سے اتار لیتے(۱۳)۔

وہ لوگ روٹی کھا رہے تھے کہ چاچا محمّدو اور فتح محمّد شہر سے پیشی بھگت کے آن پہنچے اور متّو کے نیچے بیٹھ کے سستانے لگے۔

"بسم اللہ کرو" (۱۴) بختیار بولا۔

چاچا محمّدو نے اپنی داڑھی پر ہاتھ پھیرا(۱۵)، اور فتح محمّد نے بھی فوراً روٹی کی طرف ہاتھ بڑھایا۔ بیگماں نے مٹکی سے ایک ایک رکابی لسّی کی بھر کے پیش کی۔

"مقدّمے کا کیا ہوا؟" بختیار نے پوچھا۔

چاچا محمّدو بولے:

خلاف فیصلہ ہوا۔ ہمارے وکیل نے، حرام زادے بنئے کے وکیل سے ساز باز کرلی(۱۶)۔

"پھر!"

سوچتا ہوں، ایک کھیت بیچ دوں۔

"ابھی نہیں۔ قرقی آنے دو۔ قرقی آنے پر بھی ٹالو" بختیار بولا "کوئی بولی نہیں دے گا گاؤں میں(۱۷)۔ بنئے سالے کا گلا گھونٹ دیں گے۔"

"بنیا نہ ہو تو بیج کون دے؟" فتح محمّد نے پوچھا۔

"ہاں، بنیا نہ ہو تو بیج کون دے؟ اور بیج نہ ہوں تو فصل کیسے ہو؟ اور جب فصل ہو تو کچھ بنیا لے جائے، کچھ سرکار۔ ہم پھر وہی پھانک کے پھانک(۱۸)۔ یہ چکّر سمجھ میں نہیں آتا۔ مگر کھیت نہیں بیچوگے چچا! تمھیں کہے دیتے ہیں۔ ہم سب گاؤں والے تمھاری مدد کریں گے۔"

"اللہ رزّاق ہے۔"(۱۹) فتح محمّد نے ڈکار لیتے ہوئے کہا۔

کھانا کھا کے وہ حقّہ پینے لگے۔ فقرو نے کہا:

میں بیلوں کو پانی پلا لاؤں۔

وہ بیلوں کو کھول کے ندی کی طرف چلا۔ ساتھ میں مرجانی بھی چلتی گئی۔ چاچا محمّدو، فتح محمّد اور بختیار خاموشی سے انھیں تکتے گئے۔

"نکاح کب ہے؟" محمّدو نے پوچھا۔ اس کی نگاہیں مرجانی اور فقرو کی پشت پر تھیں، جو اب چلتے چلتے ایک دوسرے کے بہت قریب آ گئے تھے۔

"پھاگن میں" بیگماں بولی۔

"ہاں، اب دیر نہ کرو"۔ محمّدو نے حقّہ چھوڑ دیا۔

"اچھا بختیار بیٹا! چلتے ہیں۔ خدا تمہیں سلامت رکھے (۲۰)
بیٹی! مرجانی کا نکاح جلدی کردو۔"

کھانا کھانے کے بعد بختیار پھر سو گیا۔ بیگماں اس کے پاؤں دبانے لگی۔ فکرو بیلوں کو پانی پلا کے لے آیا۔ تھوڑی دیر وہ اور مرجانی باتیں کرتے رہے۔۔ پھر مرجانی بھی متّو کے ٹھنڈے خنک سائے میں سو گئی۔ اور بیگماں اپنے شوہر کے پاؤں دباتی رہی اور فکرو نے بیلوں کو ہل میں جوتا اور کھیتوں میں چلا گیا۔

بیل کھیت میں چلتے گئے، ہل بھربھری مٹّی میں کھبتا گیا، اور کھیت فکرو کے چاروں طرف پھیلتا گیا۔ یہ صرف کھیت نہ تھا، یہ فکرو کی ساری زندگی تھی، اس کی کل کائنات۔ وہ اس کے چپّے چپّے سے واقف تھا۔ یہاں زمین سخت تھی، وہاں نرم۔ یہاں نشیب ہے، وہاں ذرا فراز۔ یہ ایک کھیت نہ تھا، ایک بڑے خاندان کا افسانہ تھا۔ اس کی مٹّی میں انسانوں کی محنت کا پسینہ تھا اور لہو، اور وہ سارے خواب جو کسان ہل چلاتے وقت دیکھتا ہے۔ زندگی کی ساری آرزوئیں اور اس کی ساری کی ساری تمنّائیں اور اس کے سارے سکھ دکھ، عیش و غم، آرام اسی جانی پہچانی مٹّی میں چھپے ہوئے تھے۔ فکرو اس کھیت کے ذرّے ذرّے کو جانتا تھا۔ اسے معلوم تھا کہ کس مینڈھ پر چوہوں نے بل بنائے تھے، خرگوشوں کے بھٹ کہاں تھے، اور سیہ کے گھر کا منہ کہاں تھا۔ اور باڑھ کے غربی کنارے پر، جھاڑیوں کے درختوں کی قطار پر، کون سے پرندوں نے اپنے گھونسلے بنائے تھے۔ فکرو بھی ہل چلاتے چلاتے ایک خوب صورت خواب دیکھنے لگا۔

دوپہر کی حدّت میں آسمان کی نیلاہٹ گم ہو گئی تھی۔ آسمان بہت اوپر چلا گیا تھا۔ صبح کے وقت اور شام کے وقت آسمان بہت قریب آ جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے گویا ابھی زمین پر گر پڑے گا، ابھی زمین پر چکنا چور ہو جائے گا (۲۱)۔ لیکن دوپہر کے وقت آسمان بہت دور اوپر ہوتا ہے اور

دھوپ بہت تیز ہوتی ہے۔ اور سورج ساکن سا معلوم ہوتا ہے، ساکن اور تتلی۔ اور سناٹا چاروں طرف پھیلا ہوتا ہے، اور حبس گرمی سے اس قدر نہیں ہوتا جتنا اس سناٹے سے ہوتا ہے، جیسے گلے میں پھندا سا لگ رہا ہو۔ ایسے وقت میں بیل گھومتے جاتے ہیں کسان ہل چلاتا جاتا ہے، اور اس کے خواب پگھل پگھل کر، اس کے تصوّر میں کتنی ہی تصویریں بنا ڈالتے ہیں۔ فکرو نے بھی یہ تصویریں دیکھیں، اور وہ ہل چلاتا رہا۔ حتیٰ کہ دو پہر اتر گئی۔ سہ پہر آ گئی۔ پھر سہ پہر بھی ڈھلنے لگی۔ اور بختیار اپنی نیند سے جاگا، اور اس نے، فکرو سے لے کے، ہل تھام لیا، اور مرجانی نے فکرو کو لسّی پلائی اور خالی مٹکا اور خالی ٹوکری روٹیوں کی ہاتھ میں لے کر بیگماں کے ساتھ گھر چلی گئی، اور فکرو آہستہ سے پینگ پر جا بیٹھا اور اسے اونچا اونچا بڑھاتا گیا، تا کہ گم ہوتی ہوئی مرجانی کو دور تک دیکھ سکے، دیکھتا جائے، دیکھتا جائے۔ پھر مرجانی، بیگماں کے ساتھ، بہت دور چلی گئی، اور ہولے ہولے فکرو گانے لگا۔

اور کھیت میں ہل چلاتے چلاتے بختیار جواب دیتا گیا، اور سورج مغرب میں ڈھلتا گیا۔

"hal kee saaee mẽẽ"

Footnotes

(1) Well, what remedy could be sought against the official people?; After all, what recourse is there against the officials?

(2) And then that moment became alive in Bakhtiyár's eyes; And then Bakhtiyár recalled the time.

(3) by simply talking; speaking as if nothing were unusual; speaking casually.

(4) and Bégman's breath would begin to go fast; while Bégman's breath would come more quickly.

(5) and her eyes would spontaneously (by themselves) go down; and she would involuntarily lower her eyes.

(6) then what (to say of) leaves when even the branches were left far above; but now even the branches were far above them, not to mention the leaves.

(7) as if it were yesterday's thing; as if it had happened only yesterday.

(8) Where does he have the sense?; He has no sense to tell him.

(9) Even (back) in the water, the fish remained still for a short time, terrified.

(10) Sometimes (my) heart desires that I should place my head at your feet; Sometimes I wish to throw myself at your feet.

(11) What answer is there to your comments (talks), they are all senseless; What answer is there to such silly talk?

(12) But even then, at eating time, they attach a knot to the neck; But even then, they choke one up when they are eaten.

(13) then they would bring through the throat two draughts of /lassii/; then they would take a couple of sips of /lassii/.

(14) Do the Bismillah (ritual uttering of the name of God before commencing an activity); Join us for lunch.

(15) Uncle Mohammadu twisted his beard with his hand (in anticipation); Uncle Mohammadu stroked his beard (hungrily); Uncle Mohammadu rubbed his hands in anticipation.

(16) Our lawyer conspired with the lawyer of that rascal of a money-lender; Our lawyer made a deal with that no-good money-lender's lawyer.

(17) Nobody will give a bid, in the village; Nobody in the village will bid on it.

(18) We again (have) only a piece of a mouthful; Again we are left with nothing; We remain paupers.

(19) God is a good provider; The Lord will provide.

(20) God keep you safe!; God bless you!

(21) (it) would at any minute become shattered on the ground; it would seem about to shatter on the ground at any minute.

* * *

Exercises

1. Give suitable synonyms for the underlined words and phrases (making any changes necessary in sentences).

۱- بختیار نے ہل کو بیلوں سے جدا کیا۔

۲- پھر وہ ، متّو کے تنے سے ٹیک لگا کے، زمین پر دراز ہو گیا۔

۳- بہت جلد فکرو کی شادی مرجانی سے ہو جائے گی۔

۴- پھر بختیار کی آنکھوں میں وہ لمحہ زندہ ہو گیا۔

۵- پہلے بیگماں نے کھانے کا بند و بست کیا۔

۶- اور اس کی نگاہیں آپ ہی آپ نیچی ہو جاتیں۔

۷- بختیار کو اپنی جدّی زمین کا ایک ٹکڑا فروخت کرنا پڑا تھا۔

۸- مگر ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے ایک پل ہی گذرا ہے۔

۹- جیتے جی تو بات کرنا بند نہیں کریں گی۔

۱۰- مرد ہے ، کڑی مشقّت کرتا ہے۔

۱۱- مرجانی نے یک دم اپنے منہ پر پانی پھینکا۔

۱۲- مرجان کو سوکھے پتنگ بہت بھاتے تھے۔

۱۳- مگر نہ جانے مرجانی کو یہ سیاہ پتنگ کھانے میں کیا لطف آتا تھا۔

۱۴- زندگی کی ساری آرزوئیں اور اس کے سارے سکھ دکھ اسی جانی پہچانی مٹّی میں چھپے ہوئے تھے۔

۱۵- اور ہولے ہولے فکرو گانے لگا۔

2. Fill in the blanks.

(الف)

۱۔ بختیار اس شاخ کو پہچاننے کی کوشش کرنے لگا، جہاں لڑکپن میں اس نے پینگ —— تھی۔

۲۔ تھانے دار پر مقدّمہ بھی —— تھا۔

۳۔ ابّا نیچے بیلوں کو پانی ——، ندی پر چلے گئے تھے۔

۴۔ بیگماں اپنی ریوڑ —— ادھر آ نکلی تھی۔

۵۔ اس کا سانس زور زور سے —— لگا۔

۶۔ فکرو نے دونوں ہاتوں سے پانی میں جھپٹّا —— کر ایک مچھلی پکڑ لی۔

۷۔ پھر بھی کھاتے وقت بھٹنگ گلے میں پھندا —— ہیں۔

۸۔ بیگماں اپنے شوہر کے پاؤں —— رہی۔

(ب)

۱۔ بھلا! حاکم لوگوں کے خلاف کیا چارہ —— ہو سکتی ہے۔

۲۔ عبدل کی بیوہ کم —— تھی جو تھانے —— سے لڑی۔

۳۔ کیسی —— قسمت تھی بےچاری کی!

۴۔ اگر عبدل خود —— تھا، تو بختیار بھی کم نہ تھا۔

۵۔ اور آج فکرو اس کے خاندان کا ایک —— تھا۔

۶۔ بختیار کے بھولے —— چہرے پر ایک —— جذبے کی رو —— گئی۔

۷۔ عورتیں ہر وقت گناریوں کی طرح چیخم —— میں رہتی ہیں۔ کبھی چپ —— ہو جائیں، تو سمجھو مر گئیں۔

۸۔ اسے بتہ سدھ —— کہاں، کہ کھانا بھی —— ہوگا۔

۹۔ صاف —— چمکتا ہوا ٹھنڈا پانی تھا۔

۱۰۔ جا —— پانی کی ننّھی ننّھی ڈابیں بن گئی تھیں، جن کی تہہ میں حسین رنگا —— سنگ —— بچھے ہوئے تھے۔

۱۱۔ فکرو پانی پر جھکا جھکا دیر تک مچھلیوں کی سبک —— دیکھتا رہا۔

۱۲۔ کیا جواب ھے تمھاری باتوں کا، اوٹ ــــ تو باتیں ھیں۔
۱۳۔ بٹنگ جب تک رس ــــ ھوں، کنٹّے ــــ ھوتے ھیں۔
۱۴۔ ھمارے وکیل نے، حرام ــــ بنئے کے وکیل سے ساز ــــ کر لی۔
۱۵۔ ایسا ــــــــ ھے کہ ابھی زمین پر گر کر چکنا ــــ ھو جائے گا۔
۱۶۔ یہاں ــــ ھے، وھاں ذرا فراز۔

3. Write the following sentences in the Urdu script.

(1) pasiinee kii dhaar, hateelii see gir kar, kheet kii bhurbhurii miTTii mẽẽ jazb hoo gaii.

(2) allaa jaanee yee thaanee vaalee itnee zaalim kyõõ hootee hɛ̃ɛ̃.

(3) leekin abdul kariim koo itnii mohabbat thii us see, ke baxtiyaar nee xud keh sun kar apnii šaadii mansuux karaa dii thii.

(4) jɛɛsee voo munnuu kii šaaxõõ mẽẽ apnee marhuum doost kii šabiih deekh rahaa hoo.

(5) dar asl reevaR caraanee kaa too bahaanaa thaa.

(6) baxtiyaar koo ɛɛsaa maaluum hootaa gooyaa kisii šoolee nee chuu liyaa hoo.

(7) hattaa ke uupar kee hilaaree mẽẽ un kee sar munnuu kii buland šaaxõõ mẽẽ khoo jaatee.

(8) leekin jaagiir daar nee maaliyaa phir bhii moaaf na kiyaa thaa.

(9) zaruur beegmãã see nikaah kiee usee pandraa baras hoo gaee thee.

(10) in ɔɔrtõõ koo baat ciit karnee kii kɛɛsii burii aadat hootii hɛɛ!

(11) jab voo thak jaatee ɔɔr mũũ kaa loaab kaam na kartaa, too voo lassii kee doo ghũũT halq see utaar leetee.

(12) bismillaa kiijiee.

(13) doo pahar kii hiddat mẽẽ aasmaan kii niilaahaT gum hoo gaii thii.

(14) ɔɔr us kee xvaab pighal pighal kar, us kee tasavvur mẽẽ kitnii hii tasviirẽẽ banaa Daaltee hɛ̃ɛ̃.

4. Answer the following questions in Urdu.

۱- متّو کی عمر کے بارے میں بختیار کیا کیا کہتا ہے؟

۲- عبدل کس طرح مرا؟ اس کی بیوہ کو گاؤں کیوں چھوڑنا پڑا؟

۳- فکرو کون تھا؟ اس کو کس نے پالا؟ اس کی شادی کس کے ساتھ اور کب ہونا قرار پائی؟

۴- بیگماں کے ساتھ پہلی بار پینگ پر جھولنے کی کہانی، بختیار کس طرح بیان کرتا ہے؟

۵- کال کے زمانے کی کون کون سی باتیں، بختیار کے چہرے پر تلخ جذبے کی رو دوڑاتی ہیں؟

۶- عورتوں کی بات چیت کی عادت کے بارے میں، بختیار کیا کہتا ہے؟

۷- فکرو نے مرجانی سے کیا اوٹ پٹانگ باتیں کہیں؟

۸- رس دار بٹنگ کیسے ہوتے ہیں؟ پک جانے پر ان کا مزا کیسا ہو جاتا ہے؟

۹- بیگماں لنچ کے لئے کیا کیا چیزیں لائی تھی؟

۱۰- چاچا محمّدو مقدّمہ کیوں ہار گئے؟

۱۱- بختیار، چچا محمّدو کو کیا مشورہ دیتا ہے؟

۱۲- کرشن چندر، کسان اور کھیت کے بندھن کو کن الفاظ میں بیان کرتا ہے؟

۱۳- سورج کی تیز دھوپ اور فضا کے سنّاٹے میں ہل چلاتے وقت، کسان کیا
محسوس کرتا ہے؟

"hal kee saaee mẽẽ"

Vocabulary

aarzuu (f)	desire
aahistah	slowly
ubaalnaa	to boil
ubharnaa	to rise, to grow, to come to the surface
utaarnaa	to take off, put down, pull down
utarnaa	to get down
ikaTThaa (a.m)	united, collected, assembled, together
alfaaẓ	pl. of lafẓ
intiẓaar karnaa	to wait, to expect, to look out for
afsaanah (m)	a tale, legend, story, short story
afšãã (f)	strips of tinsel pasted on a woman's forehead as ornaments
anjiir (m)	a fig tree, its fruit
uuT paTãg, uuT paTaang	absurd, senseless,nonsense
baat (f)	talk, conversation
baaRh (f)	a fence, hedge
baazuu (m)	the arm, the side
bi-al-kul [bilkul]	completely, absolutely
baTang (m)	a pear-like fruit, its tree
baxtiyaar (m)	Baxtiyár
barii hoonaa	to be acquitted
basnaa	to dwell, settle

bil (m)	a hole, an opening
buland (a)	high, tall, raised, elevated
band-o-bast (m)	arrangement, settlement
banafšah (m.f)	a violet, a violet flower
buuRhaa, buDDhaa (a.m)	old, aged
bũũd (f)	a drop
bhaanaa	to please, to suit, to be agreeable
bahaanah (m)	pretext, pretence, excuse
bhiT (m)	a hole, a den, a pit
bhurbhuraa (a.m)	powdery, crispy, crackling, sandy
bhurii (f)	parched barley, a kind of grass, a bundle of crop
bhugatnaa	to undergo, to suffer
bhalaa maʔluum hoonaa	to look well, to look pretty
bhoolaa bhaalaa (a.m)	innocent, simple
bee sudh (a)	un-conscious, senseless
biij (m)	seed, germ, origin
beegmãã (f)	Bégman
beevah (f)	a widow
paalnaa	to look after, to bring up, to support
paaõõ dabaanaa	to massage the legs
pattaa (m)	a leaf
patthar (m)	a stone, rock-stone
parind (m)	a winged creature, a bird
pisnaa	to be ground, reduced to powder; to be suppressed

pušt (f)	the back
paknaa	to be cooked, to ripen
pal (m)	a moment
panharii (f)	a young plant
pɔɔdaa (m)	a young plant
põõchnaa	to wipe, rub out, clean
pihcaannaa	to recognize
phaagun (m)	the last month of the Hindu year
phããk (f)	a piece, a slice
phããk kee phããk	pauper
phandaa lagaanaa	to knot, set a snare, entangle
phɛ̃ɛ̃knaa	to throw, to spill
peešii (f)	trial, hearing of a law suit
pẽẽg, peeng (f)	a swing
pẽẽg lagaanaa	to swing very high
tar (a)	wet, moist
tirchaa (a.m)	across, crosswise, awry, oblique, slanting
tirchii nigaah (f)	a side-glance, ogle
tašavvur (m)	imagination, reflection, fancy
tašviir (f)	a picture, a portrait, an image
taknaa	to gaze, stare at, watch
talx (a)	bitter
talee	below, down, beneath
tamannaa (f)	wish
tinkaa (m)	a straw, a blade of grass
thaamnaa	to prop, support, hold, take over

thaanah (m)	police station
thaanee daar (m)	a police officer, the incharge of a thaanah
thaknaa	to get tired
thamnaa	to come to a stop, to stop
Taalnaa	to put off, postpone, avoid
Tããg, Taang (f)	the leg
TuuTnaa	to break, to be broken
Tookrii (f)	a small basket
Teek (f)	support
Teek lagaanaa	to place, set, put
Teeknaa	to support, to prop
jaa bajaa	here and there
jaagiir daar (m)	land-owner
jaannaa	to know
jabRaa	the jaw
judaa karnaa	to separate, to disjoin, to detach
jaddii (a)	ancestral, belonging to forefathers
jaz̲b hoonaa	to get absorbed, to be soaked
jaz̲bah (m)	emotion, feeling, violent desire
jagaanaa	to waken, to rouse from sleep
jootnaa	to plow, yoke
jhapaTTaa maarnaa	to snatch away
jhukaanaa	to bend downward, to incline, to bow
jii bɛɛThnaa	the heart to sink, to sink

jii caahnaa	to desire, long for
jiitee jii	in the life time, while one is alive
jɛɛsee kal kii baat hoo	as if it occured yesterday
caacaa, cacaa (m)	paternal uncle
caarah jooii (f)	seeking remedy, appeal
cabaanaa	to chew, masticate, gnaw
cup caap (a) (adv.)	quiet, silent quietly, silently
cup caap hoonaa	to be silent
cappah cappah, cappaa cappaa (m)	every inch, every nook and corner
citlaa (a.m)	white, bloodless, spotted
citlaa daaǧ (m)	spot, speck
caTTaan (f)	a rock
caraanaa	to graze, to pasture
caRhaaii (f)	ascent, rise, acclivity
ciRiyaa (f)	a bird
cakkar (m)	wheel, perplexity, difficulty
caknaa cuur (a)	dashed to pieces, broken to pieces
calaanaa	to drive
cunnaa	to gather, to select, to arrange
cuuhaa (m)	a rat, a mouse
chupnaa	to be hidden, to be concealed
chatnaaraa (m)	topmost umbrella-shaped part of a leafy tree
cahcahaanaa	to sing, to warble, to whistle
cihrah (m)	face, countenance

chooRnaa	to leave, to desert, to spare
ciixam caax (f)	screaming, jabbering
ḥabs (m)	confinement, imprisonment, retention
ḥatt^{aa}	until
ḥiddat (f)	sharpness, vehemence, virulence, furry
ḥaraam zaadah (a.m)	rascal, no-account
ḥasiin (a)	beautiful
ḥuqqah (m)	the hooka
xaalii (a)	empty, vacant
xudaa salaamat rakhee!	May God keep you well!, Peace be with you!
xu(u)d daar (a)	self-respecting
xaraab (a)	bad, ruined, miserable, wretched
xargooš (m)	a rabbit, hare
xušk (a)	dry
xilaaf (a.prep.)	opposite, against, in opposition
xamiidah (a)	bent, crooked
xamiidah karnaa	to bend
xunuk (a)	cool
xvaab (m)	a dream, vision, sleep
daaRhii (f)	the beard
daaRhii par haat(h) pheernaa	to stroke one's beard, to rub one's hands in anticipation
daağ (m)	a mark, spot, speck
dar ašl	in fact
daraaz hoonaa	to lie down, to take rest
dikhaaii deenaa	to be seen, to appear

dam deenaa	to breathe one's last, to be dying
dam leenaa	to breathe, to take rest
dam nikalnaa	to go out (one's breath), to breathe one's last
damaknaa	to beam, to glitter, to bloom
dhaar (f)	stream, current
dhaan (m)	the rice plant, paddy, rice in the husk
dhuvãã (m)	smoke
Daab (f)	a belt, little pool (of different shapes)
Daal (f)	a branch
Daalii (f)	a branch, a bough
Dakaar leenaa	to belch, bellow
Dhalnaa	to mold, to shape, to decline, to pass
Dheer (m)	a leap, a bunch
Deerah (m)	a dwelling, tent
z̠arrah (m)	a particle
z̠arrah z̠arrah	every particle
ruxšat (f)	leave, departure, permission
ruxšat hoonaa	to take leave, to depart
razzaq (m)	sustenance-giver, an attribute of God, God, Providence
ras (m)	juice
ras daar (a)	juicy
rassah (m)	a rope, cord
rakaabii (f)	a small plate
ruknaa	to stop

rangaa rang	multi-colored
roo (f)	a wave, a stream
ruuḥ (f)	soul
reezah (m)	a scrap, a piece, a bit
reevaR (f)	a flock
zoor lagaanaa	to put forth one's strength, to try hard, to make strong efforts
saaz baaz karnaa	to make a secret arrangement, to plot
saakin (a)	stationary, quiet, tranquil
saag (m)	vegetable, greens, edible plants
sããs (m)	breathing, breath
sããs zoor zoor see calnaa	to breathe quickly
saahuukaar (m)	money-lender
saayah (m)	shadow, shade
sabz (a)	green
subuk ravii (f)	easy-movement
saxt (a)	stiff, hard, difficult
sudh budh (f)	consciousness and right understanding, care, sense
surx (a)	red
saRaa (a.m)	rotten
sastaanaa	to rest, to lie down for awhile
sukh dukh (m)	pains and pleasures, ups and downs
sil (f)	a stone
salaamat (a)	safe, well, sound
salaamat rihnaa	to be safe and sound

sannaaTaa (m)	listlessness, stillness, a stunning blow
sannaaTee mẽẽ rihnaa	to be struck motionless with terror or astonishment
sang reezah (m)	pebble
suuraj (m)	the sun
suuraj kaa Dhalnaa	the setting of the sun
suukhaa (a.m)	dry
sih pahar (f)	the third division of the day, mid-afternoon
sihlaanaa	to caress, to rub gently
sahii!	let it be!
siinah (m)	breast, bosom, chest
seeh (m.f)	a porcupine
šaax (f)	a bough, a branch
šaadaab (a)	fresh, pleasant, green
šabiih (f)	picture, image, resemblance, similarity
šaraaboor (a)	drenched, soused, dripping, wet
šuˀlah (m)	a flame, blaze, flash
šɔɔhar (m)	husband
s̈aaf šaffaaf (a)	clear, clean, pure
ˀaadat (f)	habit, custom, manner
ˀɛɛš (m)	luxury, pleasure, a life of pleasure and enjoyment
ˀɛɛš-o-ǧam (m)	joys and sorrows
ǧarbii (a)	western
ǧalaṭii (f)	a mistake, a slip
fatḥ muḥammad (m)	Fatah Mohammad
faraaz (m)	height, acclivity

fard (m)	a member
farooxt karnaa	to sell
fikruu (m)	Fikru
Fɛɛšlah (m)	judgement, settlemement
qaabuu (m)	power, command, hold
qaabuu mẽẽ aanaa	to come under control
qadr (f)	dignity, value, size
qadam (m)	a pace, a step, a footstep, a foot
qadmõõ mẽẽ sar rakhnaa	to put the head down on the other's feet, to show love or respect, to bow down
qaraar paanaa	to be agreed upon, to be decided, to be satisfied
qurq (a)	confiscated
qurq karnaa	to attach (property), to confiscate
qurqii (f)	confiscation
qismat (f)	fate, fortune, lot, portion, division
qaṭaar (f)	a line, a row
kaal (m)	famine
kaam see faariğ hoonaa	to be through with the work, to finish the work
kaainaat (f)	the world, universe, value
kaaii (f)	moss
kaRaa (a.m)	hard, stiff, difficult
kasɛɛlaa (a.m)	pungent, bitter
kul	all, entire, whole
kam ʔaql (a)	foolish
kũjRaa, kunjRaa (m)	a fruit or vegetable seller

kũjRii (f)	the wife of a kũjRaa , a female green grocer
kankar (m)	coarse limestone, gravel
khubnaa	to pierce, to penetrate
khaTTaa (a.m)	sour
khaRaa karnaa	to cause to stand, to raise, to stop
khaRee khaRee (a)	standing all the while, for a short time
khoonaa	to loose, to be lost, to be hidden
kiicaR (f)	mud, dirt
guTaarii (f)	a kind of starling
garm (a)	burning, glowing, hot, warm
guRiyaa (f)	a doll
galaa (m)	throat, neck
galaa ghõõTnaa	to squeeze or compress the throat, to suffocate, to throttle, to choke
gum (a)	lost, missing, distracted
gum hoonaa	to be fading, missing or lost
gooRnaa	to dig, scrape, weed
gooRii (f)	scraping
gihraa (a.m)	deep, profound
gihrii nĩĩd (f)	sound sleep
ghanaa (a.m)	dense, thick, close
ghuumnaa	to rotate, revolve, whirl, turn around
ghõõTnaa	to press, to squeeze, to choke, to suffocate
ghõõslaa (m)	a nest

ghɛɛl (f)	path, track
giilaa (a.m)	wet, moist, damp
giilaa hoonaa	to get wet
laRakpan (m)	childhood, boyhood, childishness
lassii (f)	a drink made of churned curd and water with sugar added to it
lut̤f (m)	taste, joy, beauty, kindness
lut̤f aanaa	to enjoy
luˀaab (m)	saliva, viscosity
lafz̤ (m)	a word
lamḥah (m)	moment, twinkling of an eye
lahuu (m)	blood
maathaa (m)	the forehead
maaliyah (m)	revenue
mutafakkir (a)	perplexed, anxious, pensive, thoughtful
maTkaa (m)	a large earthen pot or jar
miThaas (f)	sweetness
maḥabbat, muḥabbat (f)	friendship, love, affection
maḥaz̈	mere, simple; merely, altogether
muḥammaduu (m)	Mohammadu
maxmal (f)	velvet
marjaan, marjaanii (f)	Marján, Marjáni
mirc (f)	pepper
marḥuum (a)	dead, deceased, the late one
muralnaa	to wither, fade away
mazah (m)	taste, flavor, pleasure
mašaqqat (f)	labor, har work

muˀaaf karnaa	to remit, to forgive, to pardon
mağrib (m)	the west, sunset, the western quarter
muqaddamah (m)	a law suit, an introduction
muqaddamah calaanaa	to file suit
makaii (f)	maize, corn
mansuux (a)	cancelled, abolished
mansuux karaanaa	to get cancelled, to cancel, to abrogate
mootii (m)	a pearl
mẽẽDh (f)	the boundary between fields, a linear mound of earth which marks the boundary of a field
naazuk (a)	gracious, delicate, light, thin
naašpaatii (f)	a pear
nadii (f)	a river, rivulet
narm (a)	soft, smooth
našeeb (m)	lowness (of ground), a hollow, slope
naqlii (a)	artificial, fictitious, spurious
nikaaḥ (m)	marriage
nigaahẽẽ niicii karnaa	to lower the eyes
namak (m)	salt
nannhaa (a.m)	small, tiny, little, young
niilaaha^{T} (f)	blueness
vaaqiˀaat	pl. of vaaqiˀah
vaaqif (a)	acquainted, knowing
vakiil (m)	an attorney, a lawyer

haaRii (f)	the name of a bush
hããpnaa	to breathe hard, to pant
hat(h)eelii (f)	palm of the hand
hal (m)	a plough
hal calaanaa	to plough
hilaaraa (m)	swaying to and fro
hooš sãbhaalnaa	to recollect, to arrive at the age of discretion
hoolee	slowly, gradually, gently

****

کرشن چندر :

دوسری موت

شیواجی پارک بمبئی کے مضافات میں ہے، اس کے قابلِ دید مقامات میں ہے، گو شروع میں یہ بات آسانی سے سمجھ میں نہیں آ سکتی کہ یہاں کی کون سی شے قابلِ دید ہے؟ عمارتیں؟ —— عمارتیں تو بمبئی میں چاروں طرف ہیں۔ نفیس فلیٹ؟ —— تو وہ میرین ڈرائیو پر جا کر دیکھئے، جہاں ایک فلیٹ کے لئے پچیس ہزار کی پگڑی دینی پڑتی ہے(1)۔ ناریل کے درخت؟ —— تو وہ تو جُوہُو پر ہزاروں کی تعداد میں نظر آئیں گے، شیواجی پارک میں تو خال خال ہی نظر آتے ہیں۔ سمندر؟ —— بھئی، سمندر تو بمبئی کے چاروں طرف ہے، اس میں شیواجی پارک ہی کی کیا خصوصیت ہے! کچھ سمجھ میں نہیں آتا، اسے اس قدر قابلِ دید مقام کیوں سمجھا گیا ہے؟

در اصل یہ بات اتنی جلدی سمجھ میں آنے والی نہیں ہے۔ اس کے لئے شیواجی پارک میں رہنا ضروری ہے۔ اور کوئی دو چار مہینے رہنے سہنے سے کام نہ چلے گا۔ برسوں کی مستقل رہائش چاہئے، تب جا کے اس کی قابلِ دید و شنید خصوصیات کا پتہ چل سکے گا!

مثال کے طور پر مجھے اپنی اقامت کے پہلے چھ ماہ میں یہ بھی پتہ نہ چل سکا کہ میرے فلیٹ کے بالکل اوپر، دوسرے فلیٹ میں، شراب کی بھٹّی ہے۔ مسٹر رومولو، جو اوپر کے فلیٹ میں رہتے تھے، ایک ماہر بٹن ساز تھے اور ایک سندھی کارخانے دار کی بٹن فیکٹری میں ملازم تھے۔ جب وہ پکڑے گئے تو اچانک ہی ہمیں پتہ چلا، کہ وہ صرف ایک ماہر بٹن ساز ہی نہیں تھے، ماہرِ شراب بھی تھے۔ ان کی بھٹّی کی کشید شدہ شراب ذائقے، رنگت اور تاثّر میں مشہور فرانسیسی شرابوں کو بھی مات کرتی تھی۔ لیکن یہ سب کچھ ہمیں بعد میں معلوم ہوا۔

پہلے چھ ماہ تک تو ہم انھیں بٹ سازی کا ہی ماہر سمجھتے رہے۔ مسٹر رومولو بڑے ملنسار، ہنس مکھ انسان تھے۔ اکثر اترتے چڑھتے بلڈنگ کی سیڑھیوں پر ان سے ملاقات ہوتی تھی اور کئی کئی منٹ تک حیدرآباد کی مینا کاری کے اور کانپور کے چمڑے کے بٹنوں پر ان سے دل چسپ گفتگو رہتی تھی۔ پھر ان کا نام کتنا اچّھا تھا ـــــ رومولو . . رومولو . . . کتنی گھلاوٹ ہے اس نام میں، لکھنؤ کی بالائی کا سا مزا ہے۔ اسی شیواجی پارک میں میرے ایک اور دوست رہتے ہیں۔ نام ہے، خواجہ مشہد تبّان۔ نام سن کے ایسا معلوم ہوتا ہے، گویا کوئی گھوڑا کچّے شلغم چبا رہا ہے۔ بھلا آپ ہی بتائیے، ایسے نام کا آدمی کبھی دنیا میں ترقّی کر سکتا ہے؟ خیر، تو ذکر مسٹر رومولو کا ہو رہا تھا۔ جب وہ ناجائز شراب کے جرم میں دھر لئے گئے(۲)، تو مجھے بڑی حیرت ہوئی۔ میرے ایک اور دوست ہیں، جو اسی بلڈنگ میں رہتے تھے۔ دس سال وہ فرانس میں رہ آئے تھے۔ بڑے خوش ذوق آدمی تھے۔ موٹر گاڑی بھی رکھتے تھے۔ کبھی کبھار جب میرے رشتے دار گاؤں سے بمبئی کی سیر کے لئے آتے، تو میں ان سے گاڑی مانگ لیتا تھا۔ وہ امپورٹ ایکسپورٹ کے تاجر تھے اور فیروز شاہ مہتہ روڈ پر ان کا دفتر تھا۔ مسٹر رومولو کی گرفتاری پر، ہنس کے فرمانے لگے:

> بھئی، کچھ بھی ہو، رومولو برانڈ کی شراب کا جواب بمبئی میں نہیں ہے۔ اسے چکھ کر پیرس کی گلیاں یاد آ جاتی ہیں اور فرانسیسی کنواری کا جسم، جو اب خود پیرس میں نایاب ہوتا جا رہا ہے، آنکھوں کے آگے گھومنے لگتا ہے(۳)۔

"مگر" میں نے اپنے دوست سے کہا "میں تو سمجھتا تھا کہ وہ بٹن . . ."
انھوں نے قطع کلام کرتے ہوئے کہا:

> تم تو نرے چغد ہو۔ ارے میاں! یہ شیواجی پارک ہے۔ یہاں ہر آدمی دو کام ضرور کرتا ہے ـــــ ایک سفید مارکٹ کا، ایک بلیک مارکٹ کا۔ سفید مارکٹ میں پیسہ نہیں ہے۔ پیسہ تو صرف بلیک مارکٹ سے ملتا ہے۔ مسٹر رومولو کی شراب مالابار ہل پر جاتی تھی، بڑے بڑے امیر گھرانوں میں۔ خود

> بمبئی کے پولیس کمشنر نے ، اکثر دعوتوں میں ، اس شراب کو چکھا ہے۔ کیا بات کرتے ہو!

جب پولیس مسٹر رومولو کو لے گئی ، تو مجھے بڑا افسوس ہوا۔ میرے دوست کہنے لگے :

> اماں! کیوں افسوس کرتے ہو؟ وہ بڑا پرفن اور کائیاں ہے۔ دور تک اس کی پہنچ ہے۔ دیکھنا ، بہت جلد چھوٹ جائے گا۔

اور یہی ہوا۔ چند دنوں میں ، میں نے مسٹر رومولو کو ہنستے کھیلتے واپس آتے دیکھا۔ مگر اب وہ شیواجی پارک کا فلیٹ تبدیل کر رہے تھے۔ دس ہزار کی پگڑی پر ، انہوں نے اپنا فلیٹ ایک سندھی شرنارتھی کو دے دیا ، جو بے چارہ کراچی سے اپنی جان بچا کے بمبئی بھاگ آیا تھا۔ اسے اپنے ڈالمیشین کتّے کا بڑا افسوس تھا ، جو کراچی ہی میں رہ گیا تھا۔ بیوی بچّے ، زیور دولت ، سب کچھ وہ لے آیا تھا۔ مگر اس کے مکانات ، اس کا کارخانہ اور اس کا باغ وہیں رہ گیا تھا۔ مگر ان چیزوں کا اسے اتنا افسوس نہ تھا ، جتنا ڈالمیشین کتّے کا جو غلطی سے کراچی میں رہ گیا تھا۔ اس نے اپنے مسلمان دوستوں کو کئی تار دئے ، مگر وہ لوگ اتنے کٹّر پاکستانی تھے کہ انہوں نے بے چارے کا کتّا وہیں رکھ لیا۔ بڑا خوبصورت کتّا تھا وہ! سپید برّاق ، جلد پر چتلے چتلے داغ ، جیسے نئے فیشن کی ساڑیاں ہوتی ہیں نہ : بس اس کا پیارا ڈالمیشین بھی اسی ڈزائن کا تھا۔ ظالم پاکستانیوں نے ہتیا لیا۔ اور ہماری سرکار ہے ، کہ ایسے شرنارتھیوں کے لئے کچھ بھی نہیں کرتی!

یہ بات کہ شیواجی پارک میں ہر آدمی دو کام کرتا ہے ، مجھے جچی نہیں ،—— اور جچی تو اس وقت جب میرے دوست خود لڑکیوں کی خرید و فروخت کے سلسلے میں پکڑے گئے۔ بعد میں یہ راز کھلا کہ ان کا امپورٹ اور اکسپورٹ کا دفتر بھی ، جو فیروز شاہ مہتہ روڈ پر تھا ، در اصل لڑکیوں کی امپورٹ اکسپورٹ کا کام کرتا تھا۔ اور یہ کام غریب پنجابی شرنارتھیوں کی آمد سے اور بھی بڑھ گیا تھا۔ ان

3

ہی دنوں میں میرے دوست نے ایک نئی ڈیملر خرید کی تھی اور اس میں اکثر خوب صورت لڑکیوں کو ڈرائیو کے لئے لے جایا کرتے تھے۔ مگر وہ لڑکیاں تو اتنی فیشن ایبل تھیں، کہ مجھے کبھی اندازہ ہی نہیں ہوا، کہ ان کی بھی امپورٹ اکسپورٹ ہوتی ہے۔ اس قدر ہائی کوالٹی کا مال ہوتا تھا، کہ پولیس کی نگاہ بھی چوک جاتی تھی(۴)، اور پھر بڑے بڑے دوست تھے میرے دوست کے۔ ان کے فلیٹ میں میری ملاقات نواب آف گنسیارو سے ہوئی، مسٹر جی حضوری سے ہوئی، مولانا شرف اللہ سے ہوئی، سیٹھ دمپت چوواڑیا سے ہوئی۔ کیا لوگ تھے وہ! ہر ایک کے پاس پندرہ بیس بلڈنگیں، آٹھ دس گاڑیاں، پانچ سات داشتائیں اور دو چار سیاسی لیڈر نوکر تھے۔ اور جب میں اپنے دوست سے کہتا:

بھئی! تم بڑے با رسوخ ہو، ایک بزنس ہمیں بھی کرادو،

تو اپنے موٹے سگار کی راکھ جھاڑتے ہوئے کہتے:

ارے بھئی! تم کیا جانو، اس بزنس میں کتنی پریشانی ہے؟

اب پتہ چلا، جب پولیس انہیں گرفتار کرکے لے گئی، کہ اس میں کتنی پریشانی ہے! سنا ہے، لڑکی جو اکسپورٹ کی گئی، صرف تیرہ سال کی تھی۔ اس کے ماں باپ نے اسے پندرہ سو میں بیچ دیا تھا۔ میرے دوست نے اسے ایک ریاست میں سات ہزار روپئے پر اکسپورٹ کر دیا۔ کسی نے بیچ میں کمیشن زیادہ مانگا اور میرے دوست نے نہیں دیا۔ اس نے پولیس میں جا کر اطلاع کر دی۔ اور آپ جانئے، پولیس تو ایسے معاملوں کی تاک میں رہتی ہے(۵)۔ بے چارے شریف آدمی کو گرفتار کر لیا۔

ایسے واقعات شیواجی پارک میں ہوتے رہتے ہیں۔ میرا ایک دوست تھا، بھنڈاری۔ بے چارہ کراچی سے بزنس کے لئے آیا تھا۔ یہاں ایک گجراتی لڑکی سے عشق کر بیٹھا اور بزنس کے بجائے، اس نے ایک روز لڑکی کی بے مروی سے تنگ آ کر زہر کھا لیا۔ آپ اس لڑکی کو دیکھیں تو کہیں، اس لڑکی کے لئے زہر تو کجا مٹھائی بھی نہیں کھائی جا سکتی، مگر دل ہی تو ہے(۶)۔

شیواجی پارک میں کارخانے دار رہتے ہیں اور کرخندار بھی۔ سیٹھ لوگ بھی اور سیٹھوں کے غلام بھی۔ کہیں کہیں فلم ایکٹر بھی نظر آ جاتے ہیں۔

"وہ گھر دیکھا تم نے؟ یہاں شری گھوش رہتے ہیں۔"

شری گھوش! سچ مچ؟

"ہاں!"

وہی شری گھوش، جنھوں نے "چڑی کا بکّہ"، "چور کا مور" اور "گوبھی کے پھول" میں کام کیا ہے؟

"ہاں!"

کمال ہے بھئی، یہ چھوٹا سا مکان ان کا ہے!

"اور وہ جو مکان ہے نہ، جس کے باہر بھنگن جھاڑو دے رہی ہے، وہاں مس دمساز لانتی رہتی ہیں۔"

دمساز لعنتی!

"لعنتی نہیں، لانتی۔ عین غائب ہے۔"

دمساز لعنتی! جھوٹ تو نہیں بولتے؟ وہی دمساز لعنتی جو "بد قسمت"، "من کی پھوار" اور "میں کیسے بکی" کی ہیروئن ہے؟

"وہی! وہی!"

بھئی! یقین نہیں آتا، اتنی بڑی ہیروئن یہاں رہتی ہو۔

"یقین نہ آتا ہو، تو اس بھنگن سے پوچھ لو۔"

کمال کر دیا، بھئی!

"کیا سمجھتے ہو؟ یہ شیواجی پارک ہے"، میرا گائڈ جواب دیتا ہے۔

اب مجھے یہاں رہتے ہوئے چھہ سال ہو گئے ہیں۔ اب میں کہہ سکتا ہوں، کہ شیواجی پارک واقعی قابلِ دید جگہ ہے۔ یہاں فلمی دنیا کے بہترین ہیرو اور ہیروئن موجود ہیں، بڑے بڑے سیٹھ اور کارخانے دار، اخباروں کے مالک اور

بڑے بڑے جرنلسٹ، جن کے قلم کا لوہا دنیا مانتی ہے(۷) اور پھر معمولی لوگ بھی رہتے ہیں —— دھوبی، نائی، کلرک، ادیب، مٹھائی بیچنے والے، کنجڑے، ڈرائیور، ویٹر، پان والے، پھول والے، ناریل والے، دہی بڑے کی چاٹ والے —— معمولی لوگ، جن میں طوائفیں بھی شامل ہیں۔ شیواجی پارک دوسری انسانی بستیوں کی طرح ہی ایک اور آبادی ہے۔ اس آبادی میں ہندو زیادہ ہیں، مسلمان کم۔ یوں سمجھئے کہ سو میں سے پچانوے تو ہندو ہوں گے اور پانچ مسلمان۔ ہندوؤں میں ستّر مرہٹے ہوں گے اور بیس گجراتی، باقی پانچ فلم ایکٹر سمجھئے۔ مرہٹے بالعموم متوسّط یا نچلے متوسّط طبقے کی اولاد ہیں۔ گجراتی امرا کے طبقے میں قدم رکھتے ہیں۔ اور جو فلم ایکٹر ہیں، وہ ان دونوں طبقوں میں گذرتے رہتے ہیں —— کبھی یہاں، کبھی وہاں۔ جنگ کے زمانے میں، یہ لوگ لاکھوں کماتے تھے۔ جنگ کے بعد، لاکھوں گنوادیئے انھوں نے۔ آج کل بیکاری کے زمانے میں، ہندو سیوک سنگھ میں نام لکھا لیا ہے اور ہندو دھرم سے عشق کرنے لگے ہیں۔ جنگ کے زمانے میں یہ رنڈیوں سے عشق کرتے تھے۔ کبھی کبھی غور کرتا ہوں، تو اپنی ساری زندگی —— نجی شخصی، قومی زندگی —— امپورٹ اکسپورٹ کے اصول پر چلتی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔

شیواجی پارک میں سب ہی طرح کے لوگ ہیں۔ مگر پھر بھی چھ سال سے دیکھ رہا ہوں، کہ لوگ اپنے فلیٹوں میں آرام سے رہتے ہوں یا دکھ سے رہتے ہوں شرافت سے ضرور رہتے ہیں(۸)، کیوں کہ انسانی برادری کے ہزاروں افراد غنڈہ گردی کے اصول پر کسی بستی کو زیادہ دیر تک نہیں چلا سکتے۔ اس لئے بچّے آسانی سے گلیوں میں گھومتے ہیں، عورتیں آزادی سے پارک میں سیر کرتی ہیں، دوکانوں پر سودا سلف خریدتی ہیں، مرد دفتروں، کارخانوں، دوکانوں پر کام کرتے ہیں اور شام کو ایک قمیص دھوتی پہنے ہوئے سمندر کے کنارے آ جاتے ہیں اور گپ شپ اڑاتے ہیں۔ ننّھے ننّھے کھلونوں کی ننّھی ننّھی حرکات، اور قریب ہی سمندر کی گھن گرج گونج چاروں پھر

سنائی دیتی ہے اور چھوٹی چھوٹی انسانی مسرّتوں کے لئے پس منظر موسیقی کا کام دیتی ہے۔ کبھی موسیقی ہے، تو کبھی گرج ہے۔ کبھی خطرہ ہے، تو کبھی خوشی ہے۔ سمندر کی گونج ہر آن ، انسانی خوشیوں اور دکھوں کے ساتھ، بدلتی رہتی ہے اور شیواجی پارک کی انسانی آبادی اس گونج میں اپنے ڈھنگ کے سر ڈھونڈتی رہتی ہے۔

(۲)

میری اقامت کے چھٹے سال شیواجی پارک میں ایک طوفان اٹھا۔ یہ طوفان بہت دور سے آیا تھا۔ گو سمندر شیواجی پارک کے بہت قریب ہے، لیکن یہ طوفان اس سمندر سے نہیں آیا تھا۔ یہ طوفان بہت دور سے، —— آج سے ایک سو سال دور پیچھے سے، —— آیا تھا۔ یہ طوفان غدر سن ۱۸۵۷ء سے شروع ہوا اور پندرہ اگست سن ۱۹۴۷ء کو سارے ہندوستان میں پھیل گیا۔ انسانی تاریخ کے اس طوفان نے ہر ہندوستانی گھر کی چولیں ہلا دیں اور کہیں نہ کہیں اس کی روح میں ، اس کے جسم میں ، اس کے ذہن میں ، اس کے آداب اس کی زندگی میں ، کوئی نہ کوئی انقلاب ضرور پیدا کر دیا۔ یہ بڑا بھاری طوفان تھا جو صدیوں کے بعد ہی انسانی زندگی میں آتا ہے، گو اسے شروع ہوئے ایک سو سال سے زائد عرصہ نہ ہوا تھا۔ کئی لوگ کہتے ہیں ، کہ یہ طوفان نہ تھا ، دو طوفانوں کی ٹکّر تھی —— ایک طوفان جو ایک سو سال پہلے شروع ہوا ، دوسرا طوفان جو اس سے کہیں پہلے منو سمرتی کی جارحانہ براہمنیت سے شروع ہوا۔ سیکڑوں سال پہلے۔ وہ براہمنیت جو بدھ کے عروج کا باعث بنی ، جس نے اسلام کو فروغ دیا ، جس نے اچھوت پیدا کئے، اور آج پاکستان کو جنم دے رہی تھی۔ بلا شبہ یہ دو طوفانوں کی ٹکّر تھی۔ قومیت کا سیلاب اور براہمنیت کا ردِّ عمل۔ قومیت کا سیلاب آزادی لایا ، براہمنیت کے ردِّ عمل نے پاکستان کی تشکیل کی۔ اور اب دونوں طوفان ٹکرا رہے تھے۔ بجلی کی کڑک ، رعد ، گونج ، گرج ، انسانی چیخیں ، خون کی لہریں ، بجلی جو گھروں کو جلا گئی ، عصمتوں کو جلا گئی ، کھیتوں کو جلا گئی ، انسانوں کو جلا گئی۔ اور یہ

طوفان ادھر سے آیا، جدھر سے آریہ لوگ آج سے ہزاروں سال پہلے ہند میں داخل ہوئے تھے۔

سردار دھنتر سنگھ اسی طوفان کے ریلے میں بہتا بہتا شیواجی پارک آ نکلا تھا۔ دھنتر سنگھ لائل پور کا ہٹ چھٹ کسان تھا، جسم و جان کا مضبوط۔ اس کے آبا و اجداد نے لائل پور کی بنجر زمین میں اپنی محنت سے بہار کے پھول اگائے تھے۔ وہ لائل پور کا بوٹا تھا، جس طرح وہاں کا گندم، وہاں کی روئی اور وہاں کے پیلو لائل پور کے تھے۔ جب ایک بوٹے کو اس کے جغرافیائی ماحول، اس کی مخصوص آب و ہوا، اس کی زمین سے اکھاڑ لیا جائے، تو دوسری جگہ اس کی کاشت مشکل سے ہو سکتی ہے۔ اس معمولی امر کو جسے ہر کسان اچھی طرح سمجھتا ہے، ہمارے ملک کے تقسیم کرنے والے تقسیم کرتے وقت بھول گئے۔ دھنتر سنگھ کے قدم شیواجی پارک میں نہ جمتے تھے۔ اس کی جڑیں اس کی غذا کو قبول نہ کرتی تھیں۔ اس کی رگیں مرجھانے لگی تھیں۔ وہ تندرست پودا نہ تھا، بیمار پودا تھا۔

دھنتر سنگھ کی زمین اس کے پاس نہ تھی۔ اس کی بیوی لائل پور کے ایک جانگلی سردار نے اغوا کر لی تھی، —— اس کی آنکھوں کے سامنے اور وہ کچھ نہ کر سکا تھا۔ اس کے ماں باپ اس کے سامنے موت کے گھاٹ اتار دیئے گئے(۹)۔ پھر فوج کی مدد پہنچ گئی اور وہ بچ گیا۔ لیکن کرپان اس کے پہلو میں ہر وقت بے چین رہتی تھی۔ محنت کش کسان، ماہیا اور ہیر گانے والا کسان، ہنسی اور ٹھٹھول میں غرق رہنے والا کسان، خون کا پیاسا بن گیا۔ اس نے آتے ہی جب دیکھا، کہ شیواجی پارک میں مسلمان بڑے مزے میں رہتے ہیں، تو وہ بھوں چکّا سا رہ گیا۔ وہ گلی میں سے گذر رہا تھا، کہ اس کی نظر ایک پٹھان پر پڑی جو مس دمساز لانتی فلم اسٹار کے گھر کے باہر کھڑا تھا۔ اسے بلوچی سپاہی یاد آئے جنھوں نے اس کے گاؤں پر حملہ کیا تھا۔ اس نے معاً ست سری اکال کا نعرہ بلند کیا اور کرپان نکال کر پٹھان کو وہیں تہہ تیغ کر دیا۔

شیواجی پارک میں ہندو مسلم فساد کی یہ پہلی واردات تھی۔ پولیس تحقیقات کے لئے آئی، لیکن مجرم کا پتہ نہ چلا۔ اسی رات غنڈوں نے ایک کمیٹی بلائی، دھنّتڑ سنگھ کی پیٹھ ٹھونکی گئی اور فیصلہ کیا گیا کہ شیواجی پارک سے مسلمانوں کو ختم کر دیا جائے۔ اس کام کے لئے سردار دھنّتڑ سنگھ کو سردار مقرّر کیا گیا۔

دوسری رات کو سردار دھنّتڑ سنگھ نے، اپنے ساتھیوں کی مدد سے، کئی مسلمانوں کو قتل کر دیا۔ ان میں کئی ایک خود غنڈے تھے اور اس فساد کے شروع ہونے سے پہلے ہندو غنڈوں کے ساتھ مل کر شہریوں کو بلیک میل کیا کرتے تھے۔

امجد نے مرتے مرتے کہا:

> ارے دھارکر! زندگی بھر تیلا میرا ساتھ رہا ہے۔ یاد ہے، جب ہم نے مل کر سیٹھ دمپت کی بے عزّتی کی تھی؟، جب نھروان جی پارسی کو سمندر میں ڈبویا تھا؟، جب ایرانی ہوٹل والے کو لوٹا تھا؟ اور آج تو ہم پر ہی تلوار لے کر چڑھ آیا ہے، دوست!

دھارکر نے پریشان ہو کر کہا:

> کیا کروں دوست، مجبوری ہے۔ ہندو دھرم کا معاملہ آن پڑا ہے، ورنہ کوئی بات نہ تھی۔

"ست سری اکال" کہہ کر دھنّتڑ سنگھ نے امجد کا سر اڑا دیا۔

اگلے روز بہت سے مسلمان شیواجی پارک اور اس کے نواحی علاقوں کو خالی کرنے لگے۔ وہی فلیٹ، جو دس ہزار پگڑی پر بھی نہ مل سکتے تھے، اب دو دو ہزار روپئے پر جانے لگے، بلکہ کئی لوگ تو یوں ہی خالی کرتے گئے۔ موٹریں، جو پندرہ سولہ ہزار کی مالیت کی ہوں گی، پندرہ سو میں بکنے لگیں۔ بجلی کے پنکھے، ریڈیو گرام، ہر گراں شے کے دام کوڑی ہو گئے(۱۰)۔ اور یہ سب سردار دھنّتڑ سنگھ کی ہر وقت رہنمائی کے طفیل تھا۔ اب گجراتی سیٹھ اسے ہاتھ جوڑ کر نمسکار کرتے تھے، گجراتی سیٹھانیوں نے اس کے گلے میں ہار پہنائے۔ امجد کی خوبصورت مرہٹی بیوی اس نے اپنے ہاں رکھ لی اور اسے امرت چکھا دیا۔ ہر روز شراب کی بوتل اس کے پاس پہنچ جاتی اور سو پچاس روپئے

بھی۔ اب وہ سیٹھوں کی محفل میں رہتا تھا، ان کی موٹروں میں گھومتا تھا اور گلی بازار میں اکڑ کر یوں چلتا تھا جیسے شیواجی پارک کا مالک وہی ہے۔ اب اس کے جسم سے لائل پور کی سوندھی مٹّی کی بو نہیں آتی تھی، اب اس کے جسم کے ذرّے ذرّے سے لالچ اور خون کی بو آتی تھی۔ اب اس کی زبان پر ماہیا اور ہیر کے گانے نہیں تھے، اب وہ فلموں کے بازاری گیت گاتا تھا۔ اس کے ہات میں اب ہل نہیں تھا، خنجر تھا۔ وہ دھنتّر سنگھ مر گیا تھا جو لائل پور کا کسان تھا، وہ دھنتّر سنگھ زندہ تھا جسے دو طوفانوں کی ٹکّر نے جنم دیا تھا۔ اب وہ ہندو دھرم کی عزّت کا محافظ تھا اور جن لوگوں نے اس کے ذریعے فلیٹ حاصل کئے تھے اور موٹریں، اور پھر انھیں بازار میں ہزاروں کے منافع پر بیچا تھا، اس کے قدموں میں بچھے جاتے تھے(۱۱) اور اس کی آؤ بھگت دیوتاؤں کی طرح کرتے تھے۔

اب یہ طوفان بھی گذر چلا ہے۔ مسلمان شیواجی پارک سے نکال دئیے گئے ہیں۔ کہیں کہیں اکّا دکّا گھر مسلمانوں کا رہ گیا ہو تو رہ گیا ہو، مجھے اس کی خبر نہیں۔ ہاں، اتنا ضرور جانتا ہوں کہ زندگی اب پھر پرانے ڈھرّے پر آ چلی ہے۔ لوگ باگ پھر راتوں کو گھروں سے سیر کے لئے نکلنے لگے ہیں۔ عورتوں اور بچّوں کے قہقہے بھی سنائی دینے لگے ہیں۔ سمندر کے کنارے دہی بڑے والے، پھول والے اور ناریل بیچنے والے گھوم رہے ہیں۔ ٹھیلوں پر شمعیں روشن ہیں۔ اور گجراتی سیٹھوں کی قیمتی گاڑیاں زنّاٹے سے گذر جاتی ہیں، اور آدمی انھیں تکتا رہ جاتا ہے(۱۲)۔ دھنتّر سنگھ کی اہمیت اب ختم ہو چکی ہے۔ اس کے گھر اب شراب کی بوتل نہیں پہنچائی جاتی، نہ سو پچاس روپئے کی آمدنی ہے۔ کوئی اس کے گلے میں پھولوں کے ہار نہیں پہناتا، اسے ہندو دھرم کا رکھشک نہیں بتاتا۔ بڑے بڑے سیٹھ جو فساد کے دنوں میں اس کے گلے میں بانہیں ڈالے پھرتے تھے، اب اس کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھتے(۱۳)۔

دھنتّر سنگھ طوفان کا اکھڑا ہوا پودا ہے۔ ڈول رہا ہے۔ زہر اس کی رگ رگ

میں سرایت کر چکا ہے۔ اس کے حمایتی ایک ایک کر کے رخصت ہو چکے ہیں۔ مگر ایک معقول تعداد ابھی باقی ہے —— کم تنخواہوں والے کلرک، دھوبی، نائی، کنجڑے، ڈرائیور، کرخندار، بیکار، زندگی کے ستائے ہوئے لوگ اور غنڈے، جنھوں نے کبھی ماں کا دودھ پیا تھا اور آج زندگی کا زہر پیتے ہیں۔ یہ لوگ سوچتے ہیں کہ مسلمان چلے گئے، لیکن بیکاری ختم نہیں ہوئی، کپڑا نہیں ملتا، مکان نہیں ملتا، تنخواہ نہیں بڑھتی۔ مسلمان چلے گئے، لیکن چیزیں سستی نہیں ہوتیں۔ ہاں، امیروں کے پاس موٹریں اسی طرح ہیں، ان کے گھروں میں وہی شان و شوکت ہے، ان کے کارخانے اسی طرح چلتے ہیں۔

مسلمان چلے گئے، بھگا دیے گئے، مار ڈالے گئے۔
لیکن دھنتّڑ سنگھ بدستور بھوکا ہے۔

دو چار روز تو اس نے صبر کیا۔ پھر پریشان ہو کر اس نے سیٹھ دھنپت کی موٹر روک لی اور اس سے کہا:

سیٹھ، وہ تمھارے وعدے کدھر گئے؟

سیٹھ نے خشونت سے کہا:

کیسے وعدے؟

"وہی، میں یہ کروں گا، میں وہ کروں گا۔"

کیا نہیں کیا میں نے؟ —— اور کیا مانگتا ہے؟ یہ لے پانچ روپئے۔

"پانچ روپئے نہیں چاہئیں۔ وہ تیرے آدمی کو جو کرنل مشرّن کا فلیٹ دلوایا تھا، اس کا کمیشن پانچ سو بنتا ہے۔ وہ بولتا تھا، دوں گا۔ ابھی تک نہیں دیا۔"

تو مجھ سے کیوں مانگتا ہے؟ راستے میں موٹر روک کے کھڑا ہے سالا۔ پولیس میں چالان کرا دوں گا۔

"پولیس میں چالان کرا دے گا!" دھنتّڑ سنگھ گرجا "تیری بہن دی.... (۱۴)"۔

زوم سے موٹر اس کے ہاتھوں سے نکل گئی، اور وہ سڑک پر گر کر مرتے مرتے بچا۔

رات کو اس نے سیٹھ دمپت کے آدمی کو قتل کر دیا، جس نے اسے پگڑی کا کمیشن نہیں دیا تھا۔ اب ان ہی سیٹھوں نے اسے گرفتار کرا دیا، جنھوں نے بیسوں مسلمانوں کے قتل ہو جانے پر بھی اسے پولیس کے ہاتھوں سے بچا لیا تھا، جھوٹی گواہیاں دے کر۔ اب وہ ہندو دھرم کا رکھشک نہ رہا تھا، شیواجی پارک کے امن کا دشمن تھا۔

اس کے خلاف جو الزام لگائے گئے، وہ یہ تھے:

۱۔ وہ پنجابی تھا۔
۲۔ وہ پنجابی غنڈہ تھا۔
۳۔ وہ سکھ تھا۔
۴۔ وہ سکھ قاتل تھا۔
۵۔ اس نے ایک مسلمان عورت کے خاوند کو قتل کر کے اسے اپنے ہاں زبردستی رکھ رکھ لیا تھا۔
۶۔ اس نے سیٹھ دمپت مارواڑی کی موٹر روک لی تھی۔
۷۔ موٹر روک کر اس نے قتل کی دھمکی دی تھی۔
۸۔ اس نے سیٹھ دمپت کے پارٹنر کو قتل کر دیا تھا اور اس فلیٹ میں دوسرے لوگوں کو قتل کرنے جا رہا تھا، کہ اسے پولیس نے گرفتار کر لیا۔
۹۔ وہ شیواجی پارک میں، جہاں صرف شریف لوگ بستے ہیں، امن کے لئے خطرہ تھا۔

ان الزامات کی بنا پر اسے نو دفعہ پھانسی کی سزا ہو سکتی تھی، لیکن اسے صرف ایک دفعہ پھانسی کی سزا ہوئی، اور وہ پھانسی پر چڑھا دیا گیا(۱۵)۔ اور اس طرح دھنتّو سنگھ سردار، قوم سکھ، عمر تیس سال، ساکن لائل پور، مر گیا۔ تاریخ وفات، ۲۰/ اکتوبر سن ۱۹۴۷ع۔

لیکن میرا خیال ہے کہ وہ اس سے بہت پہلے مر چکا تھا، ـــــ مار ڈالا گیا تھا۔ سردار دھنتّو سنگھ جو لائل پور کا کسان تھا، جس کی عمر تیس سال کی تھی،

اور جو ماہیا اور ہیر گایا کرتا تھا اور ہر روز اپنے کھیتوں پر کام کرتا تھا ، جس کے دو بوڑھے ماں باپ تھے ، ایک نو جوان شرمیلی بیوی تھی ، اور شریر آنکھوں والے معصوم بچّے —— وہ سردار ۱۵/ اگست کو مار ڈالا گیا تھا۔ یہ قتل باہمی سمجھوتے سے ہوا ، اور اس کے قاتلوں میں کانگریسی بھی تھے اور لیگی بھی اور ہر وہ ہندوستانی جس نے اپنے آرام کی خاطر پنجاب کی روح کے دو ٹکڑے کر دیئے تھے۔

"duusrii moot"

Footnotes

(1) where for one flat a bribe of twenty five thousand (rupees) must be put down; where in order to rent a flat one must pay a bribe of twenty five thousand.

(2) When he was caught in the crime of (making or selling) illegal wine; When he was caught bootlegging wine.

(3) (That body).....flashes before (my) eyes; I am reminded of ..... (that body).

(4) that even the eyes of the police would err; that even the police could see nothing wrong.

(5) and you know, the police are always lying in wait for such affairs; and you know, the police are always on the lookout for such affairs.

(6) but it is (an affair of) the heart; but that is the way love is.

(7) of whose pen the world acknowledges supremacy; who are famous for their writing.

(8) that whether the people are living in happiness or in misery (I do not know), but they are certainly living with civility; that the people, whatever their circumstances, are gentile.

(9) His parents were murdered right before his eyes.

(10) the price of everything expensive became very little; everything expensive was greatly reduced in price.

(11) (they) were almost falling at his feet.

(12) and a man remains standing, gazing after them wistfully; and one gazes after them wistfully.

(13) (they) don't even look toward him with their eyes raised now; now they don't even notice him when they see him.

(14) Your sister's ..... (an abusive remark).

(15) and he was put to death.

****

Exercises

1. Give suitable synonyms for the underlined words and phrases (making any changes necessary in sentences).

۱- شروع میں یہ بات سمجھ میں نہیں آ سکتی، کہ یہاں کی کون سی شے قابلِ دید ہے۔

۲- شیواجی پارک میں تو ناریل کے درخت خال خال ہی نظر آتے ہیں۔

۳- در اصل یہ بات جلدی سمجھ میں آنے والی نہیں ہے۔

۴- جب وہ نا جائز شراب کے جرم میں دھر لئے گئے، تو مجھے بڑی حیرت ہوئی۔

۵- انھوں نے قطع کلام کرتے ہوئے کہا۔

۶- جب پولیس مسٹر روملو کو گرفتار کرکے لے گئی، تو مجھے بڑا افسوس ہوا۔

۷- اماں! وہ بڑا پرفن ہے۔

۸- مگر اب وہ اپنا فلیٹ تبدیل کر رہے تھے۔

۹- یہ کام غریب پنجابیوں کی آمد سے اور بھی بڑھ گیا تھا۔

۱۰- اس نے پولیس میں جا کر اطلاع کر دی۔

۱۱- اس طوفان کو شروع ہوئے، ایک صدی سے زائد عرصہ نہ ہوا تھا۔

۱۲- وہ براھمنیت، جو بدھ کے عروج کا باعث بنی، اور جس نے اسلام کو فروغ دیا۔

۱۳- وہ دوھتّڑ سنگھ زندہ تھا، جیسے دو طوفانوں کی ٹکّر نے جنم دیا تھا۔

۱۴- اب اسے کوئی ہندو دھرم کا رکھشک نہیں بتاتا۔

۱۵- اس کے حمایتی ایک ایک کرکے رخصت ہو چکے ہیں۔

۱۶- سیٹھ نے خشونت سے کہا: کیسے چلے ہے؟

2. Fill in the blanks.

۱- مسٹر روملو ایک ماہر بٹن ___ تھے، اور ایک سندھی کارخانے ___ کی بٹن فیکٹری میں ___ تھے۔

۲- ان کی بھٹی کی کشید ___ شراب، ذائقے رنگت اور تاثّر میں مشہور فرانسیسی ___ کو بھی مات ___ تھی۔

۳- یہاں ہر آدمی دو کام کرتا ہے: ایک سفید ___ کا، ایک ___ مارکٹ کا۔

۴- دس ہزار کی ___ پر انہوں نے اپنا فلیٹ ایک شرنارتھی کو دے دیا۔

۵- میرے دوست لڑکیوں کی خرید و ___ کے سلسلے میں ___ گئے۔

۶- لیکن وہ لڑکیاں تو اتنی فیشن ___ تھیں، کہ مجھے کبھی اندازہ ہی نہیں ہوا، کہ ان کی بھی امپورٹ ___ ہو سکتی ہے۔

۷- اس قدر ہائی ___ کا مال ہوتا تھا، کہ پولیس کی نگاہ بھی ___ جاتی تھی۔

۸- تھانے دار تو ایسے معاملوں کی تاک میں ___ ہے۔

۹- اس نے ایک روز لڑکی کی ___ مزدوری سے تنگ آکر زہر ___ لیا۔

۱۰- یہاں بڑے بڑے جرنلسٹ رہتے ہیں، جن کے قلم کا لوہا دنیا ___ ہے۔

۱۱- یہ گونج، چھوٹی چھوٹی انسانی مسرّتوں کے لئے پس ___ موسیقی کا کام دیتی ہے۔

۱۲- اور شیواجی پارک کی انسانی آبادی اس گونج میں اپنے ڈھنگ کے سر ___ رہتی ہے۔

۱۳- انسانی تاریخ کے اس طوفان نے ہر ہندوستانی گھر کی چولیں ___ دیں۔

۱۴- دوسرا طوفان منو سمرتی کی بیمارخانہ ___ سے شروع ہوا۔

۱۵- دھنتّر سنگھ لائل پور کا ہٹ ___ کسان تھا، جسم و ___ کا مضبوط۔

۱۶- اس کے آبا و ___ نے لائل پور کی بنجر ___ میں اپنی محنت سے بہار کے پھول اگائے تھے۔

۱۷۔ اگر ایک پودے کو اس کے جغرافیائی ـــــ ، اس کی مخصوص آب و ـــــ ، اس کی زمین سے اکھاڑ لیا جائے ، تو دوسری جگہ اس کی ـــــ مشکل سے ہو سکتی ہے۔

۱۸۔ دوشتّر سنگھ کے قدم شیواجی پارک میں نہ ـــــ تھے۔

۱۹۔ وہ تندرست ـــــ نہ تھا ، ـــــ پودا تھا۔

۲۰۔ اس کے ماں باپ اس کے سامنے موت کے گھاٹ ـــــ دئے گئے۔

۲۱۔ اس نے معاً "ست سری اکال" کا نعرہ ـــــ کیا ، اور کرپان نکال کر پٹھان کو وہیں ـــــ تیغ کر دیا۔

۲۲۔ اور یہ سب سردار دوشتّر سنگھ کی ہر وقت رہ ـــــ کے طفیل تھا۔

۲۳۔ زہر اس کی رگ رگ میں ـــــ کر چکا ہے۔

۲۴۔ زندگی کے ستائے ہوئے لوگ ، جنہوں نے کبھی ماں کا ـــــ پیا تھا ، اور آج زندگی کا زہر ـــــ ہیں۔

۲۵۔ اب وہ ہندو دھرم کا ـــــ نہ رہا تھا ، شیواجی پارک کے امن کا ـــــ تھا۔

3. Write the following sentences in the Urdu script.

(1) šeevaa jii paark bambaii kee muzaafaat mẽẽ hɛɛ.

(2) naariyal kee daraxt juuhuu par hazaarõõ kii taadaad mẽẽ nazar aatee hɛ̃ɛ̃.

(3) baRaa xuš zɔɔq aadmii hɛɛ.

(4) xud puliis kamišnar nee aksar daavatõõ mẽẽ is šaraab koo cakhaa hɛɛ.

(5) ab mɛ̃ɛ̃ keh saktaa hũũ ke yee maqaam vaaqaii qaabil-e-diid hɛɛ.

(6) marahTee bilumuum mutavassit tabqee kii ɔɔlaad hɛ̃ɛ̃.

(7) braahmaniyat kee radd-e-amal nee paakistaan kii taškiil kii.

(8) is maamuulii amr koo hamaaree mulk kee taqsiim karnee vaalee bilkul bhuul gaee.

(9) aglee rooz musalmaan šeevaajii paark ɔɔr us kee navaahii ilaaqõõ koo xaalii karnee lagee.

(10) leekin eek maaquul taadaad abhii baaqii hɛɛ.

(11) kyaa usee sirf eek dafaa mɔɔt kee ghaaT utaaraa gayaa?

4. Give the regular plural form of the underlined words.

4.1 Examples.

۱۔ ان الزامات کی بنا پر اسے نو دفعہ پھانسی کی سزا ہو سکتی تھی۔

ان الزاموں کی بنا پر اسے نو دفعہ پھانسی کی سزا ہو سکتی تھی۔

۲۔ اس شہر میں تو بہت خوب صورت عمارات ہیں۔

اس شہر میں تو بہت خوب صورت عمارتیں ہیں۔

۳۔ بختیار کے بھولے بھالے چہرے پر تلخ جذبات کی رو دوڑ گئی۔

بختیار کے بھولے بھالے چہرے پر تلخ جذبوں کی رو دوڑ گئی۔

۴۔ شیواجی پارک میں ایک طبقہ غربا کا بھی ہے۔

شیواجی پارک میں ایک طبقہ غریبوں کا بھی ہے۔

4.2 Exercise.

۱- شیواجی پارک بمبئی کے قابلِ دید مقامات میں ہے-

۲- مگر اس کے مکانات اور باغات کراچی ہی میں رہ گئے تھے-

۳- بڑے بڑے سیٹھ، کارخانے دار اور اخبارات کے مالک یہاں رہتے ہیں-

۴- ایسے انقلابات صدیوں کے بعد ہی آتے ہیں-

۵- ہمارے وکیل نے سارے کاغذات حرام زادے بنئے کے وکیل کو دکھا دئے-

۶- برسوں کی رہائش کے بعد، اس مقام کی اہم خصوصیات کا پتہ چل سکے گا-

۷- ننھے ننھے کھلونوں کی ننھی ننھی حرکات، اور قریب ہی سمندر کی
گھن گرج گونج چاروں پہر سنائی دیتی ہے-

۸- اور آپ جانئے، پولیس تو ایسے معاملات کی تاک میں رہتی ہے-

۹- اور فلم ایکٹر ان دونوں طبقات میں سے گذرتے رہتے ہیں-

۱۰- گجراتی امرا کے طبقے میں قدم رکھتے ہیں-

۱۱- وہ شیواجی پارک میں، جو شرفا کی بستی ہے، امن کے لئے خطرہ ہے-

5. Answer the following questions in Urdu.

۱- پگڑی کا کیا مطلب ہے؟

۲- مسٹر رومولو کیا کام کرتے تھے؟ انہیں کس جرم میں گرفتار کیا گیا؟

۳- کرشن چندر کو اس بات کا یقین کب ہوا کہ شیواجی پارک میں ہر آدمی دو
کام کرتا ہے؟ ان کے دوست کی امپورٹ اکسپورٹ کے کالے بازار کی کہانی
بیان کیجئے-

۴- شیواجی پارک میں کن کن طبقوں، مذہبوں اور ذاتوں کے لوگ رہتے ہیں؟

۵۔ قومیت اور جارحانہ برہمنیت کے سیلاب کب سے جاری ہوئے اور کن چیزوں کے باعث بنے؟

۶۔ ہندوستان میں دو بڑے طوفانوں کی ٹکّر کب ہوئی اور اس کا کیا نتیجہ ہوا؟

۷۔ سردار دھنتّر سنگھ کون تھا؟ وہ کیوں شیواجی پارک آیا؟ اس کے قدم بمبئی میں کیوں نہ جمتے تھے؟

۸۔ شیواجی پارک میں ہندو مسلم فساد کس طرح شروع ہوا؟

۹۔ کوئی ایسا واقعہ بیان کیجئے، جس میں خود ایک دوست، دوسرے دوست کے قتل کی سازش میں شامل ہوا ہو۔

۱۰۔ سردار دھنتّر سنگھ کی سرداری سے غنڈوں اور سیٹھوں نے کیا کیا فائدے اٹھائے؟

۱۱۔ فساد کے زمانے میں سیٹھوں اور سیٹھانیوں نے دھنتّر سنگھ کے لئے کیا کیا کیا؟

۱۲۔ کرشن چندر شیواجی پارک کے دھنتّر سنگھ کو لائل پور کے دھنتّر سنگھ سے جداگانہ شخصیت کیوں قرار دیتا ہے؟

۱۳۔ فساد ختم ہونے پر، دھنتّر سنگھ کی کیا حالت ہوئی؟

۱۴۔ دھنتّر سنگھ کو کس نے اور کیوں گرفتار کرایا؟

۱۵۔ اسے کن الزامات کی بنا پر پھانسی کی سزا دی گئی؟

۱۶۔ سردار دھنتّر سنگھ کی پہلی موت کہاں اور کب واقع ہوئی؟ اس کے قاتلوں میں کون کون لوگ شامل تھے؟

"duusrii moot"

Vocabulary

aabaadii (f)	population, a colony
aabaa-o-ajdaad (m.pl.)	forefathers
aadaab (m)	etiquette, elegant manners, salutation
aazaadii (f)	freedom, liberty, liberation
aamad (f)	arrival
aamadnii, aamdanii (f)	income, revenue, profits
aan (f)	time, a second, moment
ããkh uThaa kar nah deekhnaa	not to raise the eyes and look, not to care for, to avoid noticing, to feel angry or displeased
ããkhõõ kee aagee ghuumnaa	to flash before one's eyes
aaoo bhagat (f)	courteous welcome
acaanak	all of a sudden
achuut (m)	an untouchable, a man of low caste, a low caste
axbaar (m)	newspaper
adiib (m)	a writer, an author
aree miyãã!	Oh, dear Sir; look here,Sir
ušuul (m.pl.)	roots, fundamentals, rules, principles
iṭṭilaaʔ (f)	information
aǧvaa karnaa	to seduce, to induce, to abduct
afraad	pl. of fard
afsoos (m)	sorrow, regret, distress

iqaamat (f)	staying, dwelling, lodging, residence
aks̲ar	often
ikkaa dukkaa	one or two, a few, a small number
ugaanaa	to grow
ilzaam (m)	blame, charge, accusation
ilzaam lagaanaa	to charge, criminate
amãã!	contracted form of aree miyãã!
amr (m)	point, fact, affair
amrit, imrat (m)	nectar
amn (m)	peace, safety
umaraa	pl. of amiir, wealthy people
amiir (m)	a rich man, a noble man, a commander, a courtier
andaazah hoonaa	to guess, to imagine, to judge, to estimate
insaan (m)	man, mankind, human being
insaanii taariix (f)	human history
inqilaab (m)	change, revolution
ɔɔlaad (f)	children, descendants, offsprings
ahmiyat (f)	importance
baa	with, by, possessed of
baa rusuux (a)	influential
baazaarii (a)	relating to the market, common, low, vulgar
baaˀis̲ (m)	cause, basis
baaǧ (m)	a garden, an orchard, a grove
baaqii (m)	remaining, the rest

baalaaii (f)	cream
bi-al-ʔumuum [bil-umuum]	generally
baahamii (a)	mutual
baTan saaz (m)	button maker
bajaaee	in place of
bijlii (f)	lightning
bacaanaa	to save
bad qismat (a)	unfortunate
badastuur	same, as usual
bar vaqt	timely
braahmaniyat (f)	Brahmanism
baraadar (m)	brother
baraadarii (f)	brotherhood, fraternity, a group, a community
burraaq (a)	smart, flashing
baRaa (m)	ground pulse formed into small round cakes and fried
bastii (f)	a colony, a settlement, a town
biknaa	to be sold
bilaa šubah	without doubt
buland karnaa	to raise up, to elevate
banjar (a)	arrid
buuTaa (m)	a bush, a shrub, a flower
bihtariin	best of all, the best
bihnaa	to flow
bhaarii (a)	heavy, great, important, hard
bhaTTii (f)	a distillery
bhagaanaa	to put to flight, to drive off

bhangan (f)	the wife of a bhangii, a female sweeper
bhangii (m)	a sweeper
biimaar (a)	sick, ill
bhɔ̃ɔ̃ cakkaa (a.m)	astonished, aghast
bhɔ̃ɔ̃ cakkaa rih jaanaa	to be astonished, amazed, staggered
bee cɛɛn (a)	restless
bee ʔizzatii (f)	dishonor
bee kaarii (f)	unemployment, idleness
bee mihrii (f)	indifference, faithlessness
patah calnaa	to come to know, to know
pur fan (a)	artful, clever
pas manẓar (m)	back ground
pagRii (f)	a turban
pagRii (f)	black transaction, illegal payment
pagRii deenaa	to give a bribe for the privilege of getting a flat to live in
phããsii (f)	death by hanging
phããsii par caRhaanaa	to be hanged
puhãc (f)	reach
pahar (m)	a division of time consisting of three hours, an eighth part of a day
pahluu (m)	side, flank, the wing of an army
phuvaar (f)	small drops of rain, a slight drizzle
phuul (m)	a flower
pyaaraa (a.m)	dear

piiTh Thooknaa	to back, encourage
piiluu (m)	a kind of thorny tree (the fruits of which are used in medicine)
taassur (m)	impression, effect, penetration
taajir (m)	a merchant
taar (m)	a thread, a wire, a telegram
taariix (f)	date, history
taak mẽẽ rihnaa	to be on the look out for, to lie in wait for
tabdiil karnaa	to change
taraqqii (f)	promotion, rise, advancement
taraqqii karnaa	to get promotion, to rise
taškiil (f)	formation, construction →
taˀdaad (f)	number, amount, extent
taqsiim (f)	division, dividing, distribution, partition
taqsiim karnaa	to divide, to share, to distribute
taktaa rih jaanaa	to look wistfully or longfully at
talvaar (f)	a sword
tanxvaah (f)	pay, salary, wages
tandurust (a)	sound in body, healthy, well
tang aanaa	to be dejected, to be utterly weary, to have one's patience exhausted
tah(h)-e-teeǧ karnaa	to put to sword, to murder, kill
Takraanaa	to strike, to clash
Takkar (f)	clash
TukRee karnaa	to break into pieces, to divide to separate, to partition

ThaThool (f)	joking, jesting, humour, fun
Theelaa (m)	a trolly, a trailer, a wheel barrow
jaariḥaanah (a)	barbarous, inimical
jããglii, jaanglii (a)	barbarian, wild
jacnaa, jãcnaa	to be valued, to be appraised
jurm (m)	a crime, fault, guilt
juğraafiyaaii (a)	geographical
juğraafiyah (m)	Geography
jild (f)	skin
jang (f)	war, battle, fight
janam (m)	birth, life, existence
janam deenaa	to give birth
jhuuT boolnaa	to tell a lie
caaT (f)	saltish fry; desire to eat pungent food, taste, relish
caarõõ pahar (m)	the whole day
caalaan (m)	a criminal case sent up to a magistrate by the police
cabaanaa	to chew, to bit, to crunch
ciRii kaa yakkah (m)	The Ace of clubs
cuğad (a)	an owl, a fool
cakhaanaa	to cause to taste, to make one taste; to cause to suffer
cakhnaa	to taste
camRaa (m)	leather
coor (m)	a thief
coor kaa moor (m)	a master thief who can even rob another thief
cuuknaa	to err, mistake, miss, fail

cuul (f)	a tenon, hinge, pivot, axle-arm
cuulẽẽ hilaanaa	to dislocate, to disrupt
ciix (f)	a cry, scream
ḥaašil karnaa	to acquire, to gain, to get, to obtain
ḥarakat, ḥarkat (f)	movement, commotion
ḥimaayatii (m)	helper, supporter, protector, defender
ḥamlah (m)	attack, invasion
ḥɛɛrat (f)	surprise
xaaṭir (f)	mind, thought, inclination, sake, will, regard
xaal xaal (a) (adv.)	scarce, rare rarely
xaavind (m)	husband
xabar (f)	information, news
xaṭrah (m)	a danger
xariidnaa	to buy
xariid-o-farooxt (f)	buying and selling
xušuunat (f)	roughness, harshness, indignation
xušuušiyat (f)	speciality
xilaaf	against
xanjar (m)	a dagger, a double edged large knife
xu(u)š z̲ɔɔq (a) (m)	having good taste a man of taste
daaxil hoonaa	to enter
daaštah (f)	a kept wife
daam (m)	value, price
daraxt (m)	a tree

dušman (m.f)	an enemy
daftar (m)	an office
dafʔah (f)	time, turn, clause, article
dukh (m)	suffering, misery
dilcasp, dil casp (a)	interesting
duudh (m)	milk
doost (m.f)	a friend
dɔɔlat (f)	wealth
doohattaR singh (m)	Dohattar Singh
dhar liyaa jaanaa	to be caught
dhamkii (f)	threat
dhootii (f)	a piece of cloth worn round the waist passing between the legs and fastened behind
Daalmeešiyan (m)	dalmatian
Duboonaa	to cause to sink, to drown, to destroy
Doolnaa	to swing, wander, waver
Dharraa (m)	an ancient custom, manner, mode
Dhang (m)	mode, manner, behaviour
z̲aaiqah (m)	taste
z̲arrah (m)	an atom, a particle
z̲ari(i)ʔah,z̲ariyʔah (m)	medium, means, influence, source
z̲ihn (m)	wit, understanding, mind, memory
raakh (f)	ashes
radd-e-ʔamal (m)	reaction
rusuux (m)	access, influence
rištah (m)	string, connection, kinship, relationship

rištee daar (m.f)	relation, relative
raaz (m)	secret
raʔd (m)	thunder
rakhšak (m)	saviour
rag (f)	a vein
ranDii (f)	a prostitute, a whore, a bad character woman
rangat (f)	color
ruuḥ (f)	soul
rɔɔšan (a)	light, lighted, illuminated, luminous
ruuii (f)	cotton
rihnaa sihnaa	to live in a place
rah numaaii (f)	guidance
rahaaiš (f)	residence, living
riyaasat, ryaasat (f)	a state, an estate
reelaa (m)	torrent, flood
zabardastii (f) (adv.)	oppression, powerfulness by force, unjustly
zannaaTaa (m)	the whiz of a solid body through the air
zahr (m)	poison
zeevar (m)	ornament, jewel
saath (m)	companionship
saathii (m)	a companion, a comrade
saaRii, saarii (f)	a sari
sipaahii (m)	a soldier, a constable
sapeed (a)	white
sat srii akaal	the slogan of the Sikhs
sac muc!	really!

sar uRaanaa	to chop off the head, to kill
sur (m)	tune
saraayat karnaa	to diffuse
sardaar (m)	a chief, a commander, a leader
sazaa (f)	punishment
safɛɛd, safeed (a)	white, blank
silsilah (m)	a chain, a series, connection
samjhɔɔtah (m)	an agreement, a compromise between persons or parties
samandar (m)	sea, ocean
sɔɔdaa suluf (m)	articles of merchandise (wares)
sõõdhaa (a.m)	sweet smelling, smelling like new earth
siyaasii (a)	political
seeTh (m)	a great merchant, a wealthy person
seeThaanii (f)	the wife of a seeTh
sɛɛr (f)	walk, excursion, outing, recreation
siiRhii (f)	a ladder, stair case
sɛɛlaab (m)	a flood, a torrent, a deluge
šaan-o-šɔɔkat (f)	pomp and grandeur
šubah (m)	doubt, suspicion
šaxšii (a)	personal
šaraafat (f)	nobility, gentle-manliness, civility
šarmiilaa (a.m)	bashful, shy
šarnaarthii (m)	immigrant, refugee
šuruuʔ (m)	beginning, commencement
šariir (a)	naughty, wicked

šariif (a)	noble
šalğam (m)	turnip
šamaʔ (f)	candle, lamp
šεε (f)	a thing, an article, object
s̈abr karnaa	to have patience, to endure, to wait
s̈adii (f)	century
ṭabqah (m)	class, community
ṭufεεl	due to, on account of
ṭavaaif (f)	a prostitute
ṭuufaan (m)	storm, deluge
ʔars̈ah (m)	time, duration, period, interval
ʔuruuj (m)	rise
ʔizzat (f)	grandeur, dignity, honor, respect
ʔis̈mat (f)	chastity
ʔišq (m)	the gentle passion, love
ʔimaarat (f)	a building
ğaaib (a)	absent, concealed, invisible
ğadar (m)	riot, mutiny, rebilion, the first war of Independence
ğarq (a)	immersed, drowned
ğiẕaa (f)	food, diet
ğalaṭii (f)	a mistake, an error
ğunDah (m)	a rascal, a vagabond
ğunDah gardii (f)	rascality, vagrancy
ğɔɔr (m)	deep thought, reflection, close attention
fard (m)	a piece, unique, an individual

farmaanaa	to command, to order, to say
farooǧ (m)	splendour, honor, rise
fasaad (m)	riot
flɛɛT (m)	a flat
fɔɔj (f)	army, military
qaabil-e-diid (a)	worth-seeing
qaabil-e-šuniid (a)	worth hearing about
qubuul (m)	favorable reception, acceptance, recognition
qatl (m)	slaughter, murder, assassination, bloodshed
qatl karnaa	to kill
qadam jamnaa	to stand firmly, to have a good footing
qadmõõ mẽẽ bichnaa	to fall at one's feet, to humble oneself
qariib (a)	near, adjacent
qaṭaʔ (m)	cutting, crossing, intercepting, a section
qaṭaʔ kalaam karnaa	to interrupt, to put in a word
qalam (m)	a pen
qamiis̈ (f)	a shirt
qɔɔm (f)	nation, a people, a race, tribe
qɔɔmii (a)	national
qɔɔmiyat (f)	nationality
qahqahah (m)	a loud laughter, a burst of laughter
qiimtii (a)	costly, expensive
kaar xaanah (m)	a factory
kaar xaanee daar (m)	a proprietor of a factory, mill-owner, manufacturer

kaašt (f)	cultivation
kaaiyãã (a)	cunning
kabhii kabhaar	sometimes, occasionally, at times, now and then
kaTTar (a)	strict, dogmatic, bigoted, a blind follower
kujaa	wither, where
kirpaan (f)	a sword, scimitar
karxandaar (m)	workman
krišn candar (m)	Krishn Chandar
kaRak (f)	thunder
kašiid šudah (a)	brewed
kamaal (m)	perfection, excellence, miracle, something wonderful
kũvaarii (f)	a maiden, a virgin
kɔɔRii (f)	a cowrie, a small shell used as coin, farthing
khilɔɔnaa (m)	a toy, a doll
kheelnaa	to play
gaaRii (f)	a wheeled vehicle, a train, a car, a cycle
gaanaa	to sing
garãã (a)	dear, expensive, heavy
giraftaar (a)	seized, arrested, involved
giraftaar karnaa	to arrest
giraftaarii (f)	seizure, arrest
guftguu, guft-o-guu (f)	conversation, talk
gal xap (m)	boxing, struggling together, gossip, idle talk
gal xap uRaanaa	to gossip, to battle, to quarrel

galii (f)	a lane
galee mẽẽ bããhẽẽ Daalnaa	to put arms around the neck
gandum (m)	wheat
gãvaanaa	to loose, to waste
goo	although, though, however
gavaahii (f)	evidence
goobhii (m)	a cauliflower, a cabbage
goobhii kaa phuul (m)	a cauliflower
gũũj (f)	echo, resounding, roar, buzzing
ghaaT (m)	a landing place, wharf, the bathing placing on the bank of a river, direction, destination
ghulaavaT (f)	sweetness
ghan garaj (f)	roar
ghooRaa (m)	a horse
laalac (m)	greed, temptation
luuTnaa	to rob
loog baag (m.pl.)	folks, peoples
loohaa maannaa	to acknowledge supremacy
lahar (f)	a wave
maat karnaa	to outdo, supress
maaḥool (m)	environment, surrounding
maaliyat (f)	worth, value
maah (m)	month
maahir (a)	expert
maahiyaa (m)	a folk-tale
mutavassiṭ (a)	middle

mis̱aal (f)	an example, instance, likeness, specimen
mis̱aal kee ṭɔɔr par	for example
majbuurii (f)	helplessness
mujrim (m)	a criminal, an offender, a sinner
maḥaafiẓ (m)	saviour
maḥfil (f)	an assembly, meeting, circle
miḥnat kaš (a)	labouring, bearing labour or trouble
maxs̈uus̈ (a)	special, peculiar, particular, specified
murjhaanaa	to wither
mustaqbil (m)	future
mustaqil (a)	permanent
masarrat (f)	joy
mašhuur (a)	famous
muz̈aaf (a)	added, annexed, related
muz̈aafaat (m.pl.)	annexations, suburbs, outskirts
maz̈buuṭ (a)	strong
maʔ^{an}	all of a sudden
muʔaamlah (m)	affair, business, dealing, concern
maʔs̈uum (a)	innocent, simple, infant
maʔquul (a)	reasonable, proper, appropriate
maʔmuulii (a)	ordinary, common, usual, simple
maqaam (m)	dwelling, place, site
muqarrar karnaa	to appoint, to select, to choose
mulaazim (m)	an employee

mulaaqaat (f)	meeting, visit, conversation
mulk (m)	country
milansaar (a)	sociable
man (m)	mind, heart
munaafaʔ (m)	profits, gains
manuu samirtii (f)	the code of Hindu law promulgated by Manu, Manu's laws
mɔɔt (f)	death, mortality
mɔɔt kee ghaaT utaarnaa	to murder, kill
moor (m)	a peacock; one who steals from a thief
muusiiqii (f)	music
miinaa kaarii (f)	enamelling
naa jaaiz (a)	illegal
naariyal, naaryal (m)	coconut
naayaab (a)	scarce, rare
naaii (m)	a barber
nijii (a)	private, personal
niclaa mutavassiṭ (a.m)	lower-middle
niraa (a.m)	mere, thorough
naʔrah (m)	slogan, shouting
naʔrah buland karnaa	to raise a slogan
nafaasat (f)	refinement
nafiis (a)	fine, excellent
namaskaar (m)	salutation, reverential address
navaaḥii ʔilaaqah (m)	outskirt
vaardaat (f)	affray, occurence, an untoward event

vaaqa?ii (a)	true, real
(adv.)	certainly, definitely, in reality
vafaat (f)	death, demise
haar (f)	defeat, loss
haar (m)	garland, wreath
haar pihnaanaa	to throw a garland round (some one's) neck
hat(h) chuTh (a)	one who is in the habit of striking others, one inclined to beat at the slightest provocation
hat(h)yaanaa	to seize, to occupy, to obtain by fraud
hind (m)	India
hãs mukh (a)	cheerful, jolly, pleasant
hãsii (f)	laugh, laughter
hiir (m)	a folk-tale
yaqiin (m)	belief, truth, certainty
yakkah, yakkaa (m)	a conveyance drawn by one horse; an ace

****

RAJENDRA SINGH BEDI

(b. 1915)

Rajendra Singh Bedi, a Sikh, claims with Krishn Chandar the Punjab as his birthplace. Also like Krishn Chandar, he has, after a period of script writing for the radio, eventually settled down to writing primarily for films as a livelihood and now resides in Bombay.

But here the similarily ends, and the approaches of these authors to literature and particularly to the short story differ considerably. Three collections of short stories published in the nineteen thirties established Bedi as a master of the techniques of smooth plot construction. Bedi uses the short story as a vehicle for probing character; in his hands it is made to reveal psychological insights rather than any firm political commitments or doctrines. His writings tend to fall outside the literature of social consciousness, although his stories demonstrate careful observation of modern Indian society.

In "rahmaan kee juutee" (Rahman's Shoes), included in this volume, Bedi draws upon his extensive observations of the Punjab peasantry in a characteristic example of his use of plot and character analysis. The story revolves about a belief common in rural Punjab that when one's shoes are dropped upon the floor so that one lies upon the other, a journey for the owner is imminent. Rahman, a Punjab villager, discovering that his shoes have fallen in this position, convinces himself that he must undertake a journey to the home of his daughter, whom he has not seen in many years. Although he is ill, he will not be dissuaded. On the journey he quarrels with fellow-travellers in the train, receives a resounding kick and is finally forced out of the compartment by the conductor. Delirious, he is taken to the hospital. Sick unto death, he notices that one of his shoes is again lying upon the other. Nothing can stop him; he must travel on to eternity.

Clearly the interest of the story is primarily philosophical and symbolic; the extented metaphor of the journey serves as a device for observations the author wishes to make about the nature and quality of belief and for a depiction of human mentality in this social setting.

راجندر سنگھ بیدی :

رحمان کے جوتے

دن بھر کام کرنے کے بعد جب بوڑھا رحمان گھر پہنچا، تو بھوک اسے بہت ستا رہی تھی(۱)۔ جینا کی ماں! جینا کی ماں! —— اس نے چلّاتے ہوئے کہا —— کھانا نکال دے، بس جھٹ سے۔ بڑھیا اس وقت اپنے ہاتھ کپڑوں لتّوں میں گیلے کئے بیٹھی تھی اور پیشتر اس کے کہ وہ اپنے ہاتھ پونچھ لے، رحمان نے ایک دم اپنے جوتے کھاٹ کے نیچے اتار دئے اور کھدّر کے ملتانی تہمد کو زانوؤں میں دبا، کھاٹ پر چوکڑی جماتے ہوئے(۲)، بولا —— بسم اللہ۔

بڑھاپے میں بھوک جوان ہو جاتی ہے(۳)۔ رحمان کی بسم اللہ، بڑھاپے اور جوانی کی اس دوڑ میں، رکابی سے بہت پہلے اور بہت دور نکل گئی تھی، اور ابھی تک بڑھیا نے سبّی اور تیل بھگوئے ہوئے ہاتھ دوپٹّے سے نہیں پونچھے تھے۔ جینا کی ماں برابر چالیس سال سے اپنے ہاتھ دوپٹّے سے پونچھتی آئی تھی اور رحمان قریب قریب اتنے ہی عرصے سے خفا ہوتا آیا تھا۔ لیکن آج یک لخت وہ خود بھی اس وقت بچانے والی عادت کو سراہنے لگا تھا۔ رحمان بولا —— جینا کی ماں! جلدی ذرا..... اور بڑھیا اپنی چوالیس سالہ دقیانوسی ادا سے بولی —— آئے ہائے! ذرا دم تو لے بابا تو۔

سوئے اتّفاق رحمان کی نگاہ اپنے جوتوں پر جا تھمی، جو اس نے جلدی سے کھاٹ کے نیچے اتار دئے تھے۔ رحمان کا ایک جوتا دوسرے جوتے پر چڑھ گیا تھا(۴)۔ یہ مستقبل قریب میں کسی سفر پر جانے کی علامت تھی۔ رحمان نے ہنستے ہوئے کہا —— آج پھر میرا جوتا جوتے پر چڑھ رہا ہے، جینا کی ماں! اللہ جانے، میں نے کون سے سفر پہ جانا ہے؟

جینا کو ملنے جانا ہے اور کہاں جانا ہے —— بڑھیا بولی —— یوں ہی تو نہیں

تیرے گودڑ دھو رہی ہوں، بڈھے! دو پیسے ڈبل کا تو تیل ہی لگ گیا ہے تیرے کپڑوں کو۔ کیا تو دو پیسے روز کی کمائی بھی کرے ہے؟
ہاں ہاں! —— بڈھے رحمان نے سر ہلاتے ہوئے کہا —— کل میں نے اپنی اکلوتی بچّی کو ملنے انبالے جانا ہے۔ تب ہی تو یہ جوتا جوتے سے نیارا نہیں ہوتا۔ پار سال بھی جب یہ جوتا جوتے پر چڑھ گیا تھا، تو رحمان کو پرچی ڈالنے کے لئے ضلع کچہری جانا پڑا تھا۔ اس کے ذہن میں اس سال کا سفر اور جوتوں کی کرتوت اچّھی طرح سے محفوظ تھی۔ ضلع سے واپسی پر اسے پیدل ہی آنا پڑا تھا، کیوں کہ ہونے والے ممبر نے تو واپسی پر اس کا کرایہ بھی نہیں دیا تھا۔ اس ممبر کا قصور نہ تھا، بلکہ جب رحمان پرچی پر نیلی چرخی کا نشان ڈالنے لگا تھا تو اس کے ہاتھ کانپ رہے تھے، اور اس نے گھبرا کر پرچی کسی دوسرے ممبر کے حق میں دے دی تھی(۵)۔

جیبنا کو ملے دو سال ہونے کو آئے تھے۔ جیبنا انبالے میں بیاہی ہوئی تھی۔ ان دو سالوں میں آخری چند ماہ رحمان نے بڑی مشکل سے گذارے تھے۔ اسے یہی محسوس ہوتا تھا جیسے کوئی دہکتا ہوا اپلا اس کے دل پر رکھا ہوا ہے۔ جب اسے جیبنا کو ملنے کا خیال آتا، تو اسے کچھ سکون، کچھ اطمینان میسّر ہوتا۔ جب ملنے کا خیال ہی اس قدر تسکین دہ تھا، تو پھر ملنا کیسا ہوگا! —— بڈھا رحمان بڑی حیرت سے سوچتا تھا —— وہ اپنی لاڈلی بیٹی کو ملے گا، اور پھر تلنگوں کے سردار علی محمّد کو۔ پہلے تو وہ رو دے گا، پھر ہنس دے گا، پھر رو دے گا، اور اپنے ننّھے نواسے کو لے کر گلیوں بازاروں میں کھلاتا پھرے گا ......۔ یہ تو میں بھول ہی گیا تھا، جیبنا کی ماں! —— رحمان نے کھاٹ کی ایک کھلی ہوئی رسّی کو عادتاً گھسا کر کاٹتے ہوئے کہا —— بڑھاپے میں یاد داشت کتنی کمجور ہو جاتی ہے۔

علی محمّد، جیبنا کا خاوند، ایک وجیہہ جوان تھا۔ سپاہی سے ترقّی کرتے کرتے، وہ نائک بن گیا تھا۔ تلنگے اسے اپنا سردار کہتے تھے۔ صلح کے دنوں میں

علی محمّد بڑے جوش و خروش سے ہاکی کھیلا کرتا تھا۔ این ڈبلیو آر پولیس والے، برگیڈ والے، یونیورسٹی والے اس نے سب ہرا دیے تھے۔ اب تو وہ اپنی ایم ٹی کے ساتھ بصرے جانے والا تھا، کیوں کہ عراق میں رشید علی بہت طاقت پکڑ چکا تھا ..... اس ہاکی کی بدولت ہی، علی محمّد کمپنی کمانڈر کی نگاہوں میں اونچا اٹھ گیا تھا(۶)۔ نائک بننے سے پہلے، وہ جبینا سے بہت اچّھا سلوک کرتا تھا۔ لیکن اس کے بعد وہ اپنی ہی نظروں میں اتنا بلند ہو گیا تھا(۶)، کہ جبینا اسے پاؤں تلے نظر نہ آتی تھی(۷)۔ اس کی ایک وجہ اور بھی تھی۔ مسز ہولٹ، کمپنی کمانڈر کی بیوی، نے تقسیمِ انعامات کے وقت انگریزی میں علی محمّد سے کچھ کہا تھا، جس کا ترجمہ صوبےدار نے کیا تھا ــــ میں چاہتی ہوں، تمھاری اسٹک چوم لوں۔ علی محمّد کا خیال تھا، لفظ "اسٹک" نہیں ہوگا، کچھ اور ہوگا۔ بڑا حاسد ہے صوبےدار۔ انگریزی بھی تو بس گودانے تک ہی جانتا ہے(۸)۔

رحمان کو یوں محسوس ہونے لگا، جیسے اسے اپنے داماد سے نہیں بلکہ کسی بہت بڑے افسر سے ملنے جانا ہے۔ اس نے کھاٹ پر سے جھک کر جوتے پر سے جوتا اتار دیا، گویا وہ انبالے جانے سے گھبراتا ہو۔ اس عرصے میں جبینا کی ماں کھانا لے آئی۔ آج اس نے خلاف معمول گائے کا گوشت پکا رکھا تھا۔ جبینا کی ماں نے گوشت بڑی مشکل سے قصبے سے منگوایا تھا اور اس میں گھی اچّھی طرح سے چھوڑا تھا۔ چھ ماہ پہلے رحمان کو تلّی کی سخت شکایت تھی۔ اس لئے وہ تمام مولداتِ سودا ــــ گڑ، تیل، بینگن، مسور کی دال، گائے کے گوشت اور چکنی غذا ــــ سے پرہیز کرتا تھا۔ اس چھ ماہ کے عرصے میں رحمان نے شاید سیر کے قریب نوشادر، چھاچھ کے ساتھ گھول کر، پی لیا تھا۔ تب کہیں اس کے سانس کی تکلیف دور ہوئی تھی، بھوک لگنے کے علاوہ اس کے پیشاب کی سیاہی سپیدی میں بدلی تھی۔ لیکن اس کی گردن بدستور پتلی تھی، آنکھوں میں گدلاہٹ اور تیرگی ویسے ہی نمایاں تھی، پلکوں پر کی بھربھراہٹ بھی قائم تھی اور جلد کا رنگ سیاہی مائل نیلگوں ہو گیا تھا۔ گائے کا گوشت دیکھ کر

رحمان خفا ہو گیا۔ بولا —— چار پانچ روز ہوئے تو نے بینگن پکائے تھے، جب میں چپ رہا؛ پرسوں مسور کی دال پکائی، جب بھی چپ رہا۔ تو تو بس چاہتی ہے کہ میں بولوں ہی نہیں۔ مری مٹّی کا ہو رہوں(۹)۔ سچ کہتا ہوں، تو مجھے مارنے پہ تلی ہوئی ہے، جینا کی ماں۔

بڑھیا پہلے روز سے ہی، جب اس نے بینگن پکائے تھے، رحمان کی طرف سے اس احتجاج کی متوقّع تھی۔ لیکن رحمان کی خاموشی سے بڑھیا نے الٹا ہی مطلب لے لیا(۱۰)۔ در اصل بڑھیا نے قریب قریب، ایک نکھٹّو آدمی کے لئے، اپنا ذائقہ بھی ترک کر ڈالا تھا۔ بڑھیا کا سوچنے کا ڈھب بھی نیارا تھا۔ جب سے وہ پیٹ بڑھے ہوئے اس ڈھانچ کے ساتھ وابستہ ہوئی تھی، اس نے سکھ ہی کیا پایا تھا۔ بھلا چنگا رحمان لدھیانے میں سپاہی تھا۔ لیکن ایک تربوز پر سے پھسل کر گھٹنا توڑ بیٹھنے سے، اس نے پنشن پالی تھی اور گھر میں بیٹھ رہا تھا۔ بڑھیا نے کپڑے چھانٹتے ہوئے کہا —— تو نہ کھا بابا! تیری کھاتر میں تو نہ مروں۔ مجھے تو روچ دال، روچ دال میں کچھ مجا نہیں دکھے۔

رحمان کا جی چاہتا تھا کہ وہ کھاٹ کے نیچے سے جوتا اٹھا لے اور اس بڑھیا کی چندیا پر سے رہے سہے بالوں کا بھی صفایا کر دے۔ سر کی پشم کے اترتے ہی بڑھیا کا دائمی نزلہ بھی دور ہو جائے گا۔ لیکن چند ہی لقمے منہ میں ڈالنے کے فوراً بعد، اسے خیال آیا —— تلّی ہوتی ہے، تو ہوتی رہے۔ کتنا ذائقے دار گوشت پکایا ہے میری جینا کی ماں نے! میں تو نا شکرا ہوں پورا پورا۔ ...... اور رحمان چٹخارے لے لے کر ترکاری کھانے لگا۔ سالن کا تر کیا ہوا لقمہ جب اس کے منہ میں جاتا، تو اسے خیال آتا —— آخر اس نے جینا کی ماں کو کون سا سکھ دیا ہے۔ وہ چاہتا تھا کہ اب تحصیل میں چپراسی ہو جائے اور پھر اس کے پرانے دن واپس آ جائیں۔

کھانے کے بعد رحمان نے اپنی انگلیاں پگڑی کے شملے سے پونچھیں اور اٹھ کھڑا ہوا۔

کسی نیم شعوری احساس سے اس نے اپنے جوتے اٹھائے اور انھیں دالان میں ایک دوسرے سے اچھی طرح علیحدہ علیحدہ کر کے ڈال دیا۔

لیکن اس سفر سے چھٹکارا نہیں تھا، ہر چند کہ اپنی آٹھ روزہ مکّی میں تلائی لازمی تھی۔ صبح دالان میں جھاڑو دیتے وقت بڑھیا نے بے احتیاطی سے رحمان کے جوتے سرکا دئے اور جوتے کی ایڑی دوسری ایڑی پر چڑھ گئی۔ شام کے قریب ارادے پست ہو جاتے ہیں۔ سونے سے پہلے انبالے جانے کا خیال رحمان کے دل میں کچّا پکّا تھا۔ اس کا خیال تھا کہ ترائی میں تلائی کر چکنے کے بعد ہی وہ کہیں جائے گا۔ اور نیز کل کی مرغّن غذا سے اس کے پیٹ میں پھر کوئی نقص واقع ہو گیا تھا۔ لیکن صبح جب اس نے پھر جوتوں کی وہی حالت دیکھی، تو اس نے سوچا، اب انبالے جائے بنا چھٹکارا نہیں ہے۔ میں لاکھ انکار کروں، لیکن میرا دانہ پانی میرے جوتے بڑے پروین ہیں۔ وہ مجھے سفر پر جانے کے لئے مجبور کرتے ہیں۔ اس وقت صبح کے سات بجے تھے اور صبح کے وقت ارادے بلند ہو جاتے ہیں۔ رحمان نے پھر اپنا جوتا سیدھا کیا اور اپنے کپڑوں کی دیکھ بھال کرنے لگا۔

نیل میں دھلے ہوئے کپڑے سوکھ کر رات ہی رات میں کیسے اجلے ہو گئے تھے! نیلاہٹ نے اپنے آپ کو کھو کر سپیدی کو کتنا ابھار دیا تھا! جب کبھی بڑھیا نیل کے بغیر کپڑے دھوتی تھی، تو یوں ہی دکھائی دیتا تھا، جیسے ابھی انھیں جوہڑ کے پانی سے نکالا گیا ہو اور پانی کی مٹیالی رنگت ان میں یوں بس گئی ہو، جیسے پاگل کے دماغ میں واہمہ بس جاتا ہے۔

جینا کی ماں اوکھلی میں متواتر دو تین دن سے جَو کوٹ کر تندل بنا رہی تھی۔ گھر میں عرصے سے پرانا گڑ پڑا تھا، جسے دھوپ میں رکھ کر کیڑے نکال دئے گئے تھے۔ اس کے علاوہ سوکھی مکّی کے بھٹّے تھے۔ گویا جینا کی ماں بہت دنوں سے اس سفر کی تیّاری کر رہی تھی، اور جوتے کا جوتے پر چڑھنا تو محض اس کی تصدیق تھی۔ بڑھیا کا خیال تھا، کہ ان تندلوں میں سے رحمان کا زادِ راہ بھی

ہو جائے گا اور بیٹی کے لئے سوغات بھی۔

رحمان کو کوئی خیال آیا۔ بولا —— جبینا کی ماں! بھلا کیا نام رکھا ہے، انھوں نے اپنے ننھے کا؟

بڑھیا ہنستی ہوئی بولی —— ساحق (اسحاق) رکھا ہے نام، اور کیا رکھا ہے نام انھوں نے اپنے ننھے کا۔ واہ سچ مچ کتنی کمجور ہے تیری یاد داش!

اسحاق کا نام بھلا رحمان کیسے یاد رکھ سکتا تھا۔ جب وہ خود بھی ننھا تھا، تو اس کے دادا کو بھی رحمان کا نام بھول گیا تھا۔ دادا کھاتا پیتا آدمی تھا۔ اس نے چاندی کی ایک تختی پر عربی لفظوں میں رحمان لکھوا کر، اسے اپنے پوتے کے گلے میں ڈال دیا تھا۔ لیکن پڑھنا کسے آتا تھا؟ بس وہ تختی کو دیکھ کر ہنس دیا کرتا تھا۔ ان دنوں تو نام —— گاموں، شیرا، فتو، فجا وغیرہ —— ہی ہوتے تھے۔ اسحاق، شعیب وغیرہ نام تو اب قصباتی لوگوں نے رکھنے شروع کر دیئے تھے۔ رحمان سوچنے لگا —— ساحق اب تو ڈیڑھ برس کا ہو چکا ہوگا۔ اب اس کا سر بھی نہیں جھولتا ہو گا۔ وہ گردن اٹھا میری طرف ٹک ٹک دیکھتا جائے گا (۱۱) اور اپنے ننھے سے دل میں سوچے گا: اللہ جانے! یہ بابا، چٹے بالوں والا بوڑھا، ہمارے ہاں کہاں سے آ ٹپکا۔ وہ نہیں جانے گا کہ اس کا اپنا بابا ہے، اپنا نانا، جس کے گوشت پوست سے وہ خود بھی بنا ہے۔ وہ چپکے سے اپنا منہ جبینا کی گود میں چھپا لے گا۔ میرا جی چاہے گا، جبینا کو بھی اپنی گودی میں اٹھا لوں۔ لیکن جوان بیٹیوں کو کون گودی میں اٹھاتا ہے؟ نا حق اتنی بڑی ہو گئی جبینا! بچپن میں وہ جب کھیل کود کر باہر سے آتی تھی، تو اسے سینے سے لگا لینے سے کتنی ٹھنڈ پڑ جاتی تھی۔ ان دنوں یہ دل پر سلگتا ہوا اپلا رکھا نہیں محسوس ہوتا تھا..... اب وہ صرف اسے دور سے ہی دیکھ سکے گا۔ اس کا سر پیار سے چوم لے گا.....اور.....کیا وہی تسکین حاصل ہوگی؟

رحمان کو اس بات کا یقین تھا کہ وہ ان سب کو دیکھ کر بے اختیار رو دے گا۔ وہ آنسو تھامنے کی لاکھ کوشش کرے گا، لیکن وہ آپ ہی آپ چلے آئیں گے۔ وہ

اس لئے نہیں بہیں گے، کہ تلنگا اس کی بیٹی کو پیٹتا ہے؛ بلکہ زبان کے طویل قصّوں کے بجائے، آنکھوں سے اس بات کا اظہار کر دے گا کہ —— جیبنا، میری بیٹی! تیرے پیچھے میں نے بہت کڑے دن دیکھے ہیں۔ جب چودھری خوش حال نے مجھے مارا تھا، تو اس وقت میری کمر بالکل ٹوٹ گئی تھی۔ میں مر ہی تو چلا تھا۔ پھر تو کہاں دیکھتی اپنے اَبّے کو۔ لیکن بن آئی کوئی نہیں مرتا (۱۲)۔ شاید میں تمھارے یا ساتھی یا کسی اور نیک بخت کے پاؤں کی خیرات بچ رہا۔ .....اور کیا ننّھے کا لہو جوش مارنے سے رہ جائے گا (۱۳)۔ وہ ٹھمک کر چلا آئے گا میرے پاس، اور میں کہوں گا —— ساتھی بیٹا! دیکھ، میں تیرے لئے لایا ہوں تندل اور گڑ اور کھلونے اور ..... بہت کچھ لایا ہوں۔ ہاں، گاؤں کے لوگوں کا بھی کرہی دعویٰ ہوتا ہے۔ ننّھا مشکل سے دانتوں میں پھول سکے گا کسی ہرے بھٹّے کو، اور جب تلنگے سے میری تو تو میں میں ہوگی، تو میں اسے خوب کھری کھری سناؤں گا (۱۴)۔ بڑا سمجھتا ہے اپنے آپ کو۔ کل کی گلہری اور ..... اور ..... وہ ناراض ہو جائے گا۔ کہے گا، گھر رکھو اپنی بیٹی کو ..... پھر میں اس کے بیٹے کو اٹھائے پھروں گا، گلی گلی بازار بازار ..... اور من جائے گا تلنگا۔

رحمان نے بطائی کا بند و بست کیا۔ کھڑی کھیتی کی قسم پر کچھ روپئے ادھار لئے۔ سوغات باندھی۔ زادِ راہ بھی۔ اور یکّے پر پاؤں رکھ دیا۔ بڑھیا نے اسے اللہ کے حوالے کرتے ہوئے کہا —— بصرے چلا جائے گا علیا چند روز میں۔ میری جیبنا کو ساتھ ہی لیتے آنا اور میرے ساتھی کو۔ کون جانے، کب دم نکل جائے!

ملکہ رانی سے مانک پور پہنچتے پہنچتے رحمان نے اسحاق کے لئے بہت سی چیزیں خرید لیں۔ ایک چھوٹا سا شیشہ تھا۔ ایک سیلُو لائڈ کا جاپانی جھنجھنا جس میں نصف درجن کے قریب گھنگھرو ایک دم بج اٹھتے تھے۔ مانک پور سے رحمان نے ایک چھوٹا سا گڈّہرا بھی خرید لیا تاکہ اسحاق اسے پکڑ کر چلنا سیکھ جائے۔ کبھی رحمان کہتا، اللہ کرے! اسحاق کے دانت اس قابل ہوں کہ وہ بھٹّے

کھا سکے۔ پھر ایک دم اس کی خواہش ہوتی، کہ وہ اتنا چھوٹا ہو کہ چلنا بھی نہ سیکھا ہو، اور جیبنا کی پڑوسنیں جیبنا کو کہیں —— ننّھے نے تو اپنے نانا کے گڈیرے پر چلنا سیکھا ہے۔ اور رحمان نہیں جانتا تھا، کہ وہ ننّھے کو بڑا دیکھنا چاہتا ہے یا بڑے کو ننّھا۔ صرف اس کی خواہش تھی کہ اس کے تھل، اس کے بھٹّے، اس کا شیشہ، اس کا جاپانی جھنجھنا اور باقی خریدی ہوئی چیزیں سب سپھل ہوں، انھیں وہ قبولیت حاصل ہو جس کا وہ متمنّی ہے۔ کبھی وہ سوچتا، کیا جیبنا گاؤں کے گنوار لوگوں کے ان تحائف کو پسند کرے گی؟ کیا ممکن، وہ محض اس کا دل رکھنے کے لئے ان چیزوں کو پا کر باغ باغ ہو جائے(۱۵)۔ لیکن کیا وہ صرف میرا جی رکھنے کے لئے ہی ایسا کرے گی؟ پھر تو مجھے بہت دکھ ہوگا! کیا میرے تھل سچ مچ اسے پسند نہیں آ سکتے؟ میری بیٹی کو، میری اپنی جیبنا کو؟ علیا تو پرایا پیٹ ہے، وہ تو کچھ بھی نہیں پسند کرنے کا — وہ تو ناگ ہے۔ اللہ جانے، صاحب لوگوں کے ساتھ کیا کچھ کھاتا ہوگا؟ وہ کیوں پسند کرنے لگا گاؤں کے تھل؟ ..... اور مانک پور سے روانہ ہوتے ہوئے رحمان کانپنے لگا۔

رحمان پر جسمانی اور ذہنی تھکاوٹ کی وجہ سے غنودگی سی طاری ہو گئی۔ رات کو گوشت نے اس کے پیٹ کا شیطان جگا دیا تھا(۱۶)۔ آنکھوں میں گولاہٹ اور تیرگی تو تھی ہی، لیکن کچھ سفر کچھ مرغّن غذا کی وجہ سے آنکھوں میں سے شعلے لپکنے لگے۔ رحمان نے اپنے پیٹ کو دبایا۔ تلّی والی جگہ پھر ٹھس سی معلوم ہوتی تھی۔ جیبنا کی ماں نے ناحق گائے کا گوشت پکایا۔ لیکن اس وقت تو اسے دوپٹّے سے ہاتھ پونچھنا اور گائے کا گوشت دونوں چیزیں پسند آئی تھیں۔

رحمان کو ایک جگہ پیشاب کی حاجت ہوئی اور اس نے دیکھا کہ اس کا قارورہ سیاہی مائل گدلا ہو گیا تھا۔ رحمان کو پھر وہم ہو گیا۔ بہر حال اس نے سوچا —— مجھے پرہیز کرنا چاہئے، پرانا مرض پھر عود کر آیا ہے۔

گاڑی میں کھڑکی کی طرف سے شمالی ہوا فرّاٹے بھرتی ہوئی اندر داخل ہو رہی تھی۔ درختوں کے قطار کے سامنے گھومتے، کبھی آنکھیں بند کرتے اور کھولتے سے رحمان کو گاڑی بالکل ایک پنگورے کی طرح آگے پیچھے جاتی ہوئی معلوم ہوتی تھی۔ دو تین اسٹیشن ایک اونگھ سی میں نکل گئے۔ جب وہ کرنال سے ایک دو اسٹیشن ورے ہی تھا، تو اس کی آنکھ کھل گئی۔ اس کی سیٹ کے نیچے سے گٹھڑی اٹھا لی گئی تھی۔ صرف اس کے اپنے گذارے کے لئے تندل اور چادر کے پلّو میں بندھے ہوئے مکّی کے بھٹّے رہ گئے تھے، یا اس کے پھیلے ہوئے پاؤں میں گڈیرا کھڑا تھا۔

رحمان شور مچانے لگا۔ اس ڈبّے میں ایک دو اچّھی وضع قطع کے آدمی اخبار پڑھ رہے تھے۔ بڈّھے کو یوں سیخ پا ہوتا دیکھ کر(۱۷)، چلّائے ـــــ مت شور مچا، اے بڈّھے! مت غل کر۔ لیکن رحمان بولتا چلا گیا۔ اس کے سامنے ایک بٹی ہوئی مونچھوں والا کانسٹبل بیٹھا تھا۔ رحمان نے اسے پکڑ لیا، اور بولا ـــــ تو نے ہی میری گٹھڑی اٹھوائی ہے بیٹا...... ۔ کانسٹبل نے ایک جھٹکے سے رحمان کو پرے پھینک دیا۔ اس کھینچا تانی میں رحمان کا دم پھول گیا۔ بابو پھر بولے ـــــ تو سو کیوں گیا تھا بابا! تو سنبھال کے رکھتا اپنی گٹھڑی کو، تیری عقل چرنے گئی تھی(۱۸) بابا؟

رحمان اس وقت ساری دنیا کے ساتھ لڑنے کو تیّار تھا۔ اس نے کانسٹبل کی وردی پھاڑ ڈالی۔ کانسٹبل نے گڈیرے کا لٹّھا کھینچ کر رحمان کو مارا۔ اسی اثنا میں ٹکٹ چیکر داخل ہوا۔ اس نے بھی خوش پوش لوگوں کی رائے کا پلّا دیکھ کر رحمان کو گالیاں دینا شروع کیا، اور رحمان کو حکم دیا کہ وہ کرنال پہنچ کر گاڑی سے اتر جائے، اسے ریلوے پولیس کے حوالے کیا جائے گا۔ چیکر کے ساتھ لڑائی میں ایک لات رحمان کے پیٹ میں لگی، اور وہ فرش پر لیٹ گیا۔

کرنال آ چکا تھا۔ رحمان، اس کی چادر اور گڈیرا پلیٹ فارم پر اتار دیے گئے۔ گڈیرے کی لٹھ جسم سے علیحدہ خون میں بھیگی ہوئی ایک طرف پڑی تھی اور

مکّی کے بھٹّے، کھلی ہوئی چادر سے نکل کر، فرش پر لڑھک رہے تھے۔

رحمان کے پیٹ میں بہت چوٹ لگی تھی۔ اسے اسٹریچر پر ڈال کر کرنال کے ریلوے ہسپتال میں لے جایا گیا۔

جینا، سانتا، علی محمّد، جینا کی ماں..... ایک ایک کر کے رحمان کی نظروں کے سامنے سے گذرنے لگے۔ زندگی کی فلم کتنی چھوٹی ہوتی ہے! اس میں بہ مشکل تین چار آدمی اور ایک دو عورتیں ہی آ سکتی ہیں۔ باقی مرد عورتیں بھی آتی ہیں۔ لیکن ان میں سے کچھ بھی تو یاد نہیں رہتا۔ جینا، سانتا، علی محمّد اور جینا کی ماں ..... یا کبھی کبھار ان ہی چند لوگوں کے لئے کشمکش کے واقعات ذہن میں تازہ ہو جاتے ہیں، مثلاً گڈیرا پلیٹ فارم پر پڑا ہوا اور مکّی کے لڑھکتے ہوئے بھٹّے؛ جنہیں خلاصیوں، واچ مینوں، سگنل والوں کے آوارہ چھوکرے اٹھا اٹھا کر بھاگ رہے ہوں اور ان کے کالے کالے چہروں میں سفید سفید دانت بالکل اسی طرح دکھائی دیں، جیسے اس تاریک سے پس منظر میں ان کی ہنسی، ان کے قہقہے ..... یا دور کوئی پولیس مین اپنی ڈائری میں چند ضروری و غیر ضروری تفاصیل لکھ رہا ہو ——
پھر لات ماری .....
ایں! یہ نہیں ہو سکتا ..... اچّھا، پھر لات ماری .....
اور پھر .....
پھر ہسپتال کے سفید بستر —— کفن کی طرح منہ کھولے ہوئے چادریں، قبروں کی طرح چارپائیاں، عزرائیل نما نرسیں اور ڈاکٹر .....

رحمان نے دیکھا، اس کی تھیلوں والی چادر ہسپتال میں اس کے سرہانے پڑی تھی۔ یہ بھی وہیں چھوڑ آئے ہوتے —— رحمان نے کہا —— اس کی مجھے کیا ضرورت ہے؟ اس کے علاوہ رحمان کے پاس کچھ بھی نہ تھا۔ ڈاکٹر اور نرس اس کے سرہانے کھڑے ہو لحظہ لٹّھے کی سفید چادر کو منہ کی جانب کھسکا دیتے

تھے ..... ۔ رحمان کو قے کی حاجت محسوس ہوئی ۔ نرس نے فوراً ایک چلمچی بیڈ کے نیچے سرکا دی ۔ رحمان قے کرنے کے لئے جھکا اور اس نے دیکھا ، کہ اس نے اپنے جوتے بدستور جلدی سے چارپائی کے نیچے اتار دئے تھے ، اور جوتے پر جوتا چڑھ گیا تھا ۔ رحمان ایک میلی سی ، سکڑی ہوئی ہنسی ہنسا ، اور بولا —— ڈاکدر جی ! مجھے سفر پہ جانا ہے ۔ آپ دیکھتے نہیں ، میرا جوتا جوتے پر کیسے چڑھ رہا ہے ؟

ڈاکٹر جواباً مسکرا دیا ، اور بولا —— ہاں بابا ! تو نے بڑے لمبے سفر پہ جانا ہے ..... پھر رحمان کے سرہانے کی چادر ٹٹولتے ہوئے بولا —— لیکن تیرا زادِ راہ کتنا نا کافی ہے بابا ؟ یہی فقط تندل اور اتنا لمبا سفر ؟ ..... بس جیبنا ، جیبنا کی ماں ، ساحقا اور علی محمّد ، یا وہ افسوس ناک واقعہ .....۔

رحمان نے زادِ راہ پر اپنا ہاتھ رکھ دیا (۱۹) اور ایک بڑے لمبے سفر پہ روانہ ہو گیا ۔

"raḥmaan kee juutee"

Footnotes

(1) hunger was troubling him very much; he was extremely hungry.

(2) squatting on the cot.

(3) In old age hunger becomes young; Older people have great appetites.

(4) One of Rahman's shoes had fallen across the other (superstitiously thought to signify an impending journey).

(5) and in his confusion he had cast his vote in favor of some other member.

(6) (a) Because of the hockey game, he had risen in the eyes of the Company Commander.

(b) But after that he had risen so much in his own eyes.....

(7) that he could not see Jina beneath his feet; that he considered Jina far below him; that he considered himself much too good for Jina.

(8) He knows only as much English as there is distance from here to Gohana (the nearest town); He knows very little English.

(9) I should become clay; I should be as quiet as a lump of clay.

(10) But from the silence of Rahman the old woman took the opposite meaning; But the old woman misinterpreted Rahman's silence.

(11) Having raised his neck, he will gaze at me; He will raise his head and gaze at me.

(12) But without the arrival (of death) no one dies; Unless one's time is up one does not die.

(13) Won't the little one's blood be stirred (by the sight of a blood relation)?; Won't the little one recognize me because of our kinship?

(14) When I have my "thou, thou-I, I" (altercation) with the tilangaa , I will speak to him in a straightforward manner; I will speak frankly with the tilangaa when we argue.

(15) Isn't it possible that only to keep his heart she might appear delighted to get these things?; Might she not seem delighted to get these things just to please him?

(16) Last night the meat had reawakened the devil in his stomach; Last night the meat had caused his stomach trouble to return.

(17) Seeing the old man rearing up on his hind legs; Seeing the old man getting very angry.

(18) Had your mind gone out to graze?; Were you out of your head?

(19) Rahman put his hand on (his) provisions for the journey (in order to safeguard them); Rahman placed his hand on his bundle.

****

Exercises

1. Give suitable synonyms for the underlined words and phrases (making any changes necessary in sentences).

۱۔ جینا کی ماں! کھانا نکال دے بس جھٹ سے۔

۲۔ وہ چالیس سال سے اپنے ہاتھ دوپٹے سے پونچھتی آئی تھی، اور

رحمان قریب قریب اتنے ہی عرصے سے خفا ہوتا آیا تھا۔

۳۔ لیکن آج یک لخت وہ اس وقت بچانے والی عادت کو سراہنے لگا تھا۔

۴۔ سوئے اتفاق رحمان کی نگاہ اپنے جوتوں پر جا تھمی۔

۵۔ دو پیسے ڈبل کا تو نیل ہی لگ گیا ہے تیرے کپڑوں کو۔

۶۔ لیکن بعد میں وہ اپنی ہی نظروں میں اتنا بلند ہو گیا تھا،

کہ جینا اسے پاؤں تلے نظر نہ آتی تھی۔

۷۔ اس کی ایک وجہ اور بھی تھی۔

۸۔ شاید میں تمہارے یا ساتھے یا کسی اور نیک بخت کے پاؤں کی خیرات

بچ رہا۔

۹۔ اسی اثنا میں ٹکٹ چیکر داخل ہوا۔

۱۰۔ یہی فقط منزل اور اتنا طویل سفر؟

۱۱۔ ڈاکٹر اور نرس اس کے سرہانے کھڑے ہر لحظہ لٹھے کی سفید چادر کو

منہ کی جانب کھسکا دیتے تھے۔

۱۲۔ مثلاً گڈیرا پلیٹ فارم پر پڑا ہوا ہے۔

۱۳۔ رحمان شور مچانے لگا۔

2. Fill in the blanks.

۱- رحمان نے گھاٹ پر چوکڑی ——۔

۲- رحمان کا ایک جوتا دوسرے جوتے پر —— گیا تھا۔

۳- تب ہی تو یہ جوتا جوتے سے —— نہیں ہوتا۔

۴- اور اس نے گھبرا کر پرچی کسی دوسرے ممبر کے —— میں دے دی تھی۔

۵- جب ملنے کا خیال ہی اس قدر تسکین —— تھا، تو پھر ملنا کیسا ہوگا!

۶- آج اس نے خلاف —— گائے کا گوشت پکایا تھا۔

۷- تو مجھے مارنے پہ —— ہوئی ہے، جینا کی ماں!

۸- لیکن رحمان کی خاموشی سے بڑھیا نے الٹا ہی —— لے لیا۔

۹- بڑھیا کے سوچنے کا ڈھب بھی —— تھا۔

۱۰- کتنا ذائقے —— گوشت پکایا ہے اس نے!

۱۱- نیز کل کی مرغّن —— سے اس کے پیٹ میں پھر کوئی —— واقع ہو گیا تھا۔

۱۲- جیسے پاگل کے —— میں واہمہ بس جاتا ہے۔

۱۳- بڑھیا کا خیال تھا کہ ان غزلوں میں سے رحمان کا —— راہ بھی
ہو جائے گا، اور بیٹی کے لئے —— بھی۔

۱۴- جس کے —— پوست سے وہ خود ہی بنا ہے۔

۱۵- وہ زبان کے طویل —— کے بجائے، آنکھوں سے اس بات کا —— کر دے گا،
کہ اس نے بڑے کڑے —— دیکھے ہیں۔

۱۶- اور کیا ننّھے کا لہو جوش —— سے رہ جائے گا؟

۱۷- رحمان نے ملائی کا بند و —— کیا۔

۱۸- ہوا اور گاڑی دونوں فرّاٹے —— رہی تھیں۔

۱۹- ڈبّے میں ایک دو اچّھی —— قطع کے آدمی اخبار —— رہے تھے۔

۲۰- بس جینا، جینا کی ماں، ساحقا اور علی محمّد، یا پھر وہ افسوس ——
واقعہ۔

3. Write the following sentences in the Urdu script.

(1) paar saal bhii rahmaan koo zilaa kacehrii jaanaa paRaa thaa.

(2) us kee zehn mẽẽ us saal kaa safar ɔɔr juutõõ kii kartuut acchii tarh see mahfuuz thii.

(3) hoonee vaalee mimbar kaa kooii qusuur na thaa.

(4) us nee eek khulii huii rassii koo aadatan ghisaa kar kaaT diyaa.

(5) alii mohammad eek vajiih nɔɔ javaan thaa.

(6) sulh kee dinõõ mẽẽ voo baRee jooš-o-xarooš see haakii kheelaa kartaa thaa.

(7) iraaq mẽẽ rašiid alii bohat taaqat pakaR cukaa thaa.

(8) baRaa haasid hɛɛ suubee daar.

(9) is arsee mẽẽ jiinaa kii mãã khaanaa lee aaii.

(10) buRhiyaa pehlee rooz see hii ehtijaaj kii mutavaqqee thii.

(11) kisii niim šauurii ehsaas see us nee apnee juutee uThaaee ɔɔr unhẽẽ alahidaa alahidaa kar kee Daal diyaa.

(12) us kee alaavaa suukhii makkii kee bhuTTee thee.

(13) ishaaq, šoɛɛb vaǧɛɛraa naam too ab qasbaatii loogõõ nee rakhnee šuruu kar diee thee.

(14) gaaõõ kee loogõõ kaa yehii ǧariibii daavaa hootaa hɛɛ.

(15) buRhiyaa nee usee allaa kee havaalee kiyaa.

(16) us kaa puraanaa maraz phir uud kar aayaa.

(17) DaakTar javaaban muskuraa diyaa.

4. Give the high-Urdu plural forms for the underlined singular nouns and make other necessary changes in the sentences.

4.1 Examples.

۱- یہ مستقبل قریب میں کسی سفر پر جانے کی علامت تھی۔

یہ مستقبل قریب میں کسی سفر پر جانے کی علامات تھیں۔

۲- قصبہ ، شہر سے چھوٹا اور گاؤں سے بڑا ھوتا ھے۔

قصبات ، شہر سے چھوٹے اور گاؤں سے بڑے ھوتے ھیں۔

۳- کیا جینا میرا تحفہ پسند کرے گی؟

کیا جینا میرے تحائف پسند کرے گی؟

۴- پولیس مین اپنی ڈائری میں واقعے کی تفصیل لکھ رہا تھا۔

پولیس مین اپنی ڈائری میں واقعات کی تفاصیل لکھ رہا تھا۔

4.2 Exercise.

۱- مسز ہولٹ سے علی محمدؐ کو کیا انعام ملا؟

۲- گوشت صرف قصبے میں ملتا ہے۔

۳- یا کبھی کبھار ان ہی لوگوں کے لئے کشمکش کا واقعہ ذہن میں تازہ ہو جاتا ہے۔

۴- یہاں کے اخبار میں ہندوستان کے حالات کی تفصیل نہیں ہوتی۔

۵- جبینا، باپ کا تحفہ پا کر، باغ باغ ہو گئی۔

۶- کون کس کی حاجت پوری کرتا ہے؟

۷- میں نے امریکا میں آم کا باغ نہیں دیکھا۔

۸- امیر اور غریب سب ایک ساتھ ہی کھڑے ہو کر نماز پڑھتے ہیں۔

۹- ایسا انقلاب ہزاروں سال کے بعد ہی آتا ہے۔

۱۰- گونڈ نے اس معاملے کی پولیس والوں کو خبر کر دی۔

5. Use the idiomatic Delhi-Urdu forms for the underlined colloquial Punjabi-Urdu forms.

5.1 Examples.

۱- اللہ جانے ، میں نے کون سے سفر پہ جانا ہے ؟

اللہ جانے ، مجھے کون سے سفر پہ جانا ہے ؟

اللہ جانے ، مجھ کو کون سے سفر پہ جانا ہے ؟

۲- بڈّھے! تو نے جینا کو ملنے جانا ہے۔

بڈّھے! تجھے جینا سے ملنے جانا ہے۔

بڈّھے! تجھ کو جینا سے ملنے جانا ہے۔

۳- کہئے ، آپ نے کب جانا ہے ؟

کہئے ، آپکو کب جانا ہے ؟

5.2 Exercise.

۱- ہاں ہاں! کل میں نے اپنی اکلوتی بچّی کو ملنے انبالے جانا ہے۔

۲- اس نے کرنال اسٹیشن پر گاڑی سے اترنا ہے۔

۳- کیا انھوں نے بصرے چلا جانا ہے؟

۴- وہ اپنی لاڈلی بیٹی کو ملے گا ، اور پھر تلنگوں کے سردار علی محمّد کو۔

۵- ہاں بابا! تو نے بڑے لمبے سفر پہ جانا ہے۔

۶- جینا کی ماں نے اپنی لڑکی کو پوچھا ، کہ تم کل کب جاؤ گی؟

۷- اس نے اپنی بہت کام کرنا ہے۔

۸- ہم نے اپنے کسی دوست کو ملنے جانا ہے۔

۹- بتاؤ! تم نے کھانا کب کھانا ہے؟

۱۰- آپ نے بچّے کے لئے گڈیرا کب خریدنا ہے؟

۱۱- بابا! تو نے کہاں جانا ہے؟

۱۲- جینا کی ماں نے گوشت بنانا ہے۔

۱۳- کہئیے! آپ نے کون سا فلم دیکھنا ہے؟

6. Answer the following questions in Urdu.

۱- جوتے پر جوتا چڑھنا کس بات کی علامت ہے؟

۲- پچھلے سال ضلع کچہری سے واپسی پر رحمان کو پیدل کیوں آنا پڑا؟

۳- علی محمّد کون تھا؟ اس کی ترقّی کا کیا سبب تھا؟ جینا اسے پاؤں تلے کیوں نظر نہ آتی تھی؟

۴- مولداتِ سودا کا کیا مطلب ہے؟ اس میں کون کون سی چیزیں شامل ہیں؟

۵- گائے کا گوشت دیکھ کر رحمان کیوں خفا ہو گیا؟

۶- رحمان نے کس طرح پنشن پائی؟

۷- بوڑھا رحمان اٹھالے جانے کے خیال سے کیوں گھبراتا تھا؟

۸- جینا کی ماں نے شوہر کے زادِ راہ ، اور بیٹی کی سوغات کے لئے کیا کیا تیّار کیا؟

۹- رحمان نے راستے میں اسحاق کے لئے کیا کیا چیزیں خریدیں؟

۱۰- رحمان ایک ہی وقت میں ننّھے کو بڑا اور بڑے کو ننّھا کیوں دیکھنا چاہتا ہے؟

۱۱- بڈّھے رحمان کا سامان کہاں اور کس حالت میں چوری کیا گیا؟

۱۲- چوری کا الزام رحمان نے کس پر عائد کیا؟

لڑائی میں خوش پوش لوگوں اور ٹکٹ چیکر نے اس کا ساتھ کیوں نہ دیا؟

کرنال اسٹیشن پر اسے ٹرین سے کیوں اتار دیا گیا؟

۱۳- ہسپتال میں جوتے پر جوتا چڑھا دیکھ کر رحمان نے ڈاکٹر سے کیا کہا ، اور ڈاکٹر نے اسے کیا جواب دیا ؟

"raḥmaan kee juutee"

Vocabulary

aa Tapaknaa, aan Tapaknaa	to come unexpectedly, to come uninvited, to make a sudden appearance
aaxrii (a)	last, latter, final, extreme
aavaarah (a)	vagabond, characterless
aavaarah chookraa (m)	a street urchin
ubhaarnaa	to raise up, to excite, to unfold, to clear
as̱naa (m)	interval, middle, interim period
as̱naa mẽẽ (adv.)	meanwhile, during the interval
ujlaa (a.m)	white, clean, clear, bright
iḥtijaaj (m)	protest
iḥtiyaaṭ (f)	care, caution
iḥsaas (m)	feeling, sentiment, perception
adaa (f)	grace, charm, expression, fascination, blandishment
udhaar leenaa	to borrow
iraadah (m)	will, intention, aim, purpose
isḥaaq (m)	Is-haq
iẓhaar (m)	disclosure, demonstration, display
afsar (m)	an officer
afsoos naak (a)	regretful
iklɔɔtaa (a.m)	the only (child), sole, single
ulTaa (a.m.)	reversed, opposite

ulTaa maṭlab leenaa	to misunderstand, to misapprehend
al-lah_(m) (al ilāh) [allaa]	the Supreme Being, God
in?aam (m)	prize
in?aamaat	pl. of in?aam
unglii (f)	a finger
ookhlii (f)	a mortar
ũũcaa uThnaa	to be elevated, exalted
ũũgh, uungh (f)	drooping of the eyelids, nodding, sleepiness
ũũghnaa	to doze, nod, feel sleepy
eeRii (f)	the heel
ɛɛm Tii (f)	the Military Transport
baabuu (m)	a noble man, a title of respect, a clerk
baaǧ baaǧ hoonaa	to rejoice greatly, to be delighted
baTnaa	to twist, to form by twisting; to divide
bacpan (m)	childhood
badɔɔlat (adv.)	by the grace of, under the auspices, by means of, owing to, through
baraabar (adv.)	regularly, constantly, always, without exception
bism-e-allah (f) (bi-ism-e-al-ilāh) [bismillaa]	in the name of God (This phrase is generally used by Moslems at the beginning of all actions or work)
baǧɛɛr	without
buland hoonaa	to rise up, exalted
bhuTTaa (m)	ear of Indian corn

bahar ḥaal (adv.)	at any rate, anyhow, in any case
bhubhuraahaT (f)	crispiness
bhigoonaa	to put in water
bhalaa cangaa (a.m)	hale and healthy
bhuuk (f)	hunger
byaahnaa	to marry, to give in marriage
bee iḥtiyaaṭii (f)	carelessness
bee iḥtiyaaṭii see	carelessly
bee ixtiyaar (a)	helpless
(adv.)	helplessly, involuntarily, without control
bɛ̃ɛ̃gan (m)	brinjal
paa (m)	a foot, leg
paar saal	last year
paagal (m.f.)	a mad man, a mad woman, an idiot
paaõõ talee	under (one's) feet
papoolnaa	to clump
patlaa (a.m)	delicate, feeble, lean, thin
paraayaa (a.m)	of another
paraayaa peeT (m)	(one) not related by blood
parcii (f)	a slip of paper, a vote
parcii Daalnaa	to cast a vote
parviin (m)	the Pleiades, cluster of small stars
(a)	fortunate, prosperous
parheez karnaa	to avoid, to abstain from, to keep aloof
paree (adv.)	on the other side, beyond, away

paRoosan	fem. of paRoosii.
paRoosii (m)	a neighbour
past (a)	mean, low, lower
pašm (f)	hair
palak (m.f)	eyelashes
pallaa (m)	one side of a pair of scales
palluu (m)	one side of any thing, border of a garment, an edge of sheet
pinšan (f)	pension
pinguuraa (m)	a cradle
pootaa (m)	son's son
pεεdal (a)	on foot
peešaab (m)	urine, piss
peeštar	before
taazah (a)	fresh
taḥaaif	pl. of tuḥfah
taḥšiil (f)	collecting, collection of revenue, office of the tax-collector
tuḥfah (m)	a present
taxtii (f)	a thin plate of silver with a word of the Koran (or name) inscribed on it worn hung from the neck of children; a small board for children to write on
taaraaii (f)	moisture, moist land, humidity
tarbuuz (m)	a water-melon
taraqqii (f)	promotion, advancement, rise, elevation, increase, improvement, development
tark karnaa	to give up

taskiin (f)	consolation, soothing, satisfaction
taskiin dih (a)	satisfying, soothing, consolatory
tas̈diiq (f)	confirmation, attestation
tafaas̈iil	pl. of tafs̈iil
tafs̈iil (f)	detail, explanation
taqsiim-e-inʔaamaat	prize distribution
takliif (f)	trouble, difficulty, ailment, inconvenience, hardship
tillii (f)	the spleen, enlargement of spleen
tilangaa (m)	a community, a member of that community
tulnaa	to be weighed, to be drawn up in battle array
tundul (m)	barley parched and ground and made into paste
tuu tuu mɛ̃ɛ̃ mɛ̃ɛ̃	(Lit. thou thou, I I), wrangling, quarrel, loud argument, altercation
tahmad (m)	cloth which is worn round the waist
thaamnaa	to support, to hold, to check
thakaavaT (f)	weariness, exhaustion
tiirgii (f)	darkness, obscurity, gloom
teel (m)	oil
Tapaknaa	to leap, to drop, to fall down
TaTcolnaa	to search by feeling, to grope, to examine
Tuk Tuk deekhnaa	to gaze at, to stare at
Thas (a)	solid, crammed

jagaanaa	to arouse, to rouse from sleep, to cause to reappear
jild (f)	the skin
javaab^{an}	in answer
jooš maarnaa	to flow or boil up
jooš-o-xarooš (m)	great emotion, excitement, enthusiasm
jɔɔ (m)	barley
juutaa (m)	a pair of shoes, a shoe
juutee par juutaa caRhnaa	(lit. to come one shoe on the other), an omen of an impending journey
juuhaR (f)	a pit or tank in which rain water collects, a pond; a yoke attached to a plough
jhaT see	quickly
jhaTkaa (m)	a jerk, a violent pull
jhunjhunaa (m)	a child's rattle, a string of small bells
jiinaa (f)	Jina
caadar (f)	a large piece of cloth or sheet
caarpaaii (f)	a cot
cããdii (f)	silver
capraasii (m)	a peon, an orderly
ciTTaa (a.m)	spotted, white, bright
ciTTee baalõõ vaalaa (a.m)	gray-haired, elderly
caTxaaraa (m)	a clack made by the tongue against the palate on tasting something pleasant or pungent
carxii (f)	a spinning wheel
ciknaa (a.m)	fat, greasy, smooth, glossy

cilamcii (f)	a washhand basin of metal
cand (a)	a few, a little
cãdiyaa (f)	scalp, head
cookRii jamaanaa	to squat
cuumnaa	to kiss
chaach (f)	butter milk
chããTnaa	to select, to choose, to sort out, to prune
chuTkaaraa (m)	excemption, rescue, liberation, salvation
chookraa (m)	a boy
ḥaajat (f)	want, necessity, need
ḥaasid (a)	envious, jealous
ḥaq (m)	truth, equity, right, claim, lot
ḥaq mẽẽ	in favor (of)
ḥavaalah (m)	charge, custody, care, reference
xaaṭir (f)	mind, thought, sake, respect, hospitality
xaamoošii (f)	silence
xafaa hoonaa	to get angry
xalaašii (m)	a native sailor, a railway servant
xilaaf (m) (a.,prep.)	opposition, hostility against, in opposition, contrary to
xvaahiš (f)	wish, desire
xu(u)š pooš (a)	well-dressed
xεεraat (f)	charity, alms
daaxil hoonaa	to enter

daamaad (m)	son-in-law
daanah paanii (m)	food and drink
dããt (m)	tooth
daaimii (a)	eternal, continual, permanent
darjan (m.f)	dozen
da?v^{aa} (m)	calim, law suit
daqyaanuusii (a)	old
dikhnaa	to be seen, to be found, to appear
dam phuulnaa	to pant, to gasp
doo paTTaa (m)	a cloth thrown loosely over the head and shoulders by women, a big scarf
dahaknaa	to burn, to blaze up, to be consumed with grief
deekh bhaal (f)	looking after, searching, checking
DaakTar (m)	a doctor
Daakdar (m)	DaakTar
Dabal (a)	double, full
Dhããc (m)	a skeleton
Dhab (m)	style
raajindar singh beedii (m)	Rajindar Singh Bedi
raah (f)	road, journey, way
raaee (f)	opinion
raḥmaan (m)	Rahman
rassii (f)	rope, string, cord
ravaanah hoonaa	to proceed, to set out, to be sent
rooj	rooz

rahaa sahaa (a.m)	left out, remainder
zaad (m)	food, provisions
zaad-e-raah	necessities for the trip, a stock of provisions for travelling, food and toilet articles
zaanuu (m)	the thigh, the knee
saahaq (m)	isḥaaq
sapeedii (f)	whiteness
sataanaa	to tease, to trouble to oppress
sajjii (f)	a kind of mineral, impure carbonate of soda
sac muc (a) (adv.)	true, real truly, really
sar hilaanaa	to nod
saraahnaa	to praise, to commend, to approve
sarkaanaa	to push, to remove from its place, to shift
sarhaanaa (m)	the head of a bedstead or tomb
safar (m)	journey, travel
sukaRnaa	to shrink, to tighten
sukuun (m)	quietude, peace, rest, tranquillity
sulagnaa	to be kindled, to be inflamed, to burn without flame
suluuk (m)	behaviour, manner
sɔɔdaa (m)	madness, ambition, melancholy, monomania
sɔɔğaat (f)	gift
suu-e-ittifaaq, suuee ittifaaq	by chance

siyaahii (f)	blackness, darkness black ink
siyaahii maail (a)	blackish
siix (f)	a long thin piece of iron
siix paa hoonaa	to rise up on the hind legs, to be very angry
sɛɛluulaaiD (m.f.)	celluloid
šuʔuur (m)	sense, discretion, wisdom
šuʔuurii (a)	conscious
šikaayat (f)	complaint, lamentation, accusation
šimaal (m)	the north
šimaalii havaa (f)	the north wind
šamlah (m)	the end of the turban hanging behind
šoor (m)	noise, outcry, disturbance
šoor macaanaa	to make a noise, to kick up a row
šiišah (m)	a mirror
šɛɛṭaan (m)	the devil
peeT kaa šɛɛṭaan	the devil in (his) stomach
s̈əfaayaa karnaa	to consume, to destroy, to ruin
s̈ulḥ (f)	peace, treaty
s̈uubah (m)	a province
s̈uubee daar (m)	a military commissioned officer
z̈ilaʔ (m)	a district
z̈ilaʔ kacihrii (f)	the district court
ṭaarii hoonaa	to prevail over, overcome, overshadow
ṭaaqat pakaRnaa	to become powerful

ṭaviil (a)	long
ʔaadat (f)	habit, manner
ʔaadat^{an} (adv.)	habitually, from habit
ʔarabii (a)	Arabic
ʔizraaiil (m)	the name of the angel of Death
ʔizraaiil numaa (a)	appearing like the angel of Death
ʔaql carnee jaanaa	to be at one's wit's end, to go wool-gathering
ʔalaamat (f)	symbol, sign, symptom
ʔalaavah (adv.)	besides, moreover, in addition to
ʔalaḥidah (a)	separate, apart
ʔalii muḥammad (m)	Ali Mohammad
ʔalɛɛḥidah	ʔalaḥidah
ʔuud karnaa	to reappear, to return, to relapse
ǧariibii (a) (f)	fit for the poor poverty
ǧiz̲aa (f)	food, diet
ǧul (m)	noise
ǧunuudgii, ǧunuudagii (f)	sleepiness, drowsiness
farraaTee bharnaa	to run a race, to fly
qaaruurah (m)	urinal
qaaim, qaayam (a)	standing, firm, stationary, lasting, fixed
qabr (f)	grave
qubuuliyat (f)	acceptance
qasam (f)	an oath, promise
qašbaatii (a)	belonging to a qašbah , urban

qašbah (m)	a small town
qušuur (m)	fault, mistake, sin, incorrectness
qiššah (m)	story
qata? (f)	shape, form, style, fashion
qaɛ (f)	vomitting, vomit
kapRaa lattaa (m)	clothes
kaccaa pakkaa (a.m)	half-cooked, hazy, not firm vague
kacihrii (f)	a court
kiraayah (m)	fare, rent, hire
kartuut (m.f)	conduct, action
kaRaa (a.m)	difficult, hard
kašmakaš (f)	conflict
kamaaii (f)	earnings, gain, acquiring, work
kamjoor	kamzoor
kamzoor, kam zoor (a)	weak, feeble, thin
kuuTnaa	to beat, thrash, hammer
khaataa piitaa (a.m) (m)	well to do a well-off person
khaatir	xaaṭir
khaddar (m)	hand-woven coarse cloth
kharaa (a.m)	good, excellent, unalloyed
kharii kharii (a.f)	straight forward
kharii kharii sunaanaa	to speak in a straight forward manner
khiskaanaa	to move away, to draw back
khilaanaa	to cause to play, to amuse to play with

khoonaa	to loose, to get lost
khĩĩcaa taanii (f)	stretching and straining, struggle, scuffle
kiiRaa (m)	an insect, a worm
gaalii (f)	an abuse, abusive language
gaaee (f)	cow
gaThRii (f)	a small bundle, a bag, packet
gadlaa (a.m)	muddy, dirty, turbid
gadlaahaT (f)	muddiness, turbidness
gaDeeraa (m)	a child's gocart
gariibii	ǧariibii
guR (m)	raw sugar, molasses
guz̲aarah (m)	living, subsisting, abode
gilihrii (f)	a squirrel
gãvaar (a)	rustic, peasant
guudaR (f)	rags, old tattered clothes
goodii (f)	lap, bosom
goošt poost (m)	flesh
goohaanah (m)	the name of a little town
ghabraanaa	to be confused, to be embarrased, to be confounded
ghisaanaa	to cause to be rubbed, to thrust in, to force in
ghungruu, ghunghruu (m)	the ankles, a small bell
ghoolnaa	to dissolve, melt
laaDlaa (a.m)	dear, darling
laazmii (a)	compulsory, necessary
laTh (m.f)	a stick, cudgel, beam

laTThaa (m)	a beam, rafter, stick, cudgel
laTThaa (m)	white cotton cloth
laḥẓah (m)	the twinkling of an eye, a moment, a minute
luRhaknaa	to roll, to fall of
lafẓ (m)	a word
luqmah (m)	a morsel, a mouthful, a bit
lahuu jooš maarnaa	to be excited upon seeing one who is related by blood
mutamannii (a)	desirous
mutavaatir (adv.)	continuously, successively
mutavaqqi? (a)	expecting, expectant, hopeful
maTyaalaa (a.m)	consisting of mud and clay, clayey, dusty
mas̱al^{an} (adv.)	for example
majaa	mazah
majbuur karnaa	to compel, to force, to render helpless
maḥsuus (a)	felt, perceived, perceptible
maḥfuuẓ (a)	kept safæ, preserved, commited to memory
maraž (m)	sickness, disease
muraǧǧan ǧiz̲aa (f)	rich food
marii miTTii kaa hoonaa	to be senseless, to be dead
masuur kii daal (f)	lentil
mustaqbil (m)	future
mustaqbil qariib	near future
ma?muul (m)	habit, practice, established custom

makkii (f)	Indian corn, maize
mannaa	to be soothed, to be pacified
mɔɔlid (m)	generator, producer; generating, producing; nativity, birth place
mɔɔlidaat	pl. of mɔɔlid
mɔɔlidaat-e-sɔɔdaa (m)	heat-producing things
mayassar (a)	attained, obtained, available
mɛɛlaa (a,m)	dirty, soiled, nasty
naa šukraa (a.m)	ungrateful, discontented
naa kaafii (a)	insufficient
nazlah (m)	catarrh
nišf (a)	half
naqš (m)	defect
nikhaTTuu (a)	idle, unearning, good-for-nothing
nalaaii (f)	the act of removing weeds from the cultivated land
numaa (a)	showing, appearing, like
numaayãã (a)	evident, prominent
navaasaa (m)	a daughter's son, maternal grand-son
nɔɔšaadar (m)	sal-ammoniac
nyaaraa (a.m)	apart, separate, distinct, extraordinary
nyaaraa hoonaa	to become separated
niiz	also, moreover, even, likewise
niil (m)	indigo, blue
niil gũũ, niilgũũ (a)	bluish
niim (a)	half, middle

niim šaʔuurii (a)	semi-conscious, half-conscious
neek baxt (a)	fortunate
vaabastah (a)	bound together, connected
vaapsii (f)	return, withdrawal
vaaqiʔ hoonaa	to happen, to occur, to be fall
vaahimah (m)	fancy, imagination, whim, suspicion, superstition
vajiih (a)	handsome
vardii (f)	uniform
varee (adv.)	on this or the near side
važaʔ (f)	condition, conduct, style
vağɛɛrah (adv.)	et cetera, and so forth, and others
vahm (m)	fancy, anxiety, suspicion, superstition
har cand (adv.)	even if, although, however, nevertheless, with all that
haraanaa	to defeat
humaknaa	to attempt to walk (as a child), to stretch forward, to assault
yaad daaš	yaad daašt
yaad daašt (f)	memory, a memorandum
yak laxt (adv.)	all of a sudden, altogether, entirely

****